58

بانی صوفی غلام محمد

سرینگر ٹائمز

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 278 | صفحات : 08 | ۹ اکتوبر ۲۰۲۶ بروز جمعۃ المبارک بمطابق ۲۶ ربیع الثانی ۱۴۴۸ | Friday 09th October 2026 | جلد نمبر 58

جیسوال مشق میں مصروف

رباڈا پہلے ٹیسٹ سے باہر

GST کونسل نے ٹیکس حکام کے گرفتاری کے اختیارات ختم کر دیے

عام جرمانے کی رقم 25ہزار روپے سے کم کر کے 10ہزار روپے

نئی دہلی/ اعلیٰ سطحی جی ایس ٹی کونسل نے جمعرات کو ٹیکس حکام کے گرفتاری کے اختیارات ختم کرنے اور قانونی کارروائی (استغاثہ) کے لیے حد کو پانچ گنا بڑھا کر 5 کروڑ روپے کرنے کی منظوری دی، جبکہ ٹیکس دہندگان کے لیے تیز رفتار اور بڑی حد تک خودکار (آٹومیٹڈ) ریفنڈز کا نظام متعارف کرایا۔ جی ایس ٹی کونسل کے 57ویں اجلاس میں کیے گئے فیصلوں کا اعلان کرتے ہوئے وزیر خزانہ نرملا سیتارمن نے کہا کہ کونسل نے عام جرمانے کی رقم 25,000 روپے سے کم کر کے 10,000 روپے کرنے کا فیصلہ بھی کیا ہے۔ جی ایس ٹی کونسل کی جانب سے منظور شدہ تبدیلیاں یکم اپریل 2027 سے نافذ العمل ہوں گی۔ کونسل نے 1/

مجھے اُمید ہے کہ جموں وکشمیر کی مالی پوزیشن کو مضبوط بنایا جائے گا

نئی دہلی میں نرملا سیتارمن کی صدارت میں GST کونسل سے وزیر اعلیٰ کا خطاب

نئی دہلی/ وزیر اعلیٰ مسٹر عمر عبداللہ نے نئی دہلی میں مرکزی وزیر خزانہ و کارپوریٹ امور نرملا سیتارمن کی صدارت میں جی ایس ٹی کونسل کی 57ویں میٹنگ میں شرکت کی۔ میٹنگ میں ملک بھر کے وزرائے اعلیٰ اور وزرائے خزانہ کے ساتھ ساتھ وزارت خزانہ حکومت ہند کے سینئر افسران بھی موجود تھے۔ کونسل نے جی ایس ٹی سے متعلق اہم مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا جس میں ریاستوں اور یوٹیز کی مالی صلاحیت کو مضبوط بنانے، محصولات کی وصولی کو بہتر بنانے اور متوازن مالیاتی وفاقیت کو آگے بڑھانے پر توجہ مرکوز رہی۔ جموں وکشمیر کے وزیر خزانہ کی حیثیت سے میٹنگ میں شرکت کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ مسٹر عمر عبداللہ نے امید کا اظہار /2

ہندوستانی فضائیہ کے جانبازوں کی بہادری اور عزم کو سلام/ وزیر اعظم

یوم فضائیہ کے موقعہ پر سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر قوم کے نام پیغام

نئی دہلی/ یو این آئی/ وزیر اعظم نریندر مودی نے جمعرات کو یوم فضائیہ کے موقع پر ہندوستانی فضائیہ کے جانبازوں کی بہادری اور عزم کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ 'ہندوستان کو اپنے فضائی جانبازوں پر فخر ہے۔ یوم فضائیہ کے موقع پر ہم اپنے آسمان کی حفاظت کے لیے ان کی بہادری اور عزم کو سلام پیش کرتے ہیں۔' یوم فضائیہ ہر سال 8 اکتوبر کو 1932 میں ہندوستانی فضائیہ کے قیام کی یاد میں منایا جاتا ہے۔ اس موقع پر فضائیہ کے اہلکاروں کی خدمات، قربانیوں اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو خراج عقیدت پیش کیا جاتا ہے۔ اس موقع پر بڑی تقریبات اور فضائی مظاہرے منعقد کیے جاتے ہیں، جن میں فضائیہ کی عملی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا جاتا ہے اور موجودہ سروس اہلکاروں، سابق فوجیوں اور ملک کی خدمت میں اپنی جان قربان کرنے والوں کو خراج پیش کیا جاتا ہے۔ سال 1932 میں برطانوی دور میں رائل انڈین ایئرفورس کے طور پر قائم کی گئی

اس فورس نے آزادی کے بعد اپنا موجودہ نام اختیار کیا اور اس کے بعد یہ ایک جدید اور جدید ترین ٹیکنالوجی سے لیس فوجی فضائی طاقت میں تبدیل ہوگئی۔ اس کی صلاحیتوں میں لڑاکا طیارے، نقل و حمل کے طیارے، ہیلی کاپٹر، بغیر پائلٹ کے نظام اور جدید فضائی دفاع و نگرانی کے آلات شامل ہیں۔ یوم فضائیہ ملک کے لیے اپنی جان قربان کرنے والے اہلکاروں کی قربانیوں کو یاد کرنے کا بھی موقع فراہم کرتا ہے۔ حاضر سروس افسران اور فضائی جانباز، سابق فوجی اور ان کے اہل خانہ روایتی طور پر ان تقریبات میں شریک ہوتے ہیں /3

جموں وکشمیر سٹی گیس ڈسٹری بیوشن (سی جی ڈی) پالیسی 2026ء کو نافذ کر دیا گیا

توانائی کے بنیادی ڈھانچے کو جدید بنانے کی سمت ایک اہم قدم/ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ

سرینگر/ یو این آئی/ جموں وکشمیر حکومت نے جموں وکشمیر سٹی گیس ڈسٹری بیوشن (سی جی ڈی) پالیسی 2026 کو نافذ کر دیا ہے، جس کے تحت تمام 20 اضلاع میں مرحلہ وار سی جی ڈی نیٹ ورک کی توسیع، مقررہ مدت میں سنگل ونڈو منظوری اور بڑے صنعتی علاقوں کو ترجیحی بنیاد پر گیس کنکشن فراہم کرنے کا انتظام کیا گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جمعرات کو پالیسی کے نوٹیفکیشن کو جموں وکشمیر میں صاف ایندھن تک رسائی بڑھانے، صنعتی مسابقت کو مضبوط بنانے اور توانائی کے بنیادی ڈھانچے کو جدید بنانے کی سمت ایک اہم قدم قرار دیا۔ ایک سرکاری ترجمان نے بتایا کہ وزراء کی کونسل کی منظوری کے بعد جاری کی گئی اس پالیسی میں ///4

رام بن میں Sumo گاڑی کو حادثہ، 2 مسافر ہلاک، باقی 7 زخمی

GMC اننت ناگ میں موجود 6 افراد میں سے 2 شدید زخمیوں کو مزید علاج کیلئے SKIMS بھیجا گیا

سرینگر/ جے کے این ایس/ رام بن ضلع کی پوگل پرستان تحصیل کے علاقے سیناتھ کے قریب بدھ کی رات گئے 9 افراد کو لے جانے والی ایک ٹاٹا سومو گاڑی حادثے کا شکار ہو گئی، جس کے نتیجے میں 2 افراد ہلاک اور 7 دیگر شدید زخمی ہو گئے۔ جے کے این ایس کے مطابق پولیس نے بتایا کہ ٹاٹا سومو گاڑی زیر رجسٹریشن نمبر JK14A-9715 بدھ کی رات تقریباً 10 بجے سیناتھ سے چنتھن کی طرف جا رہی تھی کہ سڑک سے پھسل کر گہری ڈھلوان میں جا گری۔ انہوں نے بتایا کہ اس حادثے میں ایک شخص موقع پر ہی ہلاک ہو گیا، جبکہ 8 زخمیوں کو ابتدائی طور پر پی ایچ سی اوکھرال منتقل کیا گیا /5

جموں وکشمیر بینک کا اپنے کھاتہ داروں کو محتاط رہنے کا انتباہ

اپنے Password کسی کے ساتھ شیئر نہ کریں، چاہے وہ ساتھی ہی کیوں نہ ہو

سرینگر/ ٹی ای این/ جموں وکشمیر بینک نے صارفین کو اپنی ڈیجیٹل سیکورٹی مضبوط بنانے کا مشورہ دیتے ہوئے بینک اکاؤنٹس، سرکاری نظام اور ذاتی معلومات کے لیے مضبوط اور منفرد پاس ورڈ استعمال کرنے کی ہدایت کی ہے۔ سائبر سیکورٹی آگاہی ماہ کے تحت جاری مہم کے دوران بینک نے صارفین سے کہا ہے کہ وہ کم از کم 12 حروف پر مشتمل پاس ورڈ بنائیں، جس میں حروف، اعداد اور خصوصی علامات شامل ہوں۔ بینک کے مطابق اس طرح غیر مجاز رسائی کے خطرے کو کم کیا جا سکتا ہے۔ بینک نے خاص طور پر اس بات پر زور دیا کہ مختلف اکاؤنٹس کے لیے ایک ہی پاس ورڈ استعمال نہ کیا جائے۔ اگر کسی ایک اکاؤنٹ کا پاس ورڈ کسی وجہ سے افشا ہو جائے تو یہی پاس ورڈ دوسرے اکاؤنٹس کے لیے استعمال ہونے کی صورت میں ان کی سیکورٹی بھی خطرے میں پڑ سکتی ہے۔ بینک نے صارفین کو یہ بھی /6

انڈین ایئرفورس کے 94ویں یوم تاسیس پر ائر چیف مارشل کا پیغام

"آپریشن سندور" کے دوران انڈین ایئرفورس کی زبردست کامیابی

سرینگر/ جے کے این ایس/ ایئر چیف مارشل اے پی سنگھ نے جمعرات کو پاکستان کے ساتھ ہونے والے فوجی تصادم کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ "آپریشن سندور کے دوران انڈین ایئرفورس کی کامیابی نے دنیا پر اس کی جنگی طاقت اور فضائی دفاعی صلاحیتوں کو واضح کر دیا۔ ہنڈن ایئربیس پر انڈین ایئرفورس کے 94ویں یوم تاسیس کی تقریبات کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے بھارتی فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل اے پی سنگھ نے کہا کہ اس تنازعے کے دوران پوری دنیا نے ملک کی فضائیہ کی جنگی طاقت اور اس کے فضائی دفاعی آپریشنز کا براہ راست مشاہدہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ ناقابل خطا، ناقابل تسخیر اور انتہائی درست کا جملہ محض ایک نعرہ نہیں بلکہ IAF کی طاقت اور عزم کا مظہر ہے ///7

کل سہ پہر کو اندھیرا چھا گیا، کئی علاقوں میں بجلی گل ہوئی اور آندھی چلی

اگلے دو دنوں میں پہاڑوں کے دامن میں بارش اور چوٹیوں پر برف باری

سرینگر/ کشمیر نیوز سروس کے مطابق کشمیر وادی کے اکثر علاقوں میں جمعرات کی شام تیز آندھی چلنے کے ساتھ ساتھ بارشوں کا سلسلہ شروع ہوا ہے جبکہ جنوبی کشمیر اور وسطی کشمیر کے بیشتر علاقوں سے ملنے والی اطلاعات کے مطابق تیز ہوائیں چلنے سے خوف و ہراس کی پھیل گیا ہے۔ مقامی لوگوں نے بتایا شام ہوتے ہی پورا اندھیرا چھا گیا ہے انہوں نے بتایا آندھی اس قدر تیز چلی ہے کہ پھلوں کو گرنے سے کسانوں کو نقصان پہنچا ہے انہوں نے بتایا کہ اسی کے ساتھ ہی بارشوں کا سلسلہ شروع ہوا ہے۔ ادھر محکمہ موسمیات سرینگر کی جانب سے جمعرات کو جاری کردہ ایک /8

ریاض (سعودی عرب) میں دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں

ریاض میں شاہ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ "دوبارہ بند" کر دیا گیا ہے

قاہرہ/ جمعرات کو سعودی عرب کے دارالحکومت ریاض میں کئی دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں، جن میں شہر کے بین الاقوامی ہوائی اڈے پر ہونے والا ایک زوردار دھماکہ بھی شامل ہے۔ یہ واقعہ مملکت کی جانب سے اس بیان کے ایک دن بعد پیش آیا جس میں کہا گیا تھا کہ وہاں ہونے والے ایک حملے میں ایک شخص ہلاک اور دیگر زخمی ہو گئے تھے۔ دھماکوں کی وجہ فوری طور پر معلوم نہیں ہو سکی اور نہ ہی کسی نے فوری طور پر ان کی ذمہ داری قبول کی۔ پڑوسی ملک یمن میں ایران کی حمایت یافتہ حوثی باغیوں نے حالیہ دنوں میں سعودی عرب میں ہوائی اڈوں، فوجی اور تیل کی تنصیبات پر حملوں کے دعوے کیے ہیں۔ ان دھماکوں کا اثر فوری طور پر مارکیٹوں اور تیل کی قیمتوں پر پڑا اور خام تیل کی قیمت میں اضافہ ہو گیا۔ فلائٹ ٹریکنگ سروس 'فلائٹ ریڈار 24' (Flightradar24) نے جمعرات کو ایکس (سابقہ ٹوئٹر) پر بتایا کہ ریاض /9

چیف سیکرٹری نے جموں وکشمیر میں نیشنل واٹرویز کی آپریشنل تیاریوں کا جائزہ لیا

اگلے برس عوامی استعمال کیلئے تین آبی گزرگاہوں کو فعال کرنے کا ہدف

سری نگر//08 اکتوبر//چیف سیکرٹری اٹل ڈولو نے آج جموں وکشمیر میں نیشنل واٹرویز کی ترقی اور عملی شکل دینے کی تیاری کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ انہوں نے "انڈین پورٹ ریل اینڈ روپ وے کارپوریشن لمیٹڈ (آئی پی آر سی ایل) کے ذریعے تیار کئے جانے والے زمینی بنیادی ڈھانچے اور ان لینڈ واٹرویز اتھارٹی آف انڈیا (آئی ڈبلیو اے آئی) کی جانب سے دریائی ماحولیاتی نظام اور نیوی گیشن سہولیات کی تیاری کا تفصیلی جائزہ لیا۔ میٹنگ میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری محکمہ تعمیرات عامہ (پی ڈبلیو ڈی) اور چیئرپرسن آئی ڈبلیو اے آئی کے علاوہ متعلقہ صوبائی کمشنروں، سیکرٹری ٹرانسپورٹ، جی جی ایم، آئی پی آر سی ایل اور متعلقہ محکموں و ایجنسیوں کے دیگر کئی افسران نے شرکت کی۔ چیف سیکرٹری نے صوبائی کمشنروں کو ہدایت دی کہ وہ اپنے متعلقہ صوبوں میں نیشنل واٹرویز کے منصوبوں کی پیش رفت کا باقاعدگی سے جائزہ لیں اور وقتاً فوقتاً موقع پر جاکر کام کا معائنہ بھی کریں تاکہ مسائل کو فوری طور پر حل کیا جاسکے اور منصوبوں پر کام بلا رکاوٹ جاری رہے۔ انہوں نے کہا کہ منصوبوں کو درپیش زیادہ تر مسائل معمولی نوعیت کے ہیں اور انہیں حل کیا جاسکتا ہے۔ متعلقہ صوبائی انتظامیہ کو چاہیے کہ وہ عمل آوری ایجنسیوں کے۔۔۔/101

لیفٹیننٹ گورنر کی ممبئی سے آئے میڈیا نمائندوں کے وفد سے ملاقات

ریلوے بنیادی ڈھانچے کی توسیع سے جموں وکشمیر کے صنعتی شعبوں کو فروغ مل رہا ہے/منوج سنہا



سری نگر، 8 اکتوبر////لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے آج لوک بھون سری نگر میں ممبئی سے آئے میڈیا نمائندوں کے ایک وفد سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران لیفٹیننٹ گورنر نے گزشتہ چند برسوں کے دوران مرکز کے زیر انتظام خطے میں بنیادی ڈھانچے کو جدید بنانے کے لیے جاری تیز رفتار اقدامات پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر سے کنیا کماری تک ریل رابطے کے خواب کی تکمیل جموں وکشمیر کی ترقی کے سفر میں ایک تاریخی سنگ میل ہے۔ انہوں نے کہا، "وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں ریلوے بنیادی ڈھانچے کی توسیع سے مرکز کے زیر انتظام خطے کے سیاحت، باغبانی، صنعت اور دیگر معاشی شعبوں کو نمایاں فروغ مل رہا ہے۔ آج جموں وکشمیر امن اور خوشحالی کی جانب بے مثال اعتماد کے ساتھ آگے بڑھ رہا ہے۔" انہوں نے مزید کہا کہ رابطہ سہولیات کو مضبوط بنانا، خصوصاً سرحدی علاقوں میں، نہ صرف مقامی معاشی خوشحالی کے لیے ضروری ہے بلکہ قومی سلامتی کے تحفظ کے لیے بھی انتہائی اہم ہے۔ ممبئی سے آنے والا میڈیا وفد مغربی ریلوے کے چیف پبلک ریلیشنز افسر ونیت ابھیشیک اور ریلوے کے سینئر حکام کے ہمراہ جموں وکشمیر کے چار روزہ۔۔۔/112

ڈاکٹر عثمان کے انتقال پر
ڈاکٹر فاروق عبداللہ کا اظہار تعزیت

سری نگر//صدر جموں وکشمیر نیشنل کانفرنس ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور نائب صدر و وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے سونہ وار، سری نگر کے عمر بخشی کے فرزند ڈاکٹر عثمان کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے سوگوار خاندان کے ساتھ دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی روح کے ابدی سکون اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام کیلئے دعا کی۔ ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے مرحوم کی رہائش گاہ سونہ وار جاکر سوگوار خاندان سے ملاقات کی اور فاتحہ خوانی کی۔ اس کے علاوہ مرحوم کے حق میں دعائے مغفرت اور کلمات ادا کئے گئے اور مرحوم کی جنت نشینی اور بلند درجات کیلئے دعا کی گئی۔ پارٹی پبلسٹی سیکریٹری جی ایم میر ساقی اور دیگر پارٹی عہدیداران بھی موجود تھے۔ وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی اور ایم ایل اے لالچوک احسان پردیسی۔۔۔/102

'مودی@25' نمائش میں وزیر اعظم نریندر مودی کے

25 سالہ عوامی خدمت، بہتر حکمرانی اور قوم کی تعمیر کے سفر کی عکاسی/ست شرما

جموں، 8 اکتوبر// وزیر اعظم نریندر مودی کی عوامی خدمت، بہتر حکمرانی، ترقی اور قوم کی تعمیر کے شعبوں میں 25 سالہ خدمات پر مبنی 'مودی 25' کے عنوان سے ایک نمائش کا آج جموں کے جگت ریزورٹ میں افتتاح کیا گیا۔ نمائش کا افتتاح مہمان خصوصی راجیہ سبھا رکن اور بھارتیہ جنتا پارٹی جموں وکشمیر کے صدر ست شرما نے راجیہ سبھا رکن غلام علی کھٹانہ، بی جے پی جموں وکشمیر کی جنرل سکریٹری سپیا ڈوگرا اور گوپال مہاجن، ارکان اسمبلی شام لال شرما، اروند گپتا، وکرم رندھاوا، پروفیسر گارو رام بھگت، موہن لال بھگت، راجیو بھگت، سریندر بھگت اور دیویانی رانا، ریاستی عہدیداران، سینئر پارٹی رہنماؤں، ضلعی صدور وان کی ٹیموں، پارٹی کارکنوں اور اسکولی بچوں کی موجودگی میں کیا۔ نمائش میں نریندر مودی کی عوامی زندگی کے 25 سال، 300 ماہ اور 9,131 دنوں کے سفر کے ساتھ ساتھ۔۔۔/103

شیخ العالمؒ کے سالانہ عرس پر سید محمد الطاف بخاری کی عوام کو مبارکباد

کہا، شیخ نورالدین نورانیؒ کا پیغام نسل در نسل معاشرے کی رہنمائی کرتا آرہا ہے

سری نگر//اپنی پارٹی کے سربراہ سید محمد الطاف بخاری نے حضرت شیخ نورالدین نورانیؒ، شیخ العالمؒ کے سالانہ عرس کے موقع پر کشمیر اور دیگر علاقوں کے عوام کو دلی مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے تہنیتی پیغام میں سید محمد الطاف بخاری نے کہا، "حضرت شیخ نورالدین نورانیؒ، شیخ العالمؒ کے سالانہ عرس کی بابرکت و پرمسرت تقریب کے موقع پر میں سبھی لوگوں کو دلی مبارکباد پیش کرتا ہوں۔" انہوں نے کہا کہ شیخ العالمؒ ایک برگزیدہ صوفی بزرگ، عارف، شاعر اور اسلامی عالم تھے، جن کی تعلیمات نے محبت، ہم آہنگی، رواداری اور بقائے باہمی جیسی اعلیٰ اقدار کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کیا اور صدیوں سے نسل در نسل لوگوں کی رہنمائی کرتی آرہی ہیں۔ سید محمد الطاف بخاری نے کہا، "چرار شریف کی مقدس زیارت گاہ روحانیت اور عقیدت کا ایک روشن مینارہ ہے، جو کشمیر کے گہرے روحانی و تہذیبی مزاج، ہم آہنگی اور بقائے باہمی کی عکاسی کرتی ہے۔" انہوں نے کہا کہ شیخ العالمؒ کی لازوال تعلیمات نے کشمیر اور اس سے باہر نسلوں کو متاثر کیا ہے اور آج بھی ان کی تعلیمات امن، ہمدردی، اخوت اور انسان۔۔۔/104

ایم ایل اے حبہ کدل شمیمہ فردوس کی خانقاہِ معلیٰ پر حاضری

تعمیر وتجدید، حفاظتی اقدامات کیلئے 4 کروڑ 93 لاکھ کے منصوبے کا جائزہ لیا

سری نگر// جموں وکشمیر نیشنل کانفرنس خواتین ونگ صدر اور رکن اسمبلی حبہ کدل ایڈووکیٹ شمیمہ فردوس نے تاریخی خانقاہ معلیٰ سری نگر کا دورہ کرکے حضرت میر سید علی ہمدانیؒ سے منسوب اس عظیم روحانی و تاریخی مرکز میں مجوزہ تحفظ و بحالی کے کاموں کا جائزہ لیا۔ اس دوران انہوں نے کہا کہ تاریخی خانقاہ معلیٰ کے تحفظ، بحالی اور دیگر متعلقہ کاموں کیلئے تقریباً 4.93 کروڑ روپے مختص رکھے گئے ہیں۔ مجوزہ کاموں میں تاریخی لکڑی کے کام کا تحفظ، قدیم چھت کی بحالی، جعفری/پنجرا کاری اور پیپر ماشی کے کام کی مرمت و بحالی، پتھر کے کام اور دیواری فرش کی بحالی کے علاوہ نکاسی آب، چھت، بجلی، آسمانی بجلی سے تحفظ اور فائر سیفٹی وہنگامی صورتحال سے بہتر۔۔۔/105

جاوید رانا نے جل شکتی، جنگلات اور قبائلی امور محکموں میں

جاری کاموں کیلئے فنڈز کے استعمال اور طبی و مالی پیش رفت کا جائزہ لیا

سری نگر/08 اکتوبر//وزیر برائے جل شکتی، جنگلات وماحولیات اور قبائلی امور محکمہ جات جاوید احمد رانا نے آج سری نگر میں سول سیکرٹریٹ میں ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی جس میں تینوں محکموں میں مختلف سکیموں کے تحت جاری کئے گئے فنڈز کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا۔ میٹنگ میں فنڈز کی ضلع وار اور حلقہ وار مختص رقم اور اس کے استعمال کا جائزہ لینے کے ساتھ ساتھ جاری کاموں کی طبعی ومالی پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ میٹنگ میں ڈائریکٹر قبائلی امور، ڈائریکٹر ٹرائبل ریسرچ انسٹی ٹیوٹ، جل شکتی، جنگلات وماحولیات اور قبائلی امور محکموں کے ڈائریکٹرز فائنانس اور ڈائریکٹرز پلاننگ اینڈ سٹیٹسٹکس سمیت دیگر سینئر افسران نے شرکت کی۔ وزیر نے ہر سکیم کے تحت فنڈز کی فراہمی، اخراجات اور کاموں کی پیش رفت کی صورتحال کا جائزہ لیا جس میں نئی منظور شدہ سکیمیں بھی شامل تھیں۔ اس موقع پر وزیر موصوف نے خطاب کرتے ہوئے زور دیا کہ محکموں کے پاس۔۔۔/107

گاندربل میں جے او ایس ایچ ٹیموں کے قومی آغاز پر ضلعی سطح کی تقریب منعقد

گاندربل، 8 اکتوبر////ضلع انتظامیہ گاندربل نے آج منی سیکریٹریٹ گاندربل کے کانفرنس ہال میں جے او ایس ایچ ٹیموں (جوائنٹ اسکواڈ فار ہیلتھ ٹیمز) کے قومی آغاز اور ٹی بی سے پاک پنچایتوں کی پذیرائی کے سلسلے میں ضلعی سطح کی تقریب کا انعقاد کیا۔ یہ پروگرام نئی دہلی کے بھارت منڈپم میں منعقدہ قومی سطح کی افتتاحی تقریب کے ساتھ بیک وقت منعقد ہوا، جس کا افتتاح وزیر صحت و خاندانی بہبود نے محنت و روزگار، امور نوجوانان و کھیل اور رفاہ کی وزارتوں کے اشتراک سے کیا۔ ضلعی سطح کی تقریب میں ٹی بی مکت بھارت پروگرام سے وابستہ فیلڈ اہلکاروں اور محکمہ صحت کے افسران نے ورچول موڈ کے ذریعے قومی افتتاحی تقریب میں شرکت کی۔ پروگرام کا مقصد کمیونٹی کی شمولیت اور مربوط کوششوں کو مضبوط بنانا اور ٹی بی سے پاک معاشرے کے ہدف کے حصول کے لیے اجتماعی اقدامات کو فروغ دینا تھا۔ اس موقع پر ٹی بی سے پاک قرار دی جانے والی پنچایتوں کی کامیابی اور ٹی بی کے خاتمے کی کوششوں میں ان کے تعاون کے اعتراف میں پذیرائی کی گئی۔ اس موقع پر پنچایتی راج اداروں، محکمہ صحت کے اہلکاروں اور مقامی برادری کی مشترکہ کوششوں کو سراہا گیا، جن کے ذریعے نچلی سطح پر ٹی بی کی تشخیص، علاج، آگاہی اور روک تھام کو مضبوط بنایا گیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر گاندربل جتن کشور نے ٹی بی سے پاک معاشرے کے ہدف کے حصول میں اجتماعی کوششوں اور عوامی شمولیت کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے۔۔۔/106

بادام واری پارک کی فینسنگ کا کام رواں ماہ مکمل ہوگا

صبح سویرے رسائی بحال کی جائے گی/تنویر صادق

سری نگر//نیشنل کانفرنس ترجمان اعلیٰ اور ایم ایل اے زیڈی بل تنویر صادق نے آج بادام واری پارک کا دورہ کرکے پارک کے پچھلے حصے میں جاری فینسنگ کا کام کا جائزہ لیا۔ پارک کی فینسنگ کا یہ کام 24.37 لاکھ روپے کی لاگت سے جاری ہے، جس کیلئے رکن اسمبلی کے سی ڈی ایف اور دیگر ذرائع سے رقومات فراہم کی گئی ہیں۔ دورے کے دوران تنویر صادق نے مقامی لوگوں سے ملاقات کی اور انہیں یقین دلایا کہ فینسنگ کا۔۔۔/109

ڈی سی شوپیاں کی ضلعی افسران کے ساتھ تعارفی اجلاس کی صدارت

شوپیاں، 8 اکتوبر////ڈپٹی کمشنر شوپیاں چندیپ سنگھ نے آج ضلعی افسران اور فیلڈ اسٹاف کے ساتھ تعارفی جائزہ اجلاس منعقد کیا، جس میں ضلع میں انتظامی امور، جاری ترقیاتی منصوبوں اور عوامی خدمات کی فراہمی کے نظام کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے شوپیاں کے لیے اپنی ترجیحات کا خاکہ پیش کرتے ہوئے فعال طرز حکمرانی، مکمل شفافیت، عوامی شکایات کو توجہ کے ساتھ سننے اور مقررہ مدت میں عوامی خدمات کی فراہمی پر زور دیا۔ انہوں نے آر ڈی ڈی، زراعت سمیت اہم محکموں کو باہمی تال میل کے ساتھ کام کرنے، بین المحکمہ رکاوٹوں کو دور کرنے اور طریقہ کار میں تاخیر ختم کرنے کی ہدایت دی تاکہ اہم۔۔۔/108

مندریپ کور نے بلک ویسٹ جنریٹرس کے پہلے کنونشن کی صدارت کی

ہر ادارہ اپنے پیدا کردہ کچرے کی صفائی اور تلفی کی ذمہ داری خود اٹھائے/مندریپ کور

بڈگام، 8 اکتوبر/////ضلع انتظامیہ بڈگام کی جانب سے آج بلک ویسٹ جنریٹرس (بی ڈبلیو جیز) کے لیے ایک کنونشن کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد تجارتی اداروں، تعلیمی و دیگر اداروں اور بڑے پیمانے پر کچرا پیدا کرنے والوں کو سالڈ ویسٹ مینجمنٹ رولز کے تحت ان کی ذمہ داریوں سے آگاہ کرنا اور سائنسی و ذمہ دارانہ انداز میں کچرے کے انتظام کو فروغ دینا تھا۔ ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈیولپمنٹ محکمہ کی کمشنر سیکریٹری مندریپ کور نے پہلی مرتبہ منعقد ہونے والے اس نوعیت کے کنونشن کی صدارت کرتے ہوئے کہا کہ تمام تجارتی اداروں اور دیگر بلک ویسٹ جنریٹرس کو اپنے پیدا کردہ کچرے کی پروسیسنگ اور انتظام کی ذمہ داری خود اٹھانا ہوگی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مندریپ کور نے کہا کہ کچرا پیدا کرنے والے مناسب طریقہ کار اختیار کر سکتے ہیں، جن میں موقع پر ہی کچرے کی پروسیسنگ، گھریلو یا ادارہ جاتی سطح پر کمپوسٹنگ، یا کچرا جمع کرنے اور تلف کرنے کے لیے مجاز کچرا جمع کرنے والوں یا ایجنسیوں کی خدمات حاصل کرنا شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ بازار بند ہونے کے بعد تجارتی اداروں کے باہر کچرا پھینکنے کے رجحان کو تبدیل کرنا ہوگا اور ہر کچرا پیدا کرنے والے کو اپنے کچرے کی ذمہ داری خود قبول کرنی ہوگی۔ کمشنر سیکریٹری نے کہا کہ میونسپل اداروں سے یہ توقع نہیں کی جاسکتی کہ وہ۔۔۔/110

اننت ناگ میں اسٹریٹ فوڈ فروشوں کیلئے تربیتی پروگرام منعقد

اننت ناگ، 8 اکتوبر////فوڈ اینڈ ڈرگس ایڈمنسٹریشن (ایف ڈی اے) جموں وکشمیر نے نیشنل ایسوسی ایشن آف اسٹریٹ وینڈرز آف انڈیا (ناسوی) کے اشتراک سے آج ٹاؤن ہال اننت ناگ میں 100 اسٹریٹ فوڈ فروشوں اور فوڈ بزنس آپریٹرز (ایف بی اوز) کے لیے فوڈ سیفٹی ٹریننگ اینڈ سرٹیفکیشن (فوسٹاک) پروگرام منعقد کیا۔ تربیتی پروگرام کے دوران شرکاء کو فوڈ سیفٹی کے تقاضوں، ذاتی۔۔۔/111

PUBLIC NOTICE

It is notified for the information of the General Public that my Name &Parentage in my Service records under PID No. EXK/921277,Belt No.293/KGM, has been wrongly entered as AB MAJEED SOFI S/O GHULAM MOHMAD SOFI while my correct Name&Parentage as per legal or academic records is ABDUL MAJEED SOFI S/O GH AHMAD SOFI. Now I want the same to be corrected if anybody has any objection in this regard He/ She may file his/her objection in the Office of the D.P.O Anantnag/ S.S.P Office Anantnag, within a period of seven(7 (days from the date of publication of this notice. After that no objection shall be entertained.

Abdul Majeed Sofi S/O Gh Ahmad Sofi R/O Larkipora Awantipora Pulwama

THE JAMMU & KASHMIR BOARD OF SCHOOL EDUCATION NEW CAMPUS, BEMINA, SRINAGAR

PUBLIC NOTICE

I have passed/appeared in SST(Class 10th) under Roll No. 878229 Session/Year: OCT-NOV/2003 through the Jammu & Kashmir Board of School Education. The error has been committed by the Parents/Institution against my WILL as GOUSIA ASHRAF instead of ZARA SHOWKET Now I have applied for correction at the JammuKashmir Board of School Education, New Campus, Bemina, Srinagar. If any person has any objection in this regard may file the same in the office of the Assistant Secretary, Certificates, Kashmir Division within seven days from the date of publication of this notice, after the expiry of said period, no objection will be entertained.
This is published for the information of the general public
The correct particulars are mentioned as under:
Name ZARA SHOWKET, Father's Name MOHD ASHRAF KHAN, Mother's Name DILSHADA ASHRAF, Date of birth 16/11/1987 Residence:13 A GREEN AVENUE SECTOR 1st HYDERPORA PEERBAGH, SRINAGAR, Mobile No8178105449

PUBLIC NOTICE

I, Ayesha Jan, W/o Fayaz Ahmad Khan, R/o Saidapora Eidgah, Srinagar, do hereby inform the general public that my name and address are recorded as Asha Bano, R/o Saida Pora Iddgah, Srinagar in my J&K Bank (Branch Unit: Zoonimar, Srinagar) Account No: 0267040100009762.However, my correct name is Ayesha Jan and my correct address is Saidapora Eidgah, Srinagar. I am initiating the correction process in the bank records to update my name from Asha Bano to Ayesha Jan. If anyone has any objection to this correction, they may submit their objection in writing to the Manager, J&K Bank, Branch Unit Zoonimar, Srinagar, within 7days from the date of publication of this notice.

Ayesha Jan W/o Fayaz Ahmad Khan R/o Saidapora Eidgah, Srinagar

PUBLIC NOTICE

It is hereby notified that the electricity connection bearing Consumer ID: 0202050007941,registered in the name of Late Syed Gh Hassan Geelani, who passed away on 20th January 2025 ,is proposed to be transferred to his son, Tasaduq Hussain Geelani, who is residing at the deceased's residence.Any person having any objection to the proposed transfer may submit the same to the PDD Office, Sanat Nagar, Srinagar, within 7days from the date of publication of this notice.

PUBLIC NOTICE

I, Fayaz Ahmad Dar, R/o Badipora, Chadoora, District Budgam, parent of Mohammad Tabin, do hereby give public notice that my son's name has been recorded incorrectly as Mohammad Tabin in his school records.His correct full name is Mohammad Tabin Dar.I am applying to the concerned school/educational authorities to update and correct his name to Mohammad Tabin Dar in all official records. If anyone has any objection to this correction, they may submit their objection in writing to the concerned school administration/authority within 7 days of the publication of this notice.

Fayaz Ahmad Dar (Father of) Mohammad Tabin Dar R/o Badipora, Chadoora, Budgam

OFFICE OF THE NAIB TEHSILDAR KHANYAR

Subject: Issuance of legal heir certificate in favour of legal heirs of deceased Noor Mohammad Kathjoo S/o Abdul Rehman Kathjoo R/o Kondabal Rainawari,Srinagar

Notice

The above titled application for issuance legal heir certificate is under process.In this regard a report has been obtained from the concerned patwari which reveals that Noor Mohammad Kathjoo S/o Abdul Rehman Kathjoo R/o Kondabal Rainawari, Srinagar expired on 1/1/2020 as per death certificate. The deceased has left behind the following legal heirs at the time of his death.

S. No	Name of legal heirs	Age/Approx.	Relation with deceased	Occupation/ Marital status
1	Dilshada Kathjoo	60	wife	widow
2	Nuzhat Noor	40	Daughter	married
3	Faisal Noor	36	Son	married
4	Younis Noor	34	Son	married

The applicants seek issuance of legal heirs certificate. If anyone is having any objection is this regard, he/she may intimate the office of undersigned either personally on through an authorised agent within seven days from the date of publication of his notice after expiry of said period no claim shall be entertained.

Naib Tehsildar KhanyarSrinagar

PUBLIC NOTICE

I hereby notified for the information of the general public and all concerned that I intend to correct my name in my service records from Showkat Hussain Matta S/o: Ab Khaliq Matta to Showkat Hussain Matta S/o: Abdul Khaliq Matta as per my Matriculation Certificate.
Any person having any objections to the proposed correction update of the aforesaid particulars may submit the same along with supportary evidence to the office of the worthy Additional Commissioner, State Taxes(Administration&Enforcement) Kashmir Division Excise and Taxation Complex, Solina Srinagar within 7days from the date of publication of this notice.

With regards
Showkat Hussain Matta S/o: Abdul Khaliq Matta R/o: Buchpora, Main Road, New Colony, Srinagar.

سرینگر ٹائمز

9 اکتوبر 2026 بروز جمعہ

کوڑا کرکٹ کے جماؤ سے پھسلن
سرینگر میونسپل کارپوریشن کیلئے انتباہ

جواہر نگر میں ڈی اے وی سکول کے بالمقابل سڑک پر کل اس وقت تین موٹر سائیکل سوار جن میں ایک لڑکی بھی شامل تھی اس وقت بال بال بچ گئے جب چلتے چلتے ان کے سکوٹر سڑک پر پھسل کر دور جا گرے۔ ایک کے بعد ایک ان مناظر کو دیکھ کر راہ گیر بھی حیرت زدہ ہوگئے۔ دوکاندار بھی ہکا بکا رہ گئے اور متاثرہ نوجوان اپنے آپ کو زندہ صورت میں دیکھ کر ششدر رہ گئے۔ ایک کے بعد تین سکوٹروں کے پھسل کر سواروں کی زندگی مشکل سے بچ جانے کے ان سنگین واقعات پر ایک مقامی شخص اور ان کے ساتھیوں نے ایک چونکا دینے والی وجہ بتائی۔ حقائق تو یہ ہیں کہ سکوٹروں کے گر جانے کا سبب یہ نہیں تھا کہ چلانے والوں نے کوئی غلطی کی تھی یا تیز رفتاری کا مظاہرہ کیا تھا۔ اس سڑک پر تیز چلنے کا کوئی امکان نہیں کیونکہ سڑک کے دائیں بائیں شاپنگ کا زبردست رش لگا رہتا ہے اور سڑک بھی خستہ حالت میں نہیں ہے۔

مگر مقامی لوگوں اور آس پاس میں رہنے والوں کے مطابق یہاں کوڑا کرکٹ اور گندگی جمع کرنے کیلئے جس مقام کا انتخاب کیا گیا ہے وہاں غلاظت کو اُٹھانے کا اہتمام تو ہے مگر اس کے بعد خالی جگہ پر غلاظت سے پیدا شدہ گندہ اور غلیظ پانی "نامعلوم تیل" کی شکل اختیار کر جاتا ہے۔ شاہدین کے مطابق جب بارش ہوتی ہے تو سڑک سے چپکا ہوا یہ "تیل" سڑک کے ایک خاص حصہ تک پھیل جاتا ہے، اس کے نتیجہ میں پھسلن پیدا ہوتی ہے اور موٹر سائیکل لڑکھڑاتے ہوئے سواروں کیلئے زبردست خطرہ کا باعث بن جاتے ہیں۔ یہ سلسلہ کافی عرصہ کا بتایا جاتا ہے۔ مقامی لوگوں کے مطابق اگرچہ اس سنگین معاملہ کی طرف متعلقہ حکام اور محکمہ جات کے سربراہوں کو متوجہ کرنے کی کوشش کی گئی مگر ابھی تک کوئی کارروائی نہیں کی گئی جس کے نتیجہ میں بارش کے وقت پھسلن سے موٹر سائیکل سوار کو ہی نہیں راہ گیروں کی زندگی شدید خطرات سے دوچار ہوگئی ہے۔ کل 8 اکتوبر کو جب سہ پہر کے بعد آسمان ابر آلود ہوا اور چند منٹوں میں گھنے بادلوں نے آسمان کی نیلاہٹ کو غائب کر دیا شدید بارش سے صرف تین منٹوں میں ایک کے بعد تین سکوٹر حادثات کا شکار ہوگئے تو شکر ہے کہ تینوں سوار صحیح سلامت رہے مگر دیکھنے والوں کے تو ہوش ہی اُڑ گئے۔ یہ معاملہ کافی سنگین رُخ اختیار کر گیا ہے اور اس سے زیادہ متعلقہ حکام کی طرف سے بے رُخی سنگین بن گئی ہے۔ مقامی لوگوں اور تاجران کی طرف سے شکایات کرنے کے باوجود اس طرف بے توجہی کسی بھی وقت کسی خطرناک حادثے کا باعث بن سکتی ہے۔ سرینگر میونسپل حکام کو اگر معلوم ہے کہ کسی شاہراہ یا سڑک کے کنارے پر کوڑا کرکٹ ہٹانے کے بعد پیدا شدہ "تیل" پھسلن کا باعث بنے تو کارپوریشن پر یہ فرض اولین ہے کہ وہ اس کا ہنگامی سطح پر موثر علاج کرے اس طرح کے حادثات اور بھی مقامات پر پیدا ہو سکتے ہیں گے یا ہونے والے ہوں گے۔ اس لئے خطرناک نتائج کا انتظار کئے بغیر حکام کو کوڑا کرکٹ سے پیدا شدہ نامعلوم تیل سے پھسلن کو دور کرنے میں کوئی معمولی کسر کو بھی باقی نہیں رکھنا چاہیے۔

منفرد اداکار نانا پاٹیکر کا 75 برس کی عمر میں انتقال

جے کے این ایس/ بالی ووڈ کے مایہ ناز اور ورسٹائل اداکار نانا پاٹیکر کا 75 برس کی عمر میں انتقال ہوگیا ہے۔ جے کے این ایس کے مطابق رپورٹس میں بتایا گیا کہ نانا پاٹیکر گوا میں واقع اپنے گھر پر بے ہوش پائے گئے۔ بعدازاں انہیں منی پال اسپتال میں داخل کرایا گیا، جہاں انہیں بچانے کی بھرپور کوشش کی گئی، لیکن وہ جانبر نہ ہو سکے۔ نانا پاٹیکر کے بیٹے ملہار نے یہ جانکاری دی۔ گوا کے منی پال ہسپتال میں آنکولوجی ڈیپارٹمنٹ کے چیف، ڈاکٹر شیکھر ساگر نے ان کی موت کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ مشہور اداکار نانا پاٹیکر کا جمعرات کی صبح 5 بجکر 20 منٹ پر ان کے گھر پر دل کا دورہ پڑنے سے انتقال ہوگیا۔ اسپتال لائے جانے کے بعد 45 منٹ تک مسلسل سی پی آر دینے کے باوجود ان کے جسم میں کوئی حرکت نہیں ہوئی۔ ایک میڈیکولیگل کیس درج کرلیا گیا ہے، اور پوسٹ مارٹم کرایا جائے گا۔ مہاراشٹرا کے وزیر برائے ثقافتی امور آشیش شیلار نے اعلان کیا ہے کہ وزیر اعلیٰ دیویندر فڈنویس کی قیادت میں ریاستی حکومت نے فیصلہ کیا ہے کہ معروف اداکار نانا پاٹیکر کی آخری رسومات سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کی جائیں گی۔ ادھر صدر جمہوریہ، وزیراعظم مودی، راہل گاندھی اور دیگر شخصیات کا نانا پاٹیکر کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ صدر جمہوریہ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر لکھا کہ تجربہ کار اداکار نانا پاٹیکر کے انتقال سے شدید صدمہ پہنچا ہے۔ اپنی جاندار اور انتہائی اثر دار اداکاری کے ذریعے انہوں نے انسانی تجربات کے وسیع سلسلے کو زندہ کیا۔ انہوں نے ایسے کردار ادا کیے جنہوں نے لوگوں کے دل و دماغ پر انمٹ نقوش چھوڑے۔ سماجی خدمت کے لیے ان کی وابستگی نے پسماندہ طبقات کے لیے ان کی فکر مندی کو ظاہر کیا۔ ان کا انتقال بھارتی سینما کے لیے ایک بڑا نقصان ہے۔ صدر جمہوریہ نے کہا کہ میں ان کے اہل خانہ اور مداحوں سے دلی تعزیت کا اظہار کرتی ہوں۔ وزیراعظم نریندر مودی نے بھی اداکار کے انتقال پر تعزیتی پیغام جاری کیا ہے۔ ایکس پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے، وزیراعظم مودی نے پاٹیکر کی ہمہ جہت صلاحیت، تخلیقی صلاحیتوں اور ناقابل فراموش کرداروں کو یاد کیا۔ انہوں نے اداکار کے بے باک اور صاف گو مزاج کی بھی تعریف کی۔ وزیر اعظم مودی نے لکھا کہ نانا پاٹیکر جی کی اداکاری کی انفرادیت، ان کی شدت اور پر اثر شخصیت، یہ وہ خوبیاں ہیں جو چند ہی فنکاروں میں پائی جاتی ہیں۔ نانا پاٹیکر کے پاس ایک آتش فشانی ٹیلنٹ اور تخلیقی صلاحیت تھی جو ان کے کرداروں میں ایک پھٹتے ہوئے آتش فشاں کی طرح نظر آتی تھی، اور ساتھ ہی انہوں نے ایسے کرداروں کو نبھایا جو ہماری یادوں میں بس گئے، جنہیں انہوں نے سلور اسکرین پر انتہائی جاندار طریقے سے پیش کیا۔ بے باک ڈائیلاگز اور سیدھے سادھے خیالات ان کی پہچان تھے۔ نانا پاٹیکر نے اپنے خیالات کا اظہار انتہائی واضح انداز میں کیا۔ وزیر اعظم نے مزید لکھا کہ ان کے اہل خانہ، عزیزوں اور لاتعداد مداحوں کے اس دکھ میں ہم ان کے ساتھ برابر کے شریک ہیں۔ اوم شانتی۔ لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر راہل گاندھی نے بھی نانا پاٹیکر کے انتقال پر تعزیت کا اظہار کرنے کے لیے سوشل میڈیا کا رخ کیا۔ انہوں نے ایکس پر اپنے تعزیتی پیغام میں لکھا کہ معروف اداکار نانا پاٹیکر جی کے انتقال کی خبر انتہائی افسوس ناک ہے۔ اپنی اداکاری اور کرداروں کے ذریعے انہوں نے بھارتی سینما اور ناظرین کے دلوں پر انمٹ نقوش چھوڑے ہیں۔ راہل گاندھی نے مزید کہا کہ غم کی اس گھڑی میں میری گہری تعزیت سوگوار خاندان، دوستوں اور ان کے چاہنے والوں کے ساتھ ہے۔

انسانی سچائی کی بے مثال آواز خاموش ہوگئی

نانا پاٹیکر کبھی روایتی معنوں میں فلمی ستارہ نہیں رہے۔ وہ ایسے اداکار تھے جو عام لوگوں کی جذباتی دنیا میں اتر جاتے تھے، ان کے غصے، زخموں، بے بسی، مزاحمت، کمزوری اور کبھی کبھی بے باک مزاج کو اپنے کرداروں میں پوری سچائی سے پیش کرتے تھے۔ ان کی اداکاری میں ایک ایسی بے ساختگی تھی جو مرکزی دھارے کی فلموں کے بناوٹی انداز کو قبول نہیں کرتی تھی۔ ان کی منفرد آواز اور مکالمے ادا کرنے کی غیر معمولی صلاحیت عام جملے کو بھی جذبات اور اثر سے بھر دیتی تھی۔ وہ اپنی آواز بلند کیے بغیر بھی پورے منظر پر چھا جانے کی صلاحیت رکھتے تھے اور خاموشی کے ذریعے بھی کسی کردار کی پوری جذباتی داستان بیان کر دیتے تھے۔ یکم جنوری 1951 کو مہاراشٹر کے رائے گڑھ ضلع کے مروڈ۔ جنجیرہ میں پیدا ہونے والے نانا پاٹیکر نے مشکلات سے بھرے بچپن کے بعد اپنی نسل کے سب سے قابل احترام اداکاروں میں جگہ بنائی۔ انہوں نے 1978 میں 'گمن' کے ذریعے ہندی سینما میں قدم رکھا اور ہندی و مراٹھی فلموں میں مشکل اور چیلنجنگ کردار ادا کرتے ہوئے اپنے لیے ایک منفرد مقام بنایا۔ ان کی اصل شناخت ایسے کرداروں سے بنی جن میں ظاہری خوبصورتی سے زیادہ اداکاری کی طاقت اور شخصیت کا اثر درکار تھا۔ 1989 کی فلم 'پرندہ' میں بے رحم انا کا خوفناک کردار ادا کرنے پر انہیں بہترین معاون اداکار کا قومی فلم ایوارڈ ملا۔ اس کے بعد انہوں نے 'پرہار: دی فائنل اٹیک' میں شاندار اداکاری کی، جس کی ہدایت کاری بھی انہوں نے کی تھی۔ اس کے علاوہ 'انگار'، 'کرانتی ویر'، 'اگنی ساکشی' اور 'خاموشی: دی میوزیکل' جیسی فلموں میں بھی ان کی اداکاری کو بے حد سراہا گیا۔

ہندوستان کی بحری معیشت: مواقع کی نئی لہر

ڈاکٹر جتیندر سنگھ

صدیوں سے سمندر ہندوستان کی تجارت کا ذریعہ رہا ہے، اس نے ساحلی ثقافتوں کو تشکیل دیا ہے اور ملک کے اسٹریٹیجک اثر و رسوخ کو مضبوط بنایا ہے۔ آج 11,098 کلومیٹر طویل ساحلی پٹی، وسیع بحری وسائل اور بحر ہند میں اہم جغرافیائی حیثیت کے ساتھ سمندر ہندوستان کی ترقی کے لیے نئے امکانات کا دروازہ کھول رہا ہے۔

جیسے جیسے ملک وکست بھارت 2047 کے ہدف کی جانب پیش قدمی کر رہا ہے، بحری معیشت خوشحالی، پائیداری اور قومی طاقت کے حصول کا ایک مؤثر ذریعہ بن کر ابھر رہی ہے۔ عزت مآب وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے ہندوستان کی ترقی کے تصور میں اس موقع کو مرکزی حیثیت دی ہے۔ یوم آزادی کے 80 ویں خطاب میں انہوں نے بحری معیشت کو ان سات شعبوں یا سپت دھارا میں شامل کیا جو ملک کو آگے لے جائیں گے۔

بحری معیشت محض سمندر سے وابستہ معیشت نہیں ہے، بلکہ یہ لوگوں کے خیالات اور امکانات کی معیشت بھی ہے۔ اس کا مقصد ماہی گیروں اور ساحلی برادریوں کے لیے بہتر روزگار اور ذریعہ معاش کو یقینی بنانا، کاروباری افراد اور سرمایہ کاروں کے لیے مواقع پیدا کرنا، غذائی اور توانائی کے تحفظ کو مضبوط و مستحکم بنانا اور سائنس کے ذریعہ موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات سے نمٹنے کے قابل ساحلی علاقوں کی تعمیر کرنا ہے۔ سب سے بڑھ کر اس کا مقصد یہ یقینی بنانا ہے کہ معاشی ترقی اور ماحولیاتی ذمہ داری ایک ساتھ آگے بڑھیں۔

گرچہ اس موقع کے ساتھ فوری توجہ طلب چیلنجز بھی موجود ہیں۔ سمندری آلودگی اور موسمیاتی تبدیلی بحری وسائل پر شدید دباؤ ڈال رہی ہیں۔ یہ چیلنجز جدت طرازی، پائیدار اقدامات اور سرمایہ کاری کے لیے محرک ثابت ہو سکتے ہیں۔ ٹیکنالوجی کی ترقی، کاروباری اداروں کے قیام اور سرمایہ کاری کو تیز رفتاری سے متحرک کر کے ہندوستان سمندر سے دور قابل تجدید توانائی، بحری حیاتیاتی ٹیکنالوجی، جدید آبی زراعت، سمندری اعداد و شمار کی خدمات، پائیدار سیاحت اور گہرے سمندر کی ٹیکنالوجی جیسے ابھرتے ہوئے شعبوں کو بحری معیشت کی ترقی کے طاقتور محرکات میں تبدیل کر سکتا ہے۔

ایک مضبوط بحری معیشت پائیدار ماہی گیری اور آبی زراعت کو فروغ دے کر آمدنی اور غذائی تحفظ میں بہتری لا سکتی ہے۔ جدید بندرگاہیں، جہاز رانی اور حمل و نقل کی بہتر سہولتیں تجارتی مسابقت کو مضبوط بنا سکتی ہیں۔ سمندر سے دور قابل تجدید توانائی ہندوستان کو صاف توانائی کی جانب منتقلی میں مدد دے سکتی ہے۔ بحری سیاحت مقامی کاروبار اور روزگار کے مواقع پیدا کر سکتی ہے، جبکہ سمندری سائنس، پیش گوئی اور ڈیجیٹل خدمات انسانی جانوں، املاک اور ذریعہ معاش کے تحفظ میں مددگار ثابت ہو سکتی ہیں۔ یہ تمام شعبے مل کر بحری سلامتی، تکنیکی خود انحصاری اور بحر ہند کے خطے میں ہندوستان کی قیادت کو مضبوط بنا سکتے ہیں۔

اسی لیے ہندوستان بحری معیشت کو الگ الگ منصوبوں کے مجموعے کے طور پر نہیں، بلکہ قومی ترقی کی ایک مربوط حکمت عملی کے طور پر دیکھتا ہے۔ اس کا بنیادی اصول یہ ہے کہ سائنس پالیسی کی تشکیل کرے، پالیسی کاروباری سرگرمیوں اور اداروں کو قابل بنائے اور ادارے لوگوں اور کرۂ ارض کے لیے قابل قدر قیمت فراہم کریں۔ وزارت ارضیاتی علوم اس تبدیلی کے لیے سائنسی، تکنیکی اور اسٹریٹیجک بنیاد تیار کر رہی ہے۔

گہرے سمندر کے مشن، سمندری مقامی منصوبہ بندی کے تجرباتی منصوبوں، سمندری مشاہدے کے نیٹ ورک، ڈیجیٹل پلیٹ فارم، پیش گوئی کے نظام اور جدید بحری خدمات کے ذریعے وزارت سمندر سے متعلق معلومات کو عوامی فائدے میں تبدیل کر رہی ہے۔ گہرے سمندر کی کھوج، بحری حیاتیاتی ٹیکنالوجی، سمندری توانائی اور سمندری پانی کو میٹھا کرنے کے شعبوں میں مقامی صلاحیتیں وسائل کے تحفظ، جدت طرازی اور خود انحصاری کی نئی راہیں کھول رہی ہیں۔ ماہی گیری سے متعلق مشاورتی خدمات، پیشگی انتباہی نظام اور ساحلی پٹی کے انتظام سے متعلق اقدامات ساحلی ذریعہ معاش کو سہارا دے رہے ہیں اور آفات سے نمٹنے کی تیاری کو مضبوط بنا رہے ہیں۔

اگلے مرحلے کی شناخت بڑے پیمانے، تیز رفتاری اور مؤثر نتائج سے ہونی چاہیے۔ ہندوستان کو سمندر سے متعلق مربوط حکمرانی، بہتر تال میل، قابل اعتماد منصوبوں کے مربوط سلسلے اور شواہد پر مبنی فیصلوں کے لیے ڈیجیٹل ٹیکنالوجی کے وسیع تر استعمال کی ضرورت ہے۔ بحری معیشت میں سرمایہ کاری کے تقریباً 3.9 لاکھ کروڑ روپے سے بڑھ کر 2015–2025 کے دوران تقریباً 25.8 لاکھ کروڑ روپے تک 2026–2035 کے دوران پہنچنے کا اندازہ ہے جو ایک تاریخی موقع کی نشاندہی کرتا ہے۔ اس صلاحیت کو پائیدار نتائج میں تبدیل کرنے کے لیے اختراعی مالیاتی ذرائع، ذمہ دارانہ نجی سرمایہ کاری، نئے کاروباری اداروں کی شرکت اور شفاف عمل درآمد کرنا ہوں گے۔ ساحلی برادریوں کو اس پورے سفر میں فعال شراکت دار اور بنیادی مستفیدین کی حیثیت حاصل ہونی چاہیے۔

سب سے پُرجوش باب ہندوستان کے نوجوانوں سے وابستہ ہے۔ ہر نوجوان کاروباری، سرمایہ کار، سائنس داں، ٹیکنالوجی کے ماہر، پیشہ ور اور ہنر مند کارکن کے لیے بحری معیشت امکانات سے بھرپور افق پیش کرتی ہے۔ بندرگاہوں، جہاز رانی، نقل و حمل و رسد، ماہی گیری اور سیاحت جیسے روایتی شعبوں کو خودکاری، ڈیجیٹل پلیٹ فارم، صاف ایندھن، برقی نقل و حرکت اور پائیدار طریقۂ کار کے ذریعے نئی شکل دی جا رہی ہے۔ سمندر سے دور قابل تجدید توانائی، بحری حیاتیاتی ٹیکنالوجی، گہرے سمندر کی ٹیکنالوجی، آبی زراعت، بحری روبوٹکس، سمندروں کے لیے مصنوعی ذہانت، جزائر کی سیاحت، برقی کشتیاں اور ماحول دوست بحری نظام جیسے ابھرتے ہوئے شعبے روزگار، کاروبار اور سرمایہ کاری کے نئے امکانات پیدا کر رہے ہیں۔

یہ وقت مستقبل کی ضروریات کے مطابق ہنر سازی، نئے کاروباری ادارے شروع کرنے، مقامی ٹیکنالوجی تیار کرنے، ذمہ دارانہ سرمایہ کاری کرنے اور تحقیق کو بڑے پیمانے پر قابل عمل حل میں تبدیل کرنے کا ہے۔ ہماری یونیورسٹیوں، تجربہ گاہوں، صنعتوں اور ساحلی برادریوں کو تجربات اور کاروباری سرگرمیوں کے باہم مربوط مراکز بننا ہوگا۔ ہندوستان کے نوجوان ماہی گیری کے زیادہ بہتر نظام، صاف ستھرے بحری جہاز، موسمیاتی خطرات کا مقابلہ کرنے والی بندرگاہیں، سمندری اعداد و شمار کے پلیٹ فارم، حیاتیاتی بنیادوں پر تیار کردہ مصنوعات اور ایسی ٹیکنالوجیاں تیار کر سکتے ہیں جو گہرے سمندر کی کھوج کے ساتھ ساتھ اس کے نازک ماحولیاتی نظام کے تحفظ کو بھی یقینی بنائیں گے۔

بحری معیشت کوئی دور کا وعدہ نہیں ہے۔ یہ ایک قومی مشن ہے جو اسی نسل کا منتظر ہے جو اس کی قیادت کرنے کا حوصلہ رکھتی ہو۔ میں ہندوستان کے نوجوانوں سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ اپنے تخیل، حوصلے اور جدت طرازی کی صلاحیت کو تبدیلی کی اس نئی لہر کے لیے بروئے کار لائیں۔ آئیے ہمارے سمندر جدت طرازی کی تجربہ گاہیں، ذریعہ معاش کے محرک اور پائیدار خوشحالی کی راہ بنیں۔ ہم سب مل کر ایسی بحری معیشت تشکیل دے سکتے ہیں جو پیداواری ہونے کے ساتھ ذمہ دار بھی ہو، عالمی سطح پر مسابقتی ہونے کے ساتھ مقامی سطح پر بااختیار بنانے والی بھی ہو اور 'سپت دھارا' کے جذبے سے ہم آہنگ بھی ہو۔ وکست بھارت 2047 کا سفر صرف خشکی پر ہی نہیں، بلکہ اس وسیع نیلے سمندری خطے میں بھی تکمیل پائے گا جو ہمیں اپنے حصار میں لیے ہوئے ہے اور ایک دوسرے سے مربوط کرتا ہے۔

خبر و نظر

جموں و کشمیر میں ہر تین میں سے تقریباً ایک شخص کی موت کی وجہ ہارٹ فیلئر

جے کے این ایس/ 2026 کیلئے جموں و کشمیر میں دل کے مریضوں کی کوئی سرکاری مردم شماری یا قطعی کل شمار نہیں ہے، لیکن علاقائی مطالعات کا اندازہ ہے کہ کورونری یا دل کی بیماری (اکلیلی شریان مرض) کشمیر کی تقریباً 7.54 فیصد بالغ آبادی کو متاثر کرتی ہے۔ شرح اموات: قلبی امراض ایک اہم تشویش ہیں، جو خطے میں ہر 3 میں سے تقریباً ایک موت (تقریباً 28.6 فیصد سے 29.6 فیصد) کا باعث بنتے ہیں۔

امراض قلب کے ماہرین نوٹ کرتے ہیں کہ طرز زندگی میں تبدیلی، تناؤ، اور ذیابیطس کی بڑھتی ہوئی شرح (جموں ڈویژن کے کچھ حصوں میں 18.9 فیصد کے قریب اور کشمیر میں 10 سے 12 فیصد کے قریب کھڑی ہے) کی وجہ سے دل کے دورے اور متعلقہ طریقہ کار میں حالیہ برسوں میں اضافہ ہوا ہے۔

حالیہ رپورٹس: مقامی صحت سے متعلق مشورے بلڈ پریشر، لپڈز اور ذیابیطس کی جلد اسکریننگ پر زور دیتے رہتے ہیں تاکہ اسکیمک دل کی بیماری کے بڑھتے ہوئے بوجھ کو سنبھالا جا سکے۔ کلیدی رجحانات اور شماریات: نوجوانوں میں بڑھتے ہوئے کیسز: خطے میں دل کے دورے کے 5 میں سے تقریباً 1 مریض اب 40 سال سے کم عمر کا ہے۔ سردیوں کے مہینوں میں دل کے واقعات میں نمایاں اضافہ ہوتا ہے۔ گرمیوں کے مقابلے میں 54 فیصد تک زیادہ دل کے دورے ریکارڈ کیے جاتے ہیں، زیادہ تر سردی کی وجہ سے (خون کی نالیوں کا تنگ ہونا) اور ہائی بلڈ پریشر کی وجہ سے۔ مجموعی طور پر کورونری دل کی بیماری (اکلیلی شریان مرض) کا پھیلاؤ 7 فیصد اور 8 فیصد کے درمیان ہے۔

شہری آبادیوں میں دیہی علاقوں (6.70 فیصد) کی نسبت قدرے زیادہ شرح (تقریباً 8.73) دکھائی دیتی ہے۔ بڑے خطرے کے عوامل: طرز زندگی اور خوراک: فاسٹ فوڈ کا زیادہ استعمال، بیٹھے رہنے کی عادات، موٹاپا، اور ذیابیطس اور ہائی بلڈ پریشر کی بڑھتی ہوئی شرح۔ نوجوان بالغوں میں سگریٹ نوشی کا زیادہ پھیلاؤ۔

تناؤ: دائمی نفسیاتی تناؤ اور طویل عرصے تک سماجی و ماحولیاتی عوامل۔ ہیلتھ کیئر انفراسٹرکچر اور چیلنجز: دیہی خسارے: بڑی ترتیری نگہداشت کی سہولیات (جیسے GMC سری نگر اور سپر اسپیشلٹی ہسپتال جموں) مریضوں کے بھاری بوجھ کو سنبھالتی ہیں، لیکن دیہی اور دور دراز علاقوں خاص طور پر شمالی کشمیر کے کچھ حصے کو ماہر امراض قلب اور ایمرجنسی ریسپانس انفراسٹرکچر کی شدید کمی کا سامنا ہے۔

ڈیجیٹل نیٹ ورکس: ہنگامی تاخیر کا مقابلہ کرنے کے لیے، مقامی طبی پیشہ ور افراد نے تیز رفتار طبی فیصلوں کے لیے موبائل کیپلیکیشن کا استعمال کرتے ہوئے متعدد اسپتالوں میں ریئل ٹائم مشاورتی نیٹ ورکس کا اہتمام کیا ہے۔ انتظامی اقدامات: علاقائی صحت کی دیکھ بھال کے انتظام کو جانچ پڑتال کا سامنا کرنا پڑا ہے بشمول SEHT-PMJAY اسکیم جیسے انشورنس فریم ورک کے تحت بل کی جانے والی کارڈیک طریقہ کار میں بے ضابطگیوں سے متعلق تحقیقات اور معطلی۔

ابتدائی انتباہی علامات جن کے لیے دیکھنا ہے۔ سینے میں درد، دباؤ، یا جکڑن، بازو، جبڑے، یا کمر تک پھیلنے والی تکلیف، سانس کی قلت، اچانک پسینہ آنا، یا چکر آنا، غیر معمولی یا غیر واضح تھکاوٹ۔ اعداد و شمار کے مطابق، بھارت میں ہر سال 28 لاکھ (2.8 ملین) افراد دل کی بیماری کے باعث اپنی جان سے ہاتھ دھو بیٹھتے ہیں۔ ان میں سے 62 فیصد افراد کی عمریں 40 سے 69 سال کے درمیان ہوتی ہیں۔ نیشنل فیملی ہیلتھ سروے (NFHS) اور سیمپل رجسٹریشن سسٹم (SRS) کے اعداد و شمار ظاہر کرتے ہیں کہ 2022 اور 2024 کے درمیان ہونے والی اموات میں سے 60 فیصد غیر متعدی بیماریوں کی وجہ سے ہوئیں، جن میں سے 32 فیصد اموات کی وجہ دل کی بیماری تھی۔

ماہرین کا کہنا ہے کہ اس صورتحال کے پیش نظر دل کی بیماری سے بچاؤ کے اقدامات اپنانا انتہائی ضروری ہے۔ ہارٹ اٹیک سے بچنے کے لئے طرز زندگی میں یہ تبدیلیاں لائیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ ہفتے میں تین سے چار بار ایک منٹ جاگنگ (تیز دوڑ) اور دو منٹ پیدل چلنا فائدہ مند ہے۔ کئی تحقیقات سے یہ بات ثابت ہوئی ہے کہ 20 سے 30 منٹ تک سائیکل چلانے سے دل کی صحت بہتر ہوتی ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ تیراکی دل اور پھیپھڑوں کی کارکردگی کو بڑھاتی ہے۔

جموں و کشمیر میں 2024ء کے دوران بچوں کیخلاف جرائم کے 887 مقدمات درج

جے کے این ایس/ جموں و کشمیر میں حالیہ کئی برسوں سے خطرناک جرائم اور قانون کی سنگین خلاف ورزیوں کے 8 اسباب کا انکشاف ہوا کہ اس خطے میں سال 2024 کے دوران جنسی زیادتی کے 228 واقعات رپورٹ ہوئے جبکہ اس دوران POCSO کے تحت 308 مقدمات درج کئے گئے۔ جے کے این ایس کے مطابق ایک میڈیا رپورٹ میں نیشنل کرائم ریکارڈز بیورو (NCRB) کے اعداد و شمار کا حوالہ دیتے ہوئے بتایا گیا ہے کہ جموں و کشمیر میں سال 2024 کے دوران بچوں کو جنسی جرائم سے تحفظ (POCSO) ایکٹ کے تحت 308 مقدمات درج کیے گئے، جن میں سے تقریباً تین چوتھائی مقدمات میں جنسی زیادتی کے الزامات شامل تھے۔

2024 میں جنسی زیادتیوں کے کل مقدمات میں سے 228 مقدمات POCSO ایکٹ کی دفعہ 4 اور 6 کے تحت درج کیے گئے، جن کا تعلق جنسی زیادتی اور سنگین نوعیت کی جنسی زیادتی سے ہے۔ مزید 65 مقدمات دفعہ 8 اور 10 کے تحت درج کیے گئے، جن کا تعلق جنسی زیادتی اور سنگین نوعیت کی جنسی زیادتی سے ہے۔ اعداد و شمار یہ بھی ظاہر کرتے ہیں کہ بچوں کے جنسی ہراسانی سے متعلق ایکٹ کی دفعہ 12 کے تحت 7 مقدمات درج کیے گئے، جبکہ بچوں کو فحش مقاصد کے لیے استعمال کرنے سے متعلق دفعہ 14 اور 15 کے تحت 5 مقدمات درج کیے گئے۔ POCSO ایکٹ کی دفعہ 17 سے 22 کے تحت 13 اضافی مقدمات درج کیے گئے، جن میں جرم پر اکسانے اور متعلقہ دفعات شامل ہیں۔ مجموعی طور پر، جموں و کشمیر میں 2024 کے دوران بچوں کیخلاف جرائم کے 887 مقدمات درج کیے گئے، جن میں سے 308 مقدمات POCSO کے تحت تھے۔

جنوبی کوریا کا پہلے ہائپر سونک گلائیڈ وہیکل کا کامیاب تجربہ

سیول، 8 اکتوبر (یو این آئی) جنوبی کوریا نے جمعرات کو اپنے پہلے ہائپرسونک گلائیڈ وہیکل (ایچ جی وی) کا کامیاب تجربہ کیا۔ صدر لی جے میونگ نے خود اس تجربے کا مشاہدہ کیا۔ صدارتی دفتر کے مطابق یہ ملک کی طویل فاصلے تک مار کرنے کی صلاحیت حاصل کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ صدارتی ترجمان کانگ یو جنگ نے صحافیوں کو تحریری بریفنگ میں بتایا کہ ابھی تیاری کے مرحلے میں موجود اس نظام کا پہلا تجربہ ہائپرسونک ٹیکنالوجی کے بنیادی پہلوؤں، بشمول پرواز کے راستے اور رفتار کی جانچ کے لیے کیا گیا۔ یونہاپ نیوز ایجنسی کے مطابق انہوں نے ایچ جی وی کو کھیل کا رخ بدلنے والا تزویراتی اثاثہ قرار دیا، جو دشمن کے اہداف کے خلاف اچانک اور انتہائی درست حملے کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ کانگ نے کہا، ایچ جی وی کامیابی کے ساتھ اپنے بوسٹر سے الگ ہوا اور ہائپرسونک رفتار کے دوران اپنے طے شدہ پروازی راستے پر کامیابی سے آگے بڑھا۔ اس کامیاب تجربے سے یہ اہم سنگ میل حاصل ہوا ہے کہ جزیرہ نما کوریا کے پورے خطے میں اہم اہداف کو نشانہ بنانے کی صلاحیت رکھنے والے تیز رفتار نظام کے حصول کی تیاریاں مکمل ہو گئی ہیں۔ ایچ جی وی ایک ایسا میزائل نظام ہے جو بوسٹر کی مدد سے تیز رفتاری حاصل کرتے ہوئے بالائی فضا تک پہنچتا ہے، پھر بوسٹر سے الگ ہو کر کم بلندی پر ہائپرسونک رفتار سے گلائیڈ کرتا ہے۔ وزیر دفاع آن گیو بیک اور دفاعی حصول پروگرام انتظامیہ کے سربراہ لی یونگ چول بھی تجربے کے مقام پر صدر لی کے ہمراہ موجود تھے۔

نیتن یاہو نے حقائق میں ہیرا پھیری کی ہے

تل ابیب، 8 اکتوبر (یو این آئی) نیتن یاہو نے اکتوبر 2023 کے حملے سے قبل انہیں فراہم کی گئی سیکورٹی معلومات اور کی جانے والی تنبیہات کے بارے میں مکمل طور پر درست حقائق ذکر کرنے والا موقف پیش کیا۔ شائع ہونے والی ایک جامع تحقیق میں بتایا گیا ہے کہ نیتن یاہو نے بعض اہم ریکارڈز چھپائے اور واقعات کے سیاق و سباق کو تبدیل کیا تاکہ جنگ سے قبل اپنے موقف کو مختلف انداز میں پیش کیا جا سکے۔ روزنامہ یدیعوت احرونوت اور اس کے ذیلی ادارے نیٹ کی جانب سے کی جانے والی تحقیقات میں نیتن یاہو کی جانب سے فروری میں جاری کی گئی 55 صفحات پر مشتمل دستاویز کا موازنہ اصل تحقیقی ریکارڈز، اجلاسوں کے منٹس اور سرکاری بیانات سے کیا گیا۔ تحقیق میں بالخصوص سرحد پار حملے سے قبل کے ہفتوں میں انٹیلی جنس حکام کی جانب سے دی جانے والی ہنگامی وارننگز کے حوالے سے بیانات میں منظم طریقے سے کی گئی حذف و ترمیم کا انکشاف کیا گیا۔ نیتن یاہو کی جانب سے فروری میں جاری کی گئی دستاویز میں یہ موقف پیش کیا گیا تھا کہ نیتن یاہو اعلیٰ سطح کے حماس کمانڈروں کے خلاف ٹارگٹ کلنگ کی مسلسل حمایت کرتے رہے تھے۔ اس دستاویز میں فوجی اور انٹیلی جنس حکام کو ایسے فریق کے طور پر پیش کیا گیا جو غزہ میں جنگ بندی برقرار رکھنے کے حامی اور فوجی کارروائیوں سے گریزاں تھے۔ تاہم اصل ریکارڈز سے ظاہر ہوتا ہے کہ نیتن یاہو نے حماس کے مؤثر طور پر باز رہنے یا اس پر قابو پانے کے موقف پر اصرار کرتے ہوئے مجوزہ فوجی اقدامات کو مسلسل مسترد کیا۔ اخبار نے دیگر نظر انداز کیے گئے پہلوؤں کی جانب بھی توجہ دلائی، جن میں اگست 2023 میں رفح بارڈر کی جانب سے دی گئی ایک وارننگ بھی شامل تھی۔

روبیو کا یورپ سے معیشت اور فوج مضبوط بنانے پر زور، گلفوائل کے الزامات پر تبصرے سے انکار

ایتھنز (یونان)، 8 اکتوبر (یو این آئی) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے جمعرات کو امریکہ کے یورپی اتحادیوں پر زور دیا کہ وہ اپنی معیشت، معاشرے اور فوج کو مضبوط بنائیں۔ تاہم انہوں نے یونان میں امریکی سفیر کمبرلی گلفوائل سے متعلق ایک خبر میں لگائے گئے الزامات پر فوری ردعمل دینے سے انکار کر دیا۔ ایتھنز بین الاقوامی ہوائی اڈے پر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے روبیو نے کہا کہ امریکہ مضبوط یورپ اور یورپ میں مضبوط شراکت دار چاہتا ہے۔ ان کے مطابق نیٹو کے ہر رکن ملک کی طاقت براہ راست اتحاد کی مجموعی طاقت کا تعین کرتی ہے۔ روبیو نے کہا وہ جتنے مضبوط ہوں گے، ہم اجتماعی طور پر اتنے ہی مضبوط ہوں گے۔ روبیو نے امریکی سفیر کمبرلی گلفوائل کے خلاف ایک نئی رپورٹ میں عائد ان الزامات پر تبصرہ کرنے سے انکار کر دیا کہ انہوں نے سفیر کا عہدہ سنبھالنے سے قبل نامناسب اور ممکنہ طور پر غیر قانونی طرز عمل اختیار کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ وہ وال اسٹریٹ جرنل کی اس خبر میں شامل الزامات پر بات نہیں کریں گے، جس میں دعویٰ کیا گیا ہے کہ گلفوائل نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے ایک عطیہ دہندہ اور حامی سے اپنی توثیقی سماعت سے عین قبل ایک لاکھ ڈالر کے کریڈٹ کارڈ بل کی ادائیگی کرنے کو کہا تھا اور اس کے بدلے انتظامیہ کے عہدیداروں تک رسائی دلانے کا وعدہ کیا تھا۔ روبیو نے یونان سے روانگی سے قبل یہ بیان دیا۔ یونان میں انہوں نے ایک تقریر میں یورپی ممالک پر زور دیا تھا کہ وہ ان جڑوں کی طرف واپس لوٹیں جنہیں وہ یورپی تہذیب کی بنیاد قرار دیتے ہیں۔ انہوں نے یونان، پرتگال اور جرمنی کو ان اتحادی ممالک کی مثال قرار دیا جو اپنی ذمہ داریاں بڑھا رہے ہیں۔ تاہم تسلیم کیا کہ نیٹو کے بعض ارکان کو دفاع اور دیگر وعدوں کے حوالے سے اندرونی سیاسی دباؤ کا سامنا ہے۔ روبیو نے کہا، نیٹو کے انفرادی ارکان جتنے مضبوط ہوں گے، خواہ سماجی، اقتصادی یا فوجی اعتبار سے، نیٹو اتنا ہی مضبوط ہوگا۔ گلفوائل سے متعلق الزامات پر بار بار سوالات کیے جانے پر روبیو نے کہا کہ محکمہ خارجہ کو ابھی ان الزامات کا جائزہ لینے کا موقع نہیں ملا ہے۔

کمزور سرمایہ کاری اور سست اقتصادی ترقی کے درمیان بنگلہ دیش کی معیشت پر تاجروں اور ماہرین اقتصادیات کو تشویش

ڈھاکہ، 8 اکتوبر (یو این آئی) بنگلہ دیش کی موجودہ اقتصادی صورتحال سے متعلق عالمی بینک کی تازہ ترین رپورٹ نے ملک کے تاجروں اور ماہرین اقتصادیات میں تشویش پیدا کر دی ہے۔ ملک کو کمزور سرمایہ کاری، روزگار میں کمی، بڑھتی غربت، سست اقتصادی ترقی اور توانائی کی مسلسل قلت کے بڑھتے دباؤ کا سامنا ہے، جس کے پیش نظر فوری اصلاحات کی ضرورت محسوس کی جا رہی ہے۔ عالمی بینک کے مطابق مالی سال 2025-26 میں بنگلہ دیش کی حقیقی مجموعی گھریلو پیداوار (جی ڈی پی) کی شرح نمو کم ہو کر 4.3 فیصد رہ گئی، جبکہ تیسری سہ ماہی میں یہ تقریباً 2.2 فیصد رہی، جو کووڈ-19 وبا کے بعد کسی سہ ماہی کی سب سے کم شرح ہے۔ مالی سال 2022-23 میں اقتصادی ترقی کی شرح 5.8 فیصد رہی تھی۔ اقتصادی سست روی کی بڑی وجہ سرمایہ کاری میں کمی رہی۔ مالی سال 2025-26 کے دوران نجی سرمایہ کاری میں 5.0 فیصد اور سرکاری سرمایہ کاری میں 7.0 فیصد کمی ہوئی، جبکہ اشیا اور خدمات کی حقیقی برآمدات 8.4 فیصد کم ہو گئیں۔ سالانہ ترقیاتی پروگرام پر عمل درآمد بھی ریکارڈ کم سطح پر پہنچ گیا۔ گیس اور بجلی کی قلت کے باعث کارخانے اپنی پیداواری صلاحیت سے کم پر کام کر رہے ہیں، جبکہ بعض نے کام کے اوقات کم، پیداوار معطل یا ملازمین کو برطرف کر دیا ہے۔ فیڈریشن آف بنگلہ دیش چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری (ایف بی سی سی آئی) کے ایڈمنسٹریٹر اور بنگلہ دیش نٹ ویئر مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن (بی کے ایم ای اے) کے سابق صدر محمد فضل الحق نے کہا کہ عالمی بینک کی رپورٹ کو سنجیدگی سے لیا جانا چاہیے۔

چینی زبان بولنے والے ہیکر نے جنوبی کوریا کے بینکوں پر سائبر حملے کر دیئے

واشنگٹن، 8 اکتوبر (یو این آئی) امریکی سائبر سیکورٹی کمپنی کراوڈ اسٹرائک کے مطابق، چینی زبان بولنے والے ایک نامعلوم ہیکر نے مصنوعی ذہانت سے چلنے والے ٹول کے استعمال سے جنوبی کوریا کے کئی مالیاتی اداروں کے کمپیوٹر سسٹموں میں داخل ہو کر ڈیٹا چوری کر لیا ہے۔ یونہاپ نیوز ایجنسی نے جمعرات کے روز کراوڈ اسٹرائک کی ایک رپورٹ کے حوالے سے بتایا ہے کہ یہ سائبر حملے ستمبر کے اواخر اور اکتوبر کے اوائل کے درمیان کیے گئے۔ حملہ آور نے چین میں تیار کیے گئے اوپن سورس پینیٹریشن ٹیسٹنگ ٹول ARTEX کو بڑے لسانی ماڈلوں (LLMs) کے ساتھ استعمال کرتے ہوئے بینکاری نظاموں تک رسائی حاصل کی۔ نشانہ بننے والے نظاموں میں ایک بینک کی قرض کی معلومات حاصل کرنے کی سروس اور دوسرے بینک کا ملازمین کے لیے موبائل سپورٹ پلیٹ فارم شامل تھا۔ کراوڈ اسٹرائک نے ان حملوں سے منسلک دو سرورز کی شناخت کی، جن میں سے ایک ہانگ کانگ میں واقع تھا۔ کمپنی کے مطابق حملہ آور کا مقصد مالی فائدہ حاصل کرنا معلوم ہوتا ہے۔ اس کی بنیاد کمپنی نے ان علامتوں کو قرار دیا ہے جن کے ذریعے جنوبی کوریا کا چوری شدہ ڈیٹا فروخت کرنے والی آن لائن مارکیٹوں کے بارے میں معلومات حاصل کی گئی تھیں۔ تاہم، حملہ آور کی شناخت، سائبر حملوں کا دائرہ اور چوری کیے گئے ڈیٹا کی مقدار کی ابھی تک تصدیق نہیں ہو سکی۔ یہ انکشافات حال ہی میں ہانا بینک، کے بی کوک من بینک اور شن ہان بینک سے متعلق رپورٹ ہونے والے ڈیٹا لیکس کے بعد سامنے آئے ہیں۔

فرانس کے نصف سے زیادہ عوام طلبہ کے احتجاج کی حمایت کرتے ہیں: سروے

ماسکو، 8 اکتوبر (اسپوتنک/یو این آئی) فرانس کی نصف سے زیادہ آبادی ملک بھر میں ستمبر کے اواخر سے جاری ہائی اسکول کے طلبہ کے احتجاج کی حمایت کرتی ہے۔ ایلابے کمپنی کی جانب سے کرائے گئے ایک سروے میں بدھ کو یہ بات سامنے آئی۔ سروے کرنے والی کمپنی نے کہا کہ 55 فیصد فرانسیسی شہری ہائی اسکول کے طلبہ کی کارروائیوں کی حمایت کرتے ہیں۔ ان میں 26 فیصد مکمل حمایت کرتے ہیں، جبکہ 29 فیصد مظاہرین کے خدشات سے اتفاق کرتے ہیں۔ مزید 35 فیصد لوگوں نے طلبہ کے مظاہروں کی مخالفت کی، جبکہ باقی 10 فیصد نے کہا کہ وہ اس معاملے میں غیر جانبدار ہیں۔ خاص طور پر طلبہ کے والدین میں سے 71 فیصد نے احتجاج کی حمایت کی۔ فرانس کے 70 فیصد سے زیادہ عوام طلبہ کے مطالبات کو جائز سمجھتے ہیں، لیکن 55 فیصد کا خیال ہے کہ اب احتجاج ختم ہو جانا چاہیے۔ اس کے علاوہ سروے میں شامل 89 فیصد افراد نے مظاہروں کے دوران قانون نافذ کرنے والے اہلکاروں اور اسکول کے عملے کے خلاف تشدد کی مذمت کی۔ یہ آن لائن سروے 6 سے 7 اکتوبر کے درمیان فرانس کے 1001 بالغ شہریوں کے درمیان کیا گیا۔ سروے میں غلطی کا امکان 1.4 سے 3.1 فیصد تک ہے۔ فرانس میں ہائی اسکول کے طلبہ تعلیمی نظام میں زیادہ بوجھ والے نظام الاوقات، اساتذہ کی کمی اور دیگر مسائل کے خلاف احتجاج کر رہے ہیں۔ کچھ مظاہروں کے دوران بدامنی بھی ہوئی ہے۔ تازہ ترین اعداد و شمار کے مطابق 6600 سے زیادہ افراد کو حراست میں لیا گیا ہے، جن میں زیادہ تر نابالغ ہیں۔

0194-2310283 mb-rajbagh@jk.gov.in

UNION TERRITORY GOVERNMENT OF JAMMU & KASHMIR

OFFICE OF THE EXECUTIVE ENGINEER (R&B) DIVISION RAJBAGH SRINAGAR

H.Q's: Lal Mandi, Near L.D Hospital Srinagar-190008.

NOTICE INVITING TENDERS

E-NIT No. 95/R&B/RAJ of 2026-27 Issued under Endorsement No.8320-30 Dated: 03.10.2026.

For and on behalf of the Lt. Governor, UT J&K, e-tenders (In Single Cover System) are invited on Percentage Basis from approved and eligible Contractors registered with J&K Govt., CPWD, Railways and other State/Central Governments for the following works:-

S.No.	Name of Work	Base Cost Excl. GST (Rs in Lacs)	TOTAL / Adv. Cost (Base Cost + GST) (Rs in Lacs)	Cost of T/Doc.	Earnest Money Deposit	Time of Completion	Major Head	Class of Contractor / Agency
1	2	3		4	5	6	7	8
1	Renovation of Pesticide Testing Laboratory at Lal Mandi Srinagar.	54.23	63.99	Rs.1600/-	1,27,980/-	60 Days	Capex Budget 2026-27 (Agriculture)	AYY

Position of AAA: Accorded vide No. Order No.202/P&S/2026 Dated: 21.09.2026.
Position of TS: Accoreded.
Position of Funds: Budgeted / Committed.

1. The Bidding documents Consisting of qualifying information, eligibility criteria, specifications, Drawings, bill of quantities (B.O.Q), Set of terms and conditions of contract and other details can be seen/downloaded from the departmental website www.jktenders.gov.in as per schedule of dates given below:-

1	Date of Issue of Tender Notice	03.10.2026.
2	Period of downloading of bidding documents	04.10.2026.from 10:00 AM
3	Bid submission Start Date	05.10.2026.from 10:00 AM
4	Bid Submission End Date	12.10.2026 Up to 04:00 PM
5	Date & time of opening of Bids (Online)	13.10.2026 at 11:30 AM in the office of Executive Engineer R&B Division Rajbagh Srinagar.

2. Bids must be accompanied with the cost of Tender document in the shape of Treasury Challan under M.H-0059 in favour of the Executive Engineer R&B Division Rajbagh Srinagar (Tender Inviting Authority) (The Date of Treasury Challan & EMD should be between the Date of Start of Bid and Bid Submission End date) pledged to the Executive Engineer R&B Division Rajbagh Srinagar (Tender Receiving Authority).
3. At the time of tendering, all bidders must upload Earnest Money/Bid security as mentioned above in the form of CDR/FDR/TDR/BG pledged to the Tender Receiving Authority, i.e. Executive Engineer R&B Division Rajbagh Srinagar. The Earnest Money/Bid security will be released to the successful bidder only after the submission of Performance and Additional Performance Security (if applicable) and Drawl of Agreement as per FORM-25 (Double Cover) .
4. All other terms conditions shall remain as per the J&K Engineering Manual 2020 and other standing Guidelines of the Govt. of India / Govt. of J&K UT and as per PWD FORM (25) Double Cover.

Sd/- Executive Engineer,
R&B Rajbagh Division Srinagar

DIPK-6557/26
Dated: 08/10/2026

Government of Jammu & Kashmir.

Office of the Divisional Forest Officer Special Forest Division Tangmarg.

e-NIT NO: 10 OF 2026-27 DATED: 01-10-2026

For and on behalf of the Lt. Governor, UT J&K, e-tenders (in single cover system) are invited on Percentage basis from approved and eligible Contractors registered with J&K Govt., CPWD, Railways and other State/Central Governments for the following work:

S. No.	Name of Work	Adv. cost (Rs. in Lakh)	Bid Security (EMD) (Rs.)	Class of Contractor	Cost of Tender Document (Rs)	Time of Completion
1.	Providing & Fixing of Chain-link Fencing and Barbed Wire Fencing with Angle Iron Posts in Cement Concrete Blocks (6 Strand) and Planting in Comp 48/Gul (Right), Tangmarg, Gulmarg Range, Tangmarg.	25.47	50940	A & B Civil Contractor/ Forest Contractor	1100	90 days
2.	Providing & Fixing of Chain-link Fencing and Barbed Wire Fencing with Angle Iron Posts in Cement Concrete Blocks (6 Strand) and Planting in Comp 48/Gul (Left), Tangmarg, Gulmarg Range, Tangmarg.	17.26	34520	B & C Civil Contractor/ Forest Contractor	800	90 days
3.	Providing & Fixing of Chain-link Fencing and with Angle Iron Posts in Cement Concrete Blocks Planting in Comp 47c/Gul II, Tangmarg, Gulmarg Range, Tangmarg.	18.53	37060	B & C Civil Contractor/ Forest Contractor	800	90 days

The e-NIT Consisting of qualifying information, eligibility criteria, specifications, bills of quantities, (B.O.Q) set of Terms & Conditions of contract and other details can be seen/downloaded from the Website: -www.jktenders.gov.in.

Name of Scheme: CAMPA
Position of AA/TS: Accorded.
Publishing Date: 06-10-2026
Download Start Date: 08-10-2026 from 09:00 AM
Bid submission Start Date: 08-10-2026 from 09:00 AM
Bid submission End Date: 19-10-2026 Up to 6:00 P.M
Date of Opening of Technical Bid through online: 21-10-2026 at 11:30 AM in the office of the office of Conservator of Forests Srinagar Circle Srinagar.
Date of Opening of Financial Bid through online: To be opened (Online) after technical evaluation is completed.

Important Note: "In pursuance of Finance Department Circular No. FD-Code/290/2026 dated 22.05.2026 and Circular issued by the Office of the Pr. Chief Conservator of Forests (HoFF), J&K vide No. PCCF/Acctts./2026-27/435-43 dated 24.06.2026, Bid Security (EMD), Tender Fee and applicable transaction/service charges shall be deposited online in cash through the prescribed online mechanism. Submission of EMD in the form of CDR/FDR/TDR/Bank Guarantee shall not be accepted. Bidders shall comply with the aforesaid instructions while submitting their bids."

01. The bids shall be deposited in electronic format on the website: - https://jktenders.gov.in
02. The date for opening of Technical & Financial bids online shall be opened as per time schedule mentioned above.
03. Bids uploaded online shall be accompanied by proof of payment of the Cost of Tender Document (Tender Fee) through the prescribed online mechanism, and proof/receipt of online cash deposit of 2% Bid Security (EMD) through the designated pooling account notified by the Finance Department, as generated by the e-tendering system. Submission of Bid Security (EMD) in the form of CDR/FDR/TDR/Bank Guarantee or any other offline instrument shall not be accepted. The date of payment of the Tender Fee and EMD shall be between the date of downloading the bidding document and the bid submission end date. The bids for the work shall remain valid for a period of 90 days from the date of opening of bids.
04. The Successful bidder will have to provide performance security @ 5% of contract value in the form of CDR/FDR/BG pledged to Divisional Forest Officer Special Forest Division Tangmarg (tender receiving authority). The earnest money/ Bid security @2% shall be released to the successful bidder only on receipt of Performance Security @ 5% of Contract value which shall be released after successful completion of DLP of 18 months.
6. All other terms and conditions shall remain same as per PWD form 25 (double leaf) and as per the detailed document.

Sd/-Divisional Forest Officer,
Special Forest Division,
Tangmarg.

DIPK-6562/26 Dated: 08/10/2026

Government of Jammu & Kashmir

OFFICE OF THE EXECUTIVE ENGINEER (R&B) DIVISION CHADOORA

NOTICE INVITING TENDERS

ENIT NO. 83 of R&B /CHADOORA/ 4841-50 of 2026-27 DATED: 08/10/2026

For and on behalf of the Lt. Governor, UT J&K, e-tenders (In Two cover system) are invited on Percentage basis from approved and eligible Contractors registered with J&K Govt., CPWD, Railways and other State/ Central Governments for the following works:-

SN	Name of Work	Adv. Cost (Rs. in Lacs)	Cost of T/Doc. (In Rupees)	Earnest Money (In Rupees)	Time of completion (days)	M.H OF Account	Class Of Contactor
1	2	3	4	5	6	7	8
1	Restoration of Eidgah road at Loolipora by way of protection work.	29.69	1100	59380	45	Permanent Restoration SASCI-I	A/B
2	Construction of road upto the H/o Ab Majid Wagay at Chowdrigund.	9.82	600	19640	21	UT-SECTOR	C/D
3	Boundary Wall at Middle School Poswalpora	1.50	200	3000	07	PAB	DEE

Project Authority: Chief Engineer PW (R&B) Central Kashmir, Director SMARGA Kashmir
Position of Funds: Budgeted/Committed.
Position of AAA: Accorded
Position of TS: Sanctioned

1. The Bidding documents consisting of qualifying information, eligibility criteria, specifications, Drawings, bill of quantities (B.O.Q), Set of terms and conditions of contract and other details can be seen/downloaded from the departmental website www.jktenders.gov.in as per schedule of dates given below:-

1	Date of Issue of Tender Notice	08/09/2026
2	Period of downloading of bidding documents	08/09/2026
3	Bid submission Start Date	08/09/2026
4	Bid Submission End Date	15/10/2026 upto 6.00 PM.
5	Date & time of opening of Technical Bids	16/10/2026 11.00 AM in the office of Executive Engineer R&B Division Chadoora

2. Bids must be accompanied with cost of Tender document in shape of Treasury Challan (deposited in MH: 0059) in favour of Executive Engineer R&B Division Chadoora (tender inviting authority) and Earnest money / Bid security in shape of CDR/FDR/BG pledged to Executive Engineer R&B Division Chadoora (tender receiving authority).
Note:- The Date of Treasury Challan and Earnest Money / Bid security must be between the date of start of bid and Bid Submission End date. Any deviation shall render the bidder as Non-responsive.
2.1 The 1st lowest responsive (Successful) Bidder has to produce an amount equal to 5% of contract as Performance Security in the shape of CDR/FDR/BG in favour of Executive Engineer R&B Division Chadoora (Tender receiving authority) within 15 Days before fixation of Contract and shall be released after successful completion of Defect Liability Period (DLP) of the work, The CDR/ FDR/Bank Guarantee should be valid till DLP period. The Date of Performance Security should be after the date of issuance of Letter of acceptance. Failure to produce Performance Security shall render the L1 as non- responsive and case for debarring of the Contractor for a period of 01 Year shall be forwarded to Higher Authorities.
3. At the time of tendering, all bidders must upload earnest money/bid security equal to 2% of the Advertised Cost in the form of CDR/FDR/BG pledged to the tender receiving authority, i.e., Executive Engineer R&B Division Chadoora. Besides that, the successful bidder will have to provide Performance Security in the shape of CDR/FDR/BG @ 5% at the time of contract award, strictly in accordance with the Government's circular instructions from time to time. The earnest money/bid security of 2% will be released to the successful bidder only after the submission of a Performance Security of 5% of the total cost, which will be released after successful completion of the DLP/Maintenance Period. In case of failure to produce Performance Security shall render the L1 as non-responsive and case for debarring of the Contractor for a period of 01 Year be forwarded to Higher Authorities.
18. All other terms conditions are as per PWD Form 25 (Double agreement Form).

Executive Engineer
R&B Division Chadoora

DIPK-6538/26
Dated: 08/10/2026

بھارت اور کوٹ ڈی آئیوری کے درمیان
دفاع اور انسدادِ دہشت گردی میں تعاون پر بات چیت

نئی دہلی 8 اکتوبر (ایم این این)
وزیر خارجہ ایس جے شنکر نے مغربی افریقی ملک کوٹ ڈی آئیوری کے دورے کے دوران وہاں کے حکام کے ساتھ دفاع اور انسدادِ دہشت گردی کے شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مضبوط بنانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ اس میں تربیت اور صلاحیت سازی کے ذریعے تعاون بڑھانا بھی شامل تھا۔ یہ بات چیت جے شنکر کے افریقہ کے تین ملکی دورے کا حصہ تھی، جس کا آغاز کوٹ ڈی آئیوری سے ہوا ہے۔ ... دوطرفہ تعلقات کے تمام پہلوؤں پر بات چیت کی۔ ... ان کے مشترکہ عزم کی توثیق کرتی ہے۔ ... انہوں نے ... جمہوریہ کوٹ ڈی آئیوری کی شراکت داری کو آگے بڑھانے پر جامع بات چیت کی، جس میں تجارت، سرمایہ کاری، بنیادی ڈھانچہ، زراعت، صحت کی دیکھ بھال اور عوامی سطح پر رابطے شامل تھے۔ انہوں نے کہا کہ اس بات پر زور دیا کہ ہمارا عوام پر مرکوز تعاون کوٹ ڈی آئیوری کی ترجیحات کے مطابق آگے بڑھتا رہے گا۔

انہوں نے بتایا کہ دونوں فریقین نے کثیر الجہتی فورمز پر اپنے رابطہ کو مزید گہرا کرنے پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ جے شنکر اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں ... کوٹ ڈی آئیوری پہنچے۔ اس سے قبل ملاقات میں، انہوں نے دو طرفہ تعاون، ریلوے اور ڈیجیٹل شعبوں سمیت نئے میدانوں میں جامع شراکت داری کو وسعت دینے پر بات چیت کی تھی۔

کہا کہ ہم نے دفاع اور انسداد دہشت گردی کے شعبوں میں تعاون کو مزید آگے بڑھانے کے مواقع پر خیالات کا تبادلہ کیا، جس میں تربیت، صلاحیت سازی اور ادارہ جاتی سطح پر روابط میں اضافہ شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ بات چیت بھارت اور کوٹ ڈی آئیوری کے درمیان تعاون کو مضبوط بناتا تھا اور مزید کہا کہ یہ ملاقات امن، سلامتی اور ترقی کے فروغ کے لیے اسٹریٹجک شراکت داری کو ...

بھارت اور عمان کے درمیان
تجارت، دفاع اور علاقائی سلامتی پر اسٹریٹجک مذاکرات

نئی دہلی 8 اکتوبر (ایم این این)
نئی دہلی میں بھارت۔عمان اسٹریٹجک کنسلٹیٹو گروپ کے 15 ویں اجلاس کے دوران دونوں ممالک نے دوطرفہ تعلقات کے تمام پہلوؤں پر بات چیت کی، جن میں سیاسی و اسٹریٹجک تعاون، تجارت و سرمایہ کاری، توانائی، دفاع اور سمندری امور میں تعاون شامل ہیں۔ اس کے علاوہ علاقائی سلامتی اور آپسی دلچسپی کے علاقائی اور بین الاقوامی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزارت خارجہ کے ایک سرکاری بیان کے مطابق، یہ اجلاس 7 اکتوبر کو منعقد ہوا اور اس کی مشترکہ صدارت حکومت ہند کی وزارت خارجہ کی سیکریٹری سری پریا رنگا ناتھن اور سلطنت عمان کی وزارت خارجہ کے انڈر سیکریٹری برائے سیاسی امور شیخ خلیفہ بن علی الحارثی نے کی۔ آج نئی دہلی میں بھارت۔عمان اسٹریٹجک کنسلٹیٹو گروپ کا 15 واں اجلاس منعقد ہوا، جس کی مشترکہ صدارت سیکریٹری محترمہ سری پریا رنگا ناتھن اور عمان کے انڈر سیکریٹری برائے سیاسی امور عزت مآب شیخ خلیفہ الحارثی نے کی۔ اجلاس کے دوران دوطرفہ تعلقات اور جاری اقدامات کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا گیا، جن میں تجارت و سرمایہ کاری، توانائی، دفاع اور سمندری امور میں تعاون شامل ہیں۔ باہمی دلچسپی کے علاقائی اور بین الاقوامی امور پر بھی بات چیت کی گئی۔ وزارت خارجہ نے اپنے بیان میں کہا کہ اجلاس میں دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کے تمام پہلوؤں پر بات چیت کی گئی، جن میں سیاسی و اسٹریٹجک تعاون، تجارت و سرمایہ کاری، بھارت۔عمان جامع اقتصادی شراکت داری معاہدے پر عمل درآمد، توانائی، دفاع اور سمندری امور میں تعاون، ڈیجیٹل اشتراک، تعلیم، ثقافت اور عوام کے درمیان روابط شامل ہیں۔ دونوں فریقین نے باہمی دلچسپی کے علاقائی اور بین الاقوامی امور پر بھی تبادلہ خیال کیا، جن میں علاقائی سلامتی، سمندری سلامتی اور آپسی جڑے ہوئے مسائل شامل ہیں۔ ... دونوں فریقین نے حالیہ برسوں میں دونوں ممالک کے درمیان اسٹریٹجک شراکت داری ... اور تعاون کو مزید مضبوط بنانے ... اسٹریٹجک کنسلٹیٹو گروپ کا 15 واں اجلاس ایسے وقت میں منعقد ہوا ہے جب دونوں ممالک متعدد شعبوں میں اپنی اسٹریٹجک شراکت داری اور تعاون کو مزید مستحکم کر رہے ہیں۔

بھارت کا دوست ممالک سے سمندر میں انسانی جانوں کے تحفظ کے عزم کی تجدید کا مطالبہ

نئی دہلی 8 اکتوبر (ایم این این)
مرکزی وزیر مملکت برائے دفاع سنجے سیٹھ نے بدھ کے روز دوست ممالک پر زور دیا کہ وہ سمندر میں انسانی جانوں کے تحفظ کے اپنے عزم کی تجدید کریں اور تعاون کے اس جذبے کو مضبوط بنائیں جو پورے خطے میں مؤثر تلاش اور بچاؤ کی کارروائیوں کی بنیاد ہے۔ وزیر نے یہ بات اڈیشہ کے پارادیپ کے قریب کثیر الملکی تلاش اور بچاؤ مشق (SAREX-2026) کا افتتاح کرنے کے بعد کہی، جس میں 30 دوست ممالک نے شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ انڈین کوسٹ گارڈ کی جانب سے منعقد کی گئی اس کثیر ایجنسی مشق کا مقصد آپریشنل تیاریوں کی تصدیق کرنا، بین الاقوامی سطح پر باہمی اشتراک کی صلاحیت کو بڑھانا، مشترکہ ردعمل کے طریقہ کار کو آزمانا اور بہترین طریقوں کے تبادلے کو فروغ دینا ہے، جبکہ اس بات کا اعادہ کرنا ہے کہ سمندر میں انسانی جانوں کا

تحفظ ہی ہر مشن کا اولین مقصد ہے۔ سیٹھ نے کہا، تمام شریک ایجنسیوں اور بین الاقوامی شراکت داروں کو سمندر میں انسانی جانوں کے تحفظ کے مشترکہ عزم کی تجدید کرنی چاہیے اور تعاون کے اس جذبے کو مضبوط بنانا چاہیے جو ایک زمین، ایک خاندان، ایک مستقبل کے اصول کے تحت پورے خطے میں مؤثر تلاش اور بچاؤ کی کارروائیوں کی بنیاد ہے۔ وزیر نے کہا کہ اجتماعی کوششوں سے ایک محفوظ، زیادہ مستحکم اور باہمی تعاون پر مبنی سمندری برادری تشکیل دی جا سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جیسے جیسے بھارت ... بھارت 2047 کے اہداف کی جانب بڑھ رہا ہے، اس کی تلاش اور بچاؤ کی صلاحیتوں میں بھی ارتقاء آنا چاہیے تاکہ وہ مزید تیز، درست اور مستحکم ہو سکیں۔ سیٹھ نے کہا، ایک ترقی یافتہ اور بااختیار بھارت کو ایک محفوظ، مستحکم اور تکنیکی طور پر جدید سمندری قوم بھی بننا چاہیے، جیسا کہ انڈین کوسٹ گارڈ کے نصب العین 'وینم رکشامہ' (ہم حفاظت کرتے ہیں) میں نمایاں طور پر جھلکتا ہے۔ اس شعبے میں تکنیکی پیش رفت کے بارے میں بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سیٹلائٹ کی مدد سے تلاش اور بچاؤ کے سلسلے میں بھارت کا سفر بتدریج لو ارتھ آربٹ سرچ اینڈ ریسکیو سے جیو اسٹیشنری سرچ اینڈ ریسکیو اور اب میڈیم ارتھ آربٹ سرچ اینڈ ریسکیو کی جانب بڑھا ہے۔ انہوں نے انڈین میڈیم ارتھ آربٹ لوکل یوزر ٹرمینل کی مکمل آپریشنل صلاحیت کے حصول کو بھارت کی سیٹلائٹ پر مبنی تلاش اور بچاؤ کی صلاحیت میں ایک اہم پیش رفت قرار دیا۔

بھارت COP31 میں
متوازن اور پرعزم نتائج کے حصول کے لیے تیار۔ بھوپیندر یادو

نئی دہلی 8 اکتوبر (ایم این این)
ماحولیات، جنگلات اور موسمیاتی تبدیلی کے مرکزی وزیر بھوپیندر یادو نے جمعرات کو کہا کہ نادی میں پری COP31 مذاکرات کے اختتام کے بعد، بھارت انطالیہ، ترکیہ میں ہونے والی آئندہ کانفرنس COP31 میں متوازن اور پرعزم نتائج کے حصول کے لیے صدارت، سربراہان اور تمام فریقین کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے تیار ہے۔ ایکس پر ایک پوسٹ میں یادو نے کہا، "نادی، فجی میں 'پری کوپ' مذاکرات آج اختتام پذیر ہوئے۔" انہوں نے کہا، "جب ہم فجی سے روانہ ہو رہے ہیں تو ہمارا مقصد بالکل واضح ہے: ان بات چیت کے تعمیری پہلوؤں کو انطالیہ تک لے جانا۔ گزشتہ چند دنوں کے دوران، دوطرفہ اور کثیر جہتی رابطوں کے ذریعے، ہم نے اگلے ماہ انطالیہ، ترکیہ میں ہونے والی COP31 کے لیے اتفاق رائے پیدا کرنے کی خاطر ایک مؤثر اور تعمیری عمل میں حصہ لیا ہے۔" نادی، فجی میں 'پری کوپ' مذاکرات آج اختتام پذیر ہوئے۔ جب ہم فجی سے روانہ ہو رہے ہیں تو ہمارا مقصد بالکل واضح ہے: ان بات چیت کے تعمیری پہلوؤں کو انطالیہ تک لے جانا۔ گزشتہ چند دنوں کے دوران، دوطرفہ اور کثیر جہتی رابطوں کے ذریعے، ہم نے اگلے ماہ انطالیہ، ترکیہ میں ہونے والی COP31 کے لیے اتفاق رائے پیدا کرنے کی خاطر ایک مؤثر اور تعمیری عمل میں حصہ لیا ہے۔ بھارت اس سلسلے میں صدارت، سربراہان اور تمام فریقین کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے تیار ہے۔

روس میں بین الاقوامی ماہی گیری مقابلے میں ہندوستانی ماہی گیروں کی شرکت
11 ممالک کے نمائندے شامل

نئی دہلی 8 اکتوبر (ایم این این)
روس کی سرکاری جوہری توانائی کمپنی روساٹوم کے زیر اہتمام منعقد ہونے والے چوتھے بین الاقوامی ماہی گیری ٹورنامنٹ میں ہندوستانی ماہی گیروں نے بھی شرکت کی۔ یہ منفرد مقابلہ روس کے تویر خطے کے اودوملیا ضلع میں کالینن نیوکلیئر پاور پلانٹ کے قریب منعقد کیا گیا، جس کا مقصد مختلف ممالک کے درمیان دوستانہ تعلقات کو فروغ دینے کے ساتھ جوہری توانائی اور ماحولیاتی تحفظ کے بارے میں آگاہی پیدا کرنا تھا۔ اس بین الاقوامی مقابلے میں ہندوستان سمیت 11 ممالک کے 22 شوقیہ ماہی گیروں نے حصہ لیا، جبکہ 28 صحافیوں اور ماہرین نے بھی شرکت کی۔ شریک ممالک میں بنگلہ دیش، بیلاروس، ہنگری، ویتنام، مصر، ہندوستان، انڈونیشیا، ملائیشیا، ترکی، ازبکستان اور جنوبی افریقہ شامل تھے۔ ہندوستان کی نمائندگی تمل ناڈو سے تعلق رکھنے والے دو ماہی گیری کے شوقین افراد وجین جوزف اور چندر شیکھر روی نے کی۔ مقابلے کے تحت 28 ستمبر کو شرکاء کے لیے تربیتی سیشن منعقد کیا گیا، جبکہ 29 ستمبر کو ماہی گیری کے مرکزی مقابلے ہوئے۔ اس دوران مختلف زمروں میں مچھلیاں پکڑنے کی صلاحیت اور کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ مقابلے میں ملائیشیا کی ٹیم نے 7.1 کلوگرام وزنی مچھلی پکڑ کر سب سے بڑی مچھلی کا اعزاز حاصل کیا۔ ہنگری کی ٹیم کو موسم و حوصلے کے زمرے میں کامیابی ملی، جبکہ روسی ٹیم نے جھیل اودوملیا میں پائی جانے والی مچھلیوں کی سب سے زیادہ اقسام پکڑنے کا اعزاز حاصل کیا۔ ماہی گیری کے بعد پکڑی گئی مچھلیوں کا خصوصی آلات کے ذریعے تابکاری کی جانچ کے لیے معائنہ بھی کیا گیا۔

کھڑگے اور پرینکا نے یوم فضائیہ پر نیک خواہشات پیش کیں

نئی دہلی، 8 اکتوبر (یو این آئی)
کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے اور پارٹی کی جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی واڈرا نے جمعرات کو یوم فضائیہ کے موقع پر ملک کے بہادر فضائی جانبازوں، موجودہ سروس اہلکاروں، سابق فوجیوں اور ان کے اہل خانہ کو نیک خواہشات پیش کیں۔ مسٹر کھڑگے نے اپنے تہنیتی پیغام میں کہا کہ ہندوستانی فضائیہ کے جوانوں نے غیر معمولی بہادری، پیشہ ورانہ صلاحیت اور فرض کے تئیں غیر متزلزل عزم کے ساتھ ملک کے آسمان کی حفاظت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنگ کے وقت ملک کی سلامتی سے لے کر انسانی بحران کے دوران امداد پہنچانے تک فضائیہ ہمیشہ تیار رہی ہے۔ انہوں نے فضائی جانبازوں کی خدمات اور قربانیوں کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ ملک کو فضائیہ کی شاندار روایت اور ایک مضبوط، جدید اور حکمت عملی کے لحاظ سے اہم فوجی طاقت کے طور پر اس کے مسلسل سفر پر فخر ہے۔ محترمہ واڈرا نے یوم فضائیہ کے موقع پر ملک کے آسمان کی حفاظت کرنے والے بہادر فضائی جانبازوں کو سلام پیش کیا اور ان کی بہادری، نظم و ضبط اور لگن کو سراہا۔

بھارت نے سری لنکا کو تپ دق کے علاج کے لیے 5 کروڑ 20 لاکھ روپے کی ادویات عطیہ کیں

نئی دہلی 8 اکتوبر (ایم این این)
ہندوستان نے سری لنکا کے عوام کی صحت اور طبی ضروریات میں تعاون کے اپنے عزم کو دہراتے ہوئے تپ دق (ٹی بی) کے علاج کے لیے 5 کروڑ 20 لاکھ سری لنکن روپے مالیت کی ضروری ادویات عطیہ کی ہیں۔ اس امداد کا مقصد سری لنکا میں ٹی بی کے مریضوں کو علاج کی مسلسل فراہمی یقینی بنانا اور ادویات کی ممکنہ قلت کو روکنا ہے۔ سری لنکا میں ہندوستان کے ہائی کمشنر سنتوش جھا نے کولمبو میں وزارت صحت کے دفتر میں ادویات کی یہ کھیپ وزیر صحت و ذرائع ابلاغ ڈاکٹر نلندا جیاتسا کے حوالے کی۔ اس موقع پر نائب وزیر صحت ڈاکٹر ہنسکا وجیمونی بھی موجود تھے۔ یہ طبی امداد سری لنکا کی حکومت کی درخواست پر فراہم کی گئی ہے، جس کے انتظامات میں ہندوستان کی وزارت صحت و خاندانی بہبود نے اہم کردار ادا کیا۔ عطیہ کی گئی ادویات کا مجموعی وزن تقریباً تین ٹن ہے اور ان میں 15 لاکھ سے زائد گولیاں شامل ہیں۔ یہ ادویات ٹی بی کے ابتدائی اور بنیادی علاج میں استعمال ہوتی ہیں اور ان کی فراہمی سے سری لنکا کے مریضوں کے علاج میں تسلسل برقرار رکھنے میں مدد ملے گی۔ ہندوستان کی جانب سے سری لنکا کو طبی امداد کی فراہمی دونوں ممالک کے درمیان دیرینہ دوستانہ تعلقات اور صحت کے شعبے میں بڑھتے ہوئے تعاون کی عکاسی کرتی ہے۔ اس سے قبل اگست 2026 میں بھی ہندوستان نے سری لنکا کی درخواست پر ڈینگی کی روک تھام کے لیے 500 لیٹر ٹیکنیکل میلاتھیون فراہم کیا تھا، جس کا مقصد مچھروں کے خاتمے اور ڈینگی کے پھیلاؤ کو محدود کرنے کی کوششوں میں مدد دینا تھا۔ ہندوستان اور سری لنکا کے درمیان صحت کے شعبے میں تعاون کئی دہائیوں پر محیط ہے۔ اس میں اسپتالوں کی تعمیر و ترقی، طبی مراکز کی جدید کاری، ضروری ادویات اور طبی آلات کی فراہمی کے علاوہ طبی عملے کی تربیت اور صلاحیتوں میں اضافے کے پروگرام شامل ہیں۔ ہندوستان ماضی میں بھی سری لنکا کو ہنگامی حالات اور طبی ضروریات کے دوران امداد فراہم کرتا رہا ہے۔ تازہ طبی امداد دونوں پڑوسی ممالک کے درمیان انسانی ہمدردی، علاقائی تعاون اور عوامی فلاح و بہبود پر مبنی شراکت داری کی ایک اور مثال ہے۔

بھارت کے ساتھ تجارتی معاہدہ یورپی یونین کی اسٹریٹجک ضرورت
نئی دہلی عالمی اقتصادی سیاست میں اہم شراکت دار بن گیا

نئی دہلی 8 اکتوبر (ایم این این)
بھارت اور یورپی یونین کے درمیان تاریخی آزاد تجارتی معاہدہ دونوں فریقوں کے اقتصادی تعلقات میں ایک اہم پیش رفت ہونے کے ساتھ عالمی سیاست میں بدلتی ہوئی اسٹریٹجک ترجیحات کی عکاسی کرتا ہے۔ یورپی یونین اب بھارت کو محض ایک بڑی تجارتی منڈی نہیں بلکہ عالمی اقتصادی غیر یقینی صورتحال، چین پر انحصار اور بین الاقوامی سپلائی چین کے خطرات سے نمٹنے کے لیے ایک اہم شراکت دار سمجھ رہی ہے۔ 27 جنوری 2026 کو بھارت اور یورپی یونین نے آزاد تجارتی معاہدے پر مذاکرات مکمل کرنے کا اعلان کیا تھا۔ یورپی کمیشن کی صدر ارسولا وان ڈیر لیین نے اسے تمام معاہدوں کی ماں قرار دیتے ہوئے اس کی اقتصادی اور سیاسی اہمیت اجاگر کی تھی۔ معاہدے کے تحت یورپی یونین کی 97 فیصد برآمدی مصنوعات پر بھارتی محصولات کم یا ختم کیے جائیں گے۔ توقع ہے کہ اس سے 2032 تک یورپی یونین کی بھارت کو برآمدات دوگنی ہو سکتی ہیں۔ تاہم معاہدے میں زراعت جیسے حساس شعبوں کو مکمل طور پر آزاد نہیں کیا گیا، جبکہ سرکاری خریداری کو اس کے دائرے سے باہر رکھا گیا ہے۔ گاڑیوں کے شعبے میں محصولات مرحلہ وار دس سال کے دوران کم کیے جائیں گے۔ ماہرین کے مطابق یہ معاہدہ ظاہر کرتا ہے کہ یورپی یونین بھارت کے ساتھ طویل مدتی شراکت داری کے لیے اپنی روایتی تجارتی پالیسیوں میں لچک پیدا کرنے کو تیار ہے۔ یورپ طویل عرصے تک سلامتی کے لیے امریکہ، برآمدی منڈی کے لیے چین اور سستی توانائی کے لیے روس پر انحصار کرتا رہا ہے۔ لیکن حالیہ عالمی تبدیلیوں نے ان تعلقات سے وابستہ خطرات نمایاں کر دیے ہیں۔ چین کے ساتھ بڑھتی ہوئی اقتصادی اور اسٹریٹجک مسابقت، روس اور یوکرین کی جنگ اور امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی محصولات سے متعلق پالیسیوں نے یورپی ممالک کو نئے تجارتی شراکت دار تلاش کرنے پر مجبور کیا۔ ایسے حالات میں بھارت یورپ کے لیے ایک اہم متبادل بن کر سامنے آیا ہے۔ بھارت بھی چین پر عالمی صنعتی انحصار کم کرنے کی کوششوں کے تحت خود کو ایک قابل اعتماد پیداواری مرکز کے طور پر پیش کر رہا ہے۔

جنتر منتر پر مظاہرے کے لیے 10 دن پہلے درخواست کی شرط بے تکی: کانگریس

نئی دہلی، 08 اکتوبر (یو این آئی)
کانگریس نے جنتر منتر پر مظاہرے کے لیے 10 دن پہلے درخواست دینے کی شرط پر اعتراض ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ کسی واقعے پر فوری احتجاج کے لیے لوگوں کو دس دن انتظار کرنے پر مجبور نہیں کیا جا سکتا۔ کانگریس کے اتر پردیش انچارج راجندر پال گوتم نے بدھ کے روز یہاں پارٹی ہیڈکوارٹر میں ایک پریس کانفرنس میں کہا کہ یہ خبر حیران کن ہے کہ جنتر منتر پر کسی بھی مظاہرے کے لیے کم از کم 10 دن پہلے درخواست دینی ہوگی۔ انہوں نے دہلی پولیس کے اس فرمان پر اعتراض ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ اگر آج کسی کے ساتھ ظلم ہو جائے، کسی کا بے رحمی سے قتل ہو جائے یا جمہوریت پر حملہ کر دیا جائے تو کیا لوگوں کو اس کے احتجاج کے لیے 10 دن انتظار کرنا ہوگا؟

نیپال میں بھارت کی مالی امداد سے تعمیر شدہ نئے اسکول کا افتتاح

نئی دہلی 8 اکتوبر (ایم این این)
بھارت اور نیپال کے درمیان ترقیاتی تعاون کو مزید مستحکم کرتے ہوئے نیپال کے مورنگ ضلع میں بھارتی حکومت کی مالی امداد سے تعمیر ہونے والی ایک نئی اسکول عمارت کا افتتاح کر دیا گیا ہے۔ اس منصوبے کا مقصد مقامی طلبہ کو بہتر تعلیمی سہولتیں فراہم کرنا اور علاقے میں تعلیمی بنیادی ڈھانچے کو مضبوط بنانا ہے۔ یہ نئی عمارت مورنگ ضلع کی سندر ہرینچا میونسپلٹی کے وارڈ نمبر سات، گوٹھ گاؤں میں واقع شری پنچایت مادھیامک ودیالیہ میں تعمیر کی گئی ہے۔ افتتاحی تقریب میں کوشی صوبے کے وزیر اعلیٰ ہکست کمار کارکی، کٹھمنڈو میں بھارتی سفارت خانے کے فرسٹ سیکریٹری رامائن سنگھ اور سندر ہرینچا میونسپلٹی کے میئر کیدار پرساد گوراگائیں نے مشترکہ طور پر شرکت کی اور عمارت کا افتتاح کیا۔ یہ منصوبہ بھارت کے ہائی امپیکٹ کمیونٹی ڈیولپمنٹ پروجیکٹ (HICDP) پروگرام کے تحت مکمل کیا گیا ہے، جس پر مقامی میونسپلٹی کے ذریعے عمل درآمد کیا گیا۔ تقریب کے دوران نیپالی حکام نے تعلیم اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی میں بھارت کے مسلسل تعاون کو سراہا۔ ان کا کہنا تھا کہ نئی عمارت سے نہ صرف طلبہ کو بہتر تعلیمی ماحول میسر آئے گا بلکہ اساتذہ کے لیے بھی تدریسی سہولتوں میں بہتری آئے گی۔ بھارت نے نیپال کے ساتوں صوبوں اور 74 اضلاع میں اب تک 605 ہائی امپیکٹ کمیونٹی ڈیولپمنٹ منصوبے شروع کیے ہیں۔ ان میں سے 103 منصوبے صرف کوشی صوبے میں ہیں، جبکہ مورنگ ضلع میں 17 منصوبوں پر کام کیا گیا ہے۔ تعلیم کے علاوہ بھارت نیپال کے صحت اور عوامی خدمات کے شعبوں میں بھی تعاون فراہم کر رہا ہے۔ بھارتی حکومت اب تک کوشی صوبے کے مختلف اداروں کو 150 ایمبولینسیں اور 62 اسکول بسیں بطور تحفہ فراہم کر چکی ہے۔

بھارت نے بنگلہ دیش کے ساتھ عوام پر مرکوز تعلقات کے عزم کا اعادہ کیا

نئی دہلی 8 اکتوبر (ایم این این)
بھارت نے بنگلہ دیش کے ساتھ مستحکم اور باہمی تعاون پر مبنی تعلقات برقرار رکھنے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا ہے اور ایسے سفارتی نقطہ نظر پر زور دیا ہے جو مشترکہ ترقی اور علاقائی خوشحالی کو ترجیح دیتا ہے۔ وزارت خارجہ نے حال ہی میں ایک پریس بریفنگ کے دوران اس بات پر زور دیا کہ پڑوسی ملک کے ساتھ اس کے تعلقات کی بنیاد ایک ایسے مثبت اور عوام دوست ڈھانچے پر استوار ہے جس کا مقصد سرحد کے دونوں اطراف کے شہریوں کو ٹھوس فوائد پہنچانا ہے۔ ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ بھارت بنگلہ دیش کی حکام کے ساتھ اعلیٰ سطحی بات چیت کے دوران عملی تعاون پر توجہ مرکوز رکھے ہوئے ہے۔ جیسوال کے مطابق، اس مسلسل رابطے کا بنیادی مقصد مستقبل کی سمت دیکھنے والے ایسے اقدامات کے ذریعے باہمی خوشحالی کو فروغ دینا ہے جو دونوں ممالک کے عوام کی ضروریات کو پورا کرتے ہوں۔

بھارت کی تیزی سے بڑھتی معیشت سری لنکن کاروباروں کے لیے نئے مواقع اور چیلنجز لے کر آئی

نئی دہلی 8 اکتوبر (ایم این این)
بھارت کی تیزی سے ترقی کرتی معیشت، وسیع صارف منڈی اور مضبوط صنعتی شعبہ سری لنکا کی کمپنیوں کے لیے کاروبار اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا کر رہے ہیں۔ تاہم بھارتی منڈی میں بڑھتی ہوئی مسابقت، سخت معیار اور پیچیدہ کاروباری ضوابط سری لنکن صنعت کاروں کے لیے نئے چیلنجز بھی پیش کر رہے ہیں۔ بھارت دنیا کی بڑی اور تیزی سے ترقی کرتی معیشتوں میں شامل ہے۔ اس کی وسیع آبادی، بڑھتی ہوئی متوسط طبقے کی قوت خرید اور جدید بنیادی ڈھانچے میں سرمایہ کاری نے بین الاقوامی کمپنیوں کی دلچسپی میں اضافہ کیا ہے۔ سری لنکا کے کاروباری اداروں کے لیے بھارت محض ایک ہمسایہ ملک نہیں بلکہ ایک بڑی تجارتی منڈی ہے، جہاں خوراک، ملبوسات، چائے، سیاحت، خدمات اور دیگر شعبوں میں کاروبار بڑھانے کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ بھارت میں صارفین کی بڑھتی ہوئی قوت خرید اور معیاری مصنوعات کی طلب سری لنکن برآمد کنندگان کے لیے اہم مواقع فراہم کر رہی ہے۔ خصوصاً سری لنکن چائے، غذائی مصنوعات، ملبوسات اور سیاحتی خدمات بھارتی صارفین میں اپنی جگہ بنا سکتی ہیں۔ دونوں ممالک کے درمیان جغرافیائی قربت اور تاریخی تجارتی روابط بھی کاروباری تعاون کو آسان بناتے ہیں۔ بھارت میں تیزی سے ترقی کرتا ہوا خدمات کا شعبہ سری لنکن کمپنیوں کو ٹیکنالوجی، مہمان نوازی، تعلیم اور پیشہ ورانہ خدمات میں شراکت داری کے مواقع فراہم کرتا ہے۔ اگرچہ بھارت میں کاروباری مواقع وسیع ہیں، لیکن سری لنکن کمپنیوں کو مقامی اور بین الاقوامی اداروں سے سخت مقابلے کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ بھارتی صارفین قیمت، معیار اور مصنوعات کی دستیابی کو خاص اہمیت دیتے ہیں۔ اس لیے سری لنکن برآمد کنندگان کو اپنی مصنوعات کے معیار، قیمتوں اور مارکیٹنگ کی حکمت عملی پر خصوصی توجہ دینا ہوگی۔

بھارت اور قازقستان کا مستقبل پر مبنی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کا عزم
دونوں فریقین نے دوطرفہ تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا

نئی دہلی 8 اکتوبر (ایم این این)
ہندوستان اور قازقستان نے بدھ کے روز دوطرفہ تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا اور اس شراکت داری کو ٹھوس نتائج میں بدلنے کے لیے مزید قریبی تعاون کے عزم کا اعادہ کیا۔ یہ بات چیت قازقستان میں ہندوستان کے سفیر وائی کے سائلس تھنگل اور قازقستان کے نائب وزیر خارجہ ارمان اسا گالیف کے درمیان بدھ کو ہونے والی ملاقات کے دوران ہوئی۔ قازقستان میں ہندوستانی سفارت خانے نے سوشل میڈیا پر پوسٹ کیا کہ سفیر وائی کے سائلس تھنگل کی قازقستان کے نو تعینات نائب وزیر خارجہ کے ساتھ خوشگوار اور نتیجہ خیز ملاقات ہوئی۔ دونوں فریقین نے دوطرفہ تعلقات کے تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا اور ہندوستان۔قازقستان کی مضبوط شراکت داری کو ٹھوس نتائج میں بدلنے کے لیے مزید قریبی تعاون کے عزم کا اعادہ کیا۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ انہوں نے ابھرتے ہوئے مواقع سے فائدہ اٹھانے، باہمی افہام و تفہیم کو گہرا کرنے اور ہندوستان اور قازقستان کے درمیان مستقبل پر مبنی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ گزشتہ ماہ وزیر اعظم نریندر مودی اور قازقستان کے صدر قاسم جومارت توکایف نے نئی دہلی میں 18 ویں برکس سربراہی اجلاس کے موقع پر ملاقات کی تھی اور دونوں ممالک کے درمیان اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے کے عزم کا اعادہ کیا تھا۔ وزارت خارجہ کی جانب سے جاری کردہ بیان کے مطابق، ملاقات کے دوران وزیر اعظم مودی نے قازقستان کے ساتھ ہندوستان کے قدیم تہذیبی روابط کا ذکر کیا اور حالیہ برسوں میں ہندوستان۔قازقستان تعلقات میں ہونے والی مسلسل پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔

رام بن روڈ ایکسیڈنٹ

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کا اظہار دکھ

وزیر اعلیٰ کی طرف سے اظہار افسوس

سرینگر/لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے رام بن میں پیش آئے المناک سڑک حادثے پر گہرے دکھ کا اظہار کیا ہے۔ لیفٹیننٹ گورنر نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک پوسٹ میں کہا کہ ضلع رام بن میں پیش آئے المناک سڑک حادثے سے مجھے بہت دکھ ہوا ہے۔ سوگوار کنبوں سے میری گہری تعزیت ہے۔ زخمیوں کی جلد صحت یابی و شفایابی کے لئے دعا گو ہوں۔ میں نے ضلعی انتظامیہ کو ہدایت دی ہے کہ زخمیوں کو بہترین ممکنہ طبی سہولیات فراہم کی جائیں۔" وزیر اعلیٰ نے متاثرہ کنبوں سے دلی تعزیت کرتے ہوئے دکھ کی اس گھڑی میں ان کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا۔ انہوں نے انتظامیہ اور طبی حکام کو ہدایت دی کہ زخمیوں کو بہترین ممکنہ طبی علاج اور تمام ضروری امداد کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔

کٹھوعہ میں ٹھیکیداروں کے لیے

مزدوروں کی تصدیق لازمی

جموں/یو این آئی/یہ مشاہدہ کرتے ہوئے کہ مناسب تصدیق کے بغیر افراد کو کام پر رکھنا عوامی نظم و نسق، سلامتی اور سیکیورٹی کے لیے ممکنہ خطرہ پیدا کر سکتا ہے، ضلع مجسٹریٹ راجیش شرما نے جمعرات کو جموں و کشمیر کے سرحدی ضلع کٹھوعہ میں ایسے افراد کی تصدیق لازمی قرار دینے کا حکم دیا۔

سری نگر میں کانگریس کارکنوں کا احتجاج، چیف الیکشن کمشنر کے استعفیٰ کا مطالبہ

سری نگر، 8 اکتوبر (یو این آئی) کانگریس کارکنوں نے جمعرات کو سری نگر میں احتجاج کرتے ہوئے انتخابی فہرستوں میں مبینہ بے ضابطگیوں کے معاملے پر چیف الیکشن کمشنر (سی ای سی) گیانیش کمار کو عہدے سے ہٹانے کا مطالبہ کیا۔ مظاہرین نے الیکشن کمیشن اور بی جے پی کے خلاف نعرے لگاتے ہوئے اس دن کو "یوم سیاہ" قرار دیا اور الزام لگایا کہ انتخابی عمل کی ساکھ کو نقصان پہنچایا جا رہا ہے۔ احتجاج کانگریس کے ہیڈ کوارٹر کے باہر کیا گیا، جہاں پولیس اور سی آر پی ایف اہلکاروں سمیت بھاری تعداد میں سیکیورٹی اہلکار تعینات کیے گئے تھے۔ مظاہرین نے اپنی مانگیں پیش کرنے کے لیے مرکزی ایم اے روڈ کی جانب بڑھنے کی کوشش کی، تاہم سیکیورٹی فورسز نے انہیں آگے بڑھنے سے روکنے کے لیے رکاوٹیں کھڑی کر رکھی تھیں۔ عینی شاہدین کے مطابق احتجاج کے دوران کشیدگی بڑھنے پر پولیس اہلکاروں نے مظاہرین کو دھکیل کر دوبارہ کانگریس ہیڈ کوارٹر کی جانب پہنچا دیا۔ سری نگر ڈسٹرکٹ کانگریس کمیٹی (ڈی سی سی) کے صدر عادل فاروق میر نے کہا کہ نئی دہلی میں چیف الیکشن کمشنر گیانیش کمار کے خلاف احتجاج کے دوران لوک سبھا میں قائد حزب اختلاف راہل گاندھی، پرینکا گاندھی واڈرا اور کئی دیگر اپوزیشن ارکان پارلیمنٹ کو حراست میں لیے جانے کے خلاف کانگریس نے "یوم سیاہ" منایا۔ میر نے حکومت پر آئین کی توہین کرنے کا الزام عائد کرتے ہوئے جنتر منتر کی جانب مارچ کرنے کی کوشش کے دوران راہل گاندھی اور دیگر اپوزیشن رہنماؤں کے خلاف پولیس کارروائی کا حوالہ دیا۔ میر نے کہا کہ "کل آپ سب نے دیکھا کہ کس طرح حکومت نے ایک بار پھر آئین کا قتل کیا اور اس کی توہین کی۔" انہوں نے کہا کہ کانگریس اس دن کو اس کے خلاف احتجاج کے طور پر منا رہی ہے جسے انہوں نے "بدعنوان اور غیر جمہوری حکومت" قرار دیا۔ میر نے حکومت پر "غیر قانونی سرگرمیوں" میں ملوث ہونے کا بھی الزام لگایا اور کہا کہ کانگریس جمہوری اداروں کے مبینہ زوال کے خلاف عوامی حمایت متحرک کرنے کی کوشش جاری رکھے گی۔ بدھ کے روز انڈیا بلاک کے مقامی رہنماؤں نے آئین، جمہوری اداروں اور انتخابی عمل کی ساکھ کے تحفظ کے لیے اپنے اجتماعی عزم کا اعادہ کیا تھا۔

باقیات: صفحہ اول سے آگے

بقیہ نمبر 1

اس تجویز کی بھی منظوری دی کہ جو ٹیکس دہندہ تاخیر سے گوشوارے جمع کراتا ہے، غلطی کرتا ہے یا ادائیگی میں پیچھے رہ جاتا ہے، اس سے صرف واجب الادا رقم کی وصولی، سود اور تناسب کے لحاظ سے جرمانہ ہی لیا جائے گا، اور اس کے علاوہ کوئی اضافی کارروائی نہیں ہوگی۔ ایک اور اہم سفارش 'انورٹڈ ریٹ اسٹرکچر' (structurerateinverted) کے تحت 'ان پٹ سروسز' (servicesinput) پر بھی ریفنڈز کی سہولت فراہم کرنے کے بارے میں تھی۔ سیتارمن نے کہا کہ یہ تبدیلی یکم نومبر 2026 یا اس کے بعد حاصل کیے گئے کریڈٹ کے لیے دستیاب ہوگی۔ وزیر خزانہ نے یہ بھی کہا کہ حکومت متعدد ریاستوں میں رجسٹرڈ 'سینٹرل گڈز اینڈ سروسز ٹیکس' (CGST) کے ٹیکس دہندگان کے لیے 'فیس لیس ٹیکس اسیسمنٹ' (یعنی ٹیکس حکام سے براہ راست آمنا سامنا ہوئے بغیر ٹیکس کا تعین) کا نظام متعارف کرانے کا ارادہ رکھتی ہے۔

بقیہ نمبر 2

کیا کہ کونسل کے فیصلے جموں و کشمیر کی مالی پوزیشن کو مضبوط بنائیں گے، اقتصادی ترقی کی حمایت کریں گے اور ترقی و عوامی بہبود کو تیز کریں گے۔

بقیہ نمبر 3

جن میں فضائیہ کی عملی تیاری، پیشہ ورانہ صلاحیت اور تکنیکی قابلیت کو اجاگر کیا جاتا ہے۔ مودی کے پیغام میں قومی سلامتی کے لیے ہندوستان کی مسلح افواج کی خدمات کو تسلیم کرنے اور ملک کے آسمان کی حفاظت کی ذمہ داری سنبھالنے والے اہلکاروں کے تئیں اظہار تشکر پر حکومت کی توجہ کو اجاگر کیا گیا۔ وزیر اعظم نے ایسے دن فضائیہ کو خراج عقیدت پیش کیا، جب ملک ہندوستانی فضائیہ کی صرف جنگی خدمات ہی نہیں بلکہ انسانی امداد، قدرتی آفات سے نمٹنے اور ملک کی خدمت میں انجام دی جانے والی دیگر کارروائیوں میں اس کے مسلسل تعاون کو بھی خراج پیش کرتا ہے۔

بقیہ نمبر 4

گھریلو صارفین، تجارتی اداروں، صنعتوں اور ٹرانسپورٹ شعبے میں پائپڈ نیچرل گیس (پی این جی) اور کمپریسڈ نیچرل گیس (سی این جی) کے استعمال کو فروغ دینے کے لیے واضح، سرمایہ کار دوست اور مقررہ مدت پر مبنی فریم ورک قائم کیا گیا ہے۔ پالیسی کے تحت جموں و کشمیر کے تمام 20 اضلاع میں سٹی گیس ڈسٹری بیوشن نیٹ ورک کو مرحلہ وار توسیع دی جائے گی، جس سے صارفین تک زیادہ صاف اور قابل اعتماد قدرتی گیس پہنچے گی اور روایتی ایندھن سے منتقلی میں مدد ملے گی۔ پالیسی کا ایک اہم مقصد سنگل ونڈو اور مقررہ مدت میں منظوری کے نظام کے ذریعے منصوبوں کے نفاذ کو آسان اور تیز بنانا، سی این جی اسٹیشن قائم کرنے کے طریقہ کار کو ہموار کرنا اور رائٹ آف وے کے معیارات کو یکساں بنانا ہے۔ اس کے علاوہ بڑے صنعتی علاقوں، جن میں کٹھوعہ، سانبہ اور پلوامہ کے صنعتی علاقے شامل ہیں، کو ترجیحی بنیاد پر گیس کنکشن فراہم کیے جائیں گے، تاکہ صنعتی ترقی کو فروغ ملے اور قابل اعتماد توانائی تک رسائی بہتر ہو۔ پی این جی اور سی این جی کے بنیادی ڈھانچے کی توسیع سے محفوظ، صاف اور زیادہ سستی توانائی کے متبادل دستیاب ہونے، ایندھن کی لاگت کم کرنے، صنعتی کارکردگی اور مسابقت بہتر بنانے اور ابھرتے ہوئے صاف توانائی کے شعبے میں سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کی توقع ہے۔

بقیہ نمبر 5

بعد ازاں انہیں خصوصی طبی علاج کیلئے بڑے ہسپتالوں میں ریفر کر دیا گیا۔ پولیس نے ہلاک ہونے والے کی شناخت 30 سالہ ڈرائیور دیپ سنگھ ولد راج سنگھ، ساکن چھتس کے طور پر کی ہے۔ زخمیوں کی شناخت 32 سالہ سونی چند، 26 سالہ آنند سنگھ، 26 سالہ انیل چند، 24 سالہ نریش سنگھ، 24 سالہ جتیندر سنگھ، 24 سالہ رویندر سنگھ، 26 سالہ سنیل سنگھ اور 27 سالہ راجیت سنگھ کے طور پر ہوئی ہے۔ یہ بھی رام بن ضلع کی اوکھرال پوگل پرستان تحصیل کے علاقوں چھتس اور سیتا تی کے رہائشی ہیں۔ سونی چند اور سنیل سنگھ کو جموں ریفر کیا گیا، جبکہ باقی زخمیوں کو مزید علاج کے لیے جی ایم سی اننت ناگ بھیجا گیا۔ تاہم، سنیل سنگھ جی ایم سی جموں میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسے، جس کے بعد ہلاکتوں کی تعداد 2 ہو گئی۔ حکام نے سوشل میڈیا پر پوسٹ کیا کہ جی ایم سی اننت ناگ میں موجود 6 افراد میں سے 2 شدید زخمیوں کو مزید علاج کیلئے SKIMS صورہ بھیجا گیا؛ اسی طرح ڈسٹرکٹ ہسپتال رام بن میں موجود 2 افراد کو جی ایم سی جموں ریفر کیا گیا تھا لیکن بدقسمتی سے ان میں سے ایک شخص جی ایم سی جموں میں دم توڑ گیا۔ پولیس نے واقعے کا نوٹس لے لیا ہے۔

بقیہ نمبر 6

ہدایت دی ہے کہ وہ اپنے پاس ورڈ کسی کے ساتھ شیئر نہ کریں، چاہے وہ ساتھی ہی کیوں نہ ہو۔ ای میل یا چیٹ کے ذریعے بھی پاس ورڈ یا خفیہ معلومات کسی کے ساتھ شیئر کرنے سے گریز کیا جائے۔ بینک نے صارفین پر زور دیا کہ وہ سائبر خطرات کے حوالے سے محتاط رہیں اور پاس ورڈ سے متعلق بنیادی حفاظتی اصولوں پر عمل کریں۔ بینک کے مطابق یہ اقدامات سائبر سیکیورٹی سے متعلق عوامی آگاہی مہم کا حصہ ہیں۔ کسی بھی مدد کے لیے صارفین جموں و کشمیر بینک کی ہیلپ لائن 18008901222 پر رابطہ کر سکتے ہیں۔

بقیہ نمبر 7

اے پی سنگھ نے کہا کہ انڈین ایئر فورس نے آپریشن سندور کے دوران جنگی کارروائیوں کی رفتار کا عملی مظاہرہ کیا اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ فورس کسی بھی چیلنج سے نمٹنے کے لیے چوکنا، پرعزم اور تیار ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری آپریشنل صلاحیتیں درست سمت میں بڑھ رہی ہیں، اور مزید کہا کہ بھارتی فضائیہ توقعات پر پورا اترنے اور ان سے بڑھ کر کارکردگی دکھانے کیلئے کوئی کسر نہیں چھوڑے گی۔ انڈین ایئر فورس کے سربراہ نے فورس کو ایک غیر معمولی، قابل، نیٹ ورک پر مبنی اور کثیر جہتی فورس قرار دیا جو 94 سالوں کے دوران دنیا کی بہترین افواج میں سے ایک بن چکی ہے۔

بقیہ نمبر 8

ایڈوائزری کے مطابق، جموں و کشمیر میں آج رات سے 10 اکتوبر تک ہلکی بارش اور برف باری کا امکان ہے۔ محکمہ کے ترجمان نے کہا، "آج رات سے جموں و کشمیر کے 70 سے 80 فیصد علاقوں میں ہلکی سے درمیانی درجے کی بارش کا سلسلہ متوقع ہے، جبکہ بالائی علاقوں میں برف باری کا امکان ہے۔" محکمہ موسمیات کی ایڈوائزری کے مطابق، مرکز کے زیر انتظام علاقے میں 8 سے 10 اکتوبر کے دوران ہلکی بارش کے مختصر سلسلے متوقع ہیں، جبکہ بالائی علاقوں میں کچھ مقامات پر ہلکی برف باری ہو سکتی ہے۔ 11 اکتوبر سے موسم دوبارہ خشک ہونے اور 13 اکتوبر کی شام تک ایسا ہی رہنے کی توقع ہے۔

بقیہ نمبر 9

میں شاہ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ "دوبارہ بند" کر دیا گیا ہے۔ سروس کے مطابق، "آخری لینڈنگ 80 منٹ سے زائد عرصہ قبل اور آخری ٹیک آف 90 منٹ سے زائد عرصہ قبل ہوا تھا۔" عینی شاہد نے بتایا کہ روانہ ہونے والی پروازیں روک دی گئیں اور مسافروں کو ہدایت کی گئی کہ وہ اپنا چیک اِن شدہ سامان وہیں چھوڑ دیں اور ہوائی اڈے سے باہر نکل جائیں۔ فوری طور پر یہ واضح نہیں ہو سکا کہ کتنی پروازیں متاثر ہوئیں۔ بدھ کے روز، سعودی حکام نے بتایا تھا کہ حوثیوں کی جانب سے ہوائی اڈوں پر کیے گئے دو حملوں میں تین افراد ہلاک ہوئے، جبکہ مملکت ایران کے ساتھ جاری کشیدگی کے تازہ ترین محاذ میں مزید گہرائی تک ملوث ہو گئی ہے۔ حکام کے مطابق، شاہ خالد ایئرپورٹ پر حملے میں سوڈان کا ایک شہری ہلاک اور آٹھ دیگر افراد زخمی ہوئے، جبکہ ابہا ایئرپورٹ پر حملے میں مراکش اور الجزائر کے دو شہری ہلاک اور 28 دیگر افراد زخمی ہوئے۔

باقیات: صفحہ دوم سے آگے

101

ساتھ ہی کراں مسائل کو فوری طور پر حل کرے۔ انہوں نے واٹر ویز میں سیاحت اور اربن موبلٹی کے وسیع امکانات کو بھی اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ دریائی کروز سیاحوں کے لئے ایک بڑی کشش بن سکتے ہیں جبکہ گنجان آباد شہری علاقوں میں یہ آمد و رفت کا ایک متبادل ذریعہ بھی فراہم کریں گے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ آبی گزرگاہوں کی ترقی کا منصوبہ اس طرح بنایا جائے کہ اس سے دریائی سیاحت کو فروغ ملے، مسافروں کی آمد و رفت میں آسانی ہو اور سڑکوں پر ٹریفک کا دباؤ کم کرنے میں مدد ملے جبکہ سیاحوں اور مسافروں دونوں کے لئے محفوظ، پرکشش اور بیریئر فری سہولیات کو یقینی بنایا جائے۔ چیف سیکرٹری نے آئی پی آر سی ایل اور آئی ڈبلیو اے آئی سے کہا کہ وہ مقررہ ٹائم لائنز کے مطابق سختی سے کام کریں اور ضروری بنیادی ڈھانچے، نیوی گیشن سہولیات اور دریائی ماحولیاتی نظام کیا جائے تاکہ آبی گزرگاہیں اگلے سال عوامی استعمال کے لیے تیار ہو سکیں۔ چیئرمین آئی ڈبلیو اے آئی سنیل کمار لوہانی نے میٹنگ میں بتایا کہ مالی برس 2026-27 کے دوران تین بڑے قومی آبی گزرگاہوں کو فعال کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے جن میں دریائے جہلم (این ڈبلیو-49)، دریائے چناب (این ڈبلیو-26) اور دریائے راوی (این ڈبلیو-84) شامل ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ جہلم چینل وانڑوے اننت ناگ میں سنگم پل سے وولر جھیل تک 110 کلومیٹر پر محیط ہے۔ چناب واٹر وے ریاسی اور اکھنور کے درمیان 53 کلومیٹر طویل ہے جبکہ راوی واٹر وے رنجیت ساگر ڈیم سے بسوہلی میں رنجیت ساگر ڈیم تک 44 کلومیٹر تک پھیلا ہوا ہے۔ چیف سیکرٹری کو این ڈبلیو-49 (جہلم) پر ہونے والی پیش رفت سے بھی آگاہ کیا گیا۔ بتایا گیا کہ سنگم سے وولر جھیل تک 106 کلومیٹر طویل دریائی کروز روٹ تجویز کیا گیا ہے جس میں پانپور، چوک، زیرو برج، امیرا کدل، مہاراج گنج، چھتہ بل، سنبل اور گنڈ بل سمیت اہم مقامات شامل ہیں۔ مزید برآں یہ بتایا گیا کہ 20 مسافروں کی گنجائش رکھنے والی 10 ہائبرڈ الیکٹرک کیٹاماران کشتیوں کے لئے 66.11 کروڑ روپے کی لاگت سے ورک آرڈر جاری کیا جا چکا ہے۔ ان کشتیوں کے ڈیزائن کی منظوری دی جا چکی ہے اور تعمیر کا کام جاری ہے جبکہ ان کی فراہمی کا ہدف مارچ 2027ء مقرر کیا گیا ہے۔ یہ بھی بتایا گیا کہ جہلم واٹر وے کے لئے درکار تمام 52 نیوی گیشنل ایڈز ڈی جی پی ایس بوائز فراہم کیے جا چکے ہیں جبکہ آٹھ میں سے چھ کنکریٹ پونٹونز/جیٹیوں کی تعمیر مکمل ہو چکی ہے اور باقی ماندہ کام دسمبر 2026ء تک مکمل کرنے کا ہدف ہے۔ اس کے علاوہ سنگم، پانپور، چوک، زیرو برج، امیرا کدل، بیوپار منڈل گھاٹ، چھتہ بل وئیر، سنبل اور گنڈ بل میں آٹھ مسافر سیاحتی ٹرمنل سہولیات کی تعمیر بھی شروع کی گئی ہے اور ان کاموں کی تکمیل کا ہدف جون 2027ء مقرر کیا گیا ہے۔ ان ٹرمنلوں کا ڈیزائن مقامی کشمیری طرز تعمیر کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈیزائن کیا جا رہا ہے جبکہ ان میں جدید ساختی اور بنیادی سہولیات بھی شامل ہوں گی۔ این ڈبلیو-26 (دریائے چناب) کے حوالے سے بتایا گیا کہ ابتدائی مرحلے میں نشاندہی کردہ ٹرمنل مقامات کے درمیان کروز روٹ تیار کیا گیا ہے جبکہ ریاسی اور اکھنور میں ٹرمنلوں کے لئے زمین آئی ڈبلیو اے آئی کے حوالے کی گئی ہے۔ این ڈبلیو-84 (دریائے راوی) کے لئے جموں کے سوہار میں کروز روٹ کی نشاندہی کی گئی ہے جبکہ رنجیت ساگر ڈیم کے قریب ستوائن میں ٹرمنل کے لئے زمین کی ترقی کا عمل جاری ہے۔ مزید بتایا گیا کہ چناب اور راوی آبی گزرگاہوں پر تین کنکریٹ پونٹونز کی تعمیر کا کام جاری ہے جنہیں دسمبر 2026ء تک مکمل کرنے کا ہدف ہے۔ ان سے متعلق زمینی بنیادی ڈھانچے کے تفصیلی پروجیکٹ رپورٹس (ڈی پی آرز) بھی حتمی شکل دی جا چکی ہیں۔ اراضی اور سائٹ کی تیاری کے حوالے سے جی جی ایم آئی پی آر سی ایل دیپک نے بتایا کہ ٹرمنلوں کی تعمیر کے لئے نشاندہی کردہ تمام 11 اراضی کے ٹکڑے محکمہ ٹرانسپورٹ کو منتقل کیے گئے ہیں اور باضابطہ طور پر آئی ڈبلیو اے آئی کے حوالے بھی کر دیے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ جہلم پر واقع سائٹس اکھنور کے منڈا اور ریاسی کے تکوارہ سمیت ترقیاتی کاموں کے لئے حوالے کیے جا چکے ہیں۔ کٹھوعہ میں ڈومرا ستوائن کا باقی ماندہ اراضی کا ٹکڑا متعلقہ حکام کے ساتھ کارروائی کے مرحلے میں ہے۔ چیف سیکرٹری آئی ڈبلیو کو مختلف یوٹی محکموں کی مربوط مداخلت کے متقاضی مسائل سے بھی آگاہ کیا گیا۔ ان میں نیوی گیشن کی حفاظت کے مقررہ معیار کو پورا کرنے کے لئے اوور ہیڈ ایچ ٹی/ایل ٹی بجلی کی لائنوں میں رد و بدل، کوفر ڈیمز کو ہٹانا، بجلی کے کھمبوں کی منتقلی، مستقل پانی اور بجلی کے کنکشن کی فراہمی، گندے پانی کی نکاسی کے انتظامات اور ٹرمنل سائٹس تک جانے والی سڑکوں کی کشادگی شامل ہے۔

102

نے بھی سوگوار خاندان سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام کیلئے دعا کی۔

103

عوامی خدمت، حکمرانی، ترقی اور قوم کی تعمیر کے لیے ان کی خدمات کو اجاگر کیا گیا ہے۔ پروگرام کا آغاز چراغ روشن کرنے کی تقریب سے ہوا، جس کے بعد وندے ماترم پیش کیا گیا۔ اس موقع پر معززین کا باضابطہ خیر مقدم اور استقبال کیا گیا۔ وزیر اعظم نریندر مودی کے 25 سالہ عوامی سفر پر مبنی ایک خصوصی فلم بھی دکھائی گئی۔ تقریباً 30 منٹ کی اس فلم میں ان کی عوامی زندگی، حکمرانی کے اقدامات، ترقیاتی پروگراموں اور سفر سے وابستہ اہم سنگ میلوں کی جھلکیاں پیش کی گئیں۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے ست شرما نے وزیر اعظم نریندر مودی کی عوامی زندگی کے مختلف پہلوؤں اور بھارت کی ترقی کے لیے ان کے وژن کو اجاگر کیا۔ انہوں نے کہا کہ 'مودی@25' نمائش بالخصوص نوجوانوں اور طلبہ کو وزیر اعظم کے سفر اور ان کے دور عوامی زندگی میں شروع کیے گئے اہم اقدامات کے بارے میں جاننے کا موقع فراہم کرتی ہے۔ نمائش میں نریندر مودی کے سفر کے مختلف ادوار کو عوامی خدمت، بہتر حکمرانی، ترقی اور قوم کی تعمیر کے موضوعات کے تحت پیش کیا گیا ہے۔ زائرین کو تصاویر، سمعی و بصری پیشکشوں اور دیگر نمائش شدہ مواد کے ذریعے اہم سنگ میلوں کا جائزہ لینے کا موقع فراہم کیا گیا ہے۔ پروگرام کی نگرانی بھارتیہ جنتا پارٹی جموں و کشمیر کے ریاستی جنرل سکریٹری گوپال مہاجن کی رہنمائی میں پون شرما نے منیش کھجوریہ کے ہمراہ کی۔

104

دوستی کا پیغام عام کرتے ہوئے لوگوں کی رہنمائی کر رہی ہیں۔ اپنی پارٹی صدر نے عرس کے موقع پر چرار شریف کی مقدس درگاہ پر حاضری دینے والے عقیدت مندوں اور دیگر زائرین سے اپیل کی کہ وہ جموں و کشمیر میں پائیدار امن، خوشحالی اور استحکام کے لیے خصوصی دعائیں کریں۔

105

طور پر نمٹنے کیلئے ایک مخصوص فائر اینڈ ایمرجنسی سروسز کوارٹر کی تعمیر شامل ہے۔ شمیمہ فردوس نے کہا کہ خانقاہ معلیٰ کی تاریخی، روحانی اور معماری حیثیت کو برقرار رکھنا انتہائی اہم ہے اور اس عظیم ورثے کو آنے والی نسلوں کیلئے محفوظ بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جانے چاہئیں۔ انہوں نے کہا کہ جموں و کشمیر نیشنل کانفرنس نے ہمیشہ جموں و کشمیر کے مذہبی، ثقافتی اور تاریخی ورثے کے تحفظ کیلئے بھرپور کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے شیر کشمیر شیخ محمد عبداللہ، ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور عمر عبداللہ کی حکومتوں کے دوران خانقاہوں، زیارت گاہوں، مندروں اور دیگر اہم تاریخی و ثقافتی مقامات کے تحفظ اور ترقی کیلئے اٹھائے گئے اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ حکومت بھی اس روایت کو آگے بڑھانے کیلئے پرعزم ہے اور جموں و کشمیر بھر میں مذہبی و تاریخی ورثے، بشمول قدیم زیارت گاہوں اور مندروں، کے تحفظ و بحالی کو یقینی بنانے کیلئے اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ خانقاہ معلیٰ میں جاری کوششیں اس بات کی عکاس ہیں کہ حکومت اس تاریخی اور مقدس زیارت گاہ کی روحانی عظمت، مقدس حیثیت اور منفرد معماری ورثے کو محفوظ رکھنے کیلئے سنجیدہ ہے، تاکہ یہ عظیم ورثہ آنے والی نسلوں تک اسی شان و عظمت کے ساتھ منتقل ہو۔ اس موقع پر محکمہ آثار قدیمہ، محکمہ آر اینڈ بی اور خدام زیارت شاہ ہمدان کے افسران کے علاوہ مقامی باشندے بھی موجود تھے۔ مقامی لوگوں نے تاریخی خانقاہ معلیٰ کے تحفظ اور بحالی کیلئے جاری کوششوں پر وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اور رکن اسمبلی حبہ کدل شمیمہ فردوس کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا۔

106

تمام متعلقہ فریقین پر زور دیا کہ وہ ٹی بی کے بارے میں بیداری، بروقت تشخیص، فوری علاج اور مریضوں کی فالو اپ نگرانی کو مزید مضبوط بنائیں اور گاندربل کو ٹی بی سے پاک بنانے کے لیے مسلسل کوششیں جاری رکھیں۔ پروگرام کے دوران شرکاء کو ٹی بی مکت بھارت عہد بھی دلایا گیا، جس میں انہوں نے ٹی بی کے خاتمے اور اس کی روک تھام، بروقت تشخیص اور علاج کے بارے میں عوامی بیداری بڑھانے کی کوششوں میں تعاون کا عزم کیا۔ پروگرام میں مائی بھارت سے وابستہ رضاکاروں نے بھی شرکت کی، جو ٹی بی کے خاتمے کی مہم میں عوام اور نوجوانوں کی شمولیت کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے۔ تقریب میں محکمہ صحت کے افسران و فیلڈ اہلکاروں، مائی بھارت رضاکاروں، ضلع انتظامیہ کے افسران اور دیگر متعلقہ فریقین نے شرکت کی۔

107

موجودہ فنڈز زمینی سطح پر نمایاں ترقیاتی کاموں کی صورت میں ظاہر ہونا چاہیے۔ انہوں نے افسران کو ہدایت دی کہ وہ تمام جاری سکیموں پر عمل درآمد میں تیزی لائیں، نئی سکیموں کی صورتحال سے آگاہ کریں اور بغیر کسی تاخیر کے ان پر کام شروع کریں۔ انہوں نے مزید ہدایت دی کہ کوئی بھی فنڈ ضائع نہیں ہونا چاہیے اور تمام مدات کے تحت اخراجات بڑھانے پر زور دیا۔ انہوں نے ٹینڈرنگ کے عمل کو تیز اور مقررہ وقت کے اندر مکمل کرنے کی ضرورت پر بھی زور دیا تاکہ کاموں کی الاٹمنٹ اور تکمیل میں کوئی رکاوٹ نہ آئے۔ جاوید رانا نے مرمت و دیکھ بھال (ایم اینڈ آر) کے کاموں کو ترجیح دینے کو بھی کہا تاکہ موجودہ بنیادی ڈھانچہ فعال رہے اور پانی ٹینکروں کی دستیابی اور رسد کی بروقت فراہمی کو یقینی بنانے کی ہدایت دی بالخصوص ان علاقوں میں جہاں پانی کی قلت کا سامنا ہے۔ انہوں نے مزید ہدایت دی کہ اپ گریڈیشن کے کام شروع کیے جائیں اور فنڈز کا دانشمندانہ استعمال کیا جائے تیز کاموں کی آسانی سے تکمیل کے لئے فیلڈ فارمیشنز کو مشینری اور آلات فراہم کیے جائیں۔ انہوں نے معیار اور جوابدہی پر زور دیتے ہوئے باقاعدہ فیلڈ معائنے اور ہر ضلع اور حلقے کے لئے طبعی و مالی پیش رفت کا احاطہ کرنے والی ایک جامع اسٹیٹس رپورٹ تیار کرنے کی ہدایت دی۔ وزیر نے کہا کہ حکومت اس بات کو یقینی بنانے کے لیے پرعزم ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کے فوائد ہر حلقے تک پہنچیں اور محکموں کو درست سمت پر گامزن رکھنے کے لئے باقاعدہ جائزے کا عمل جاری رہے گا۔

108

ترقیاتی منصوبوں اور فلاحی اسکیموں کی رفتار تیز کی جا سکے۔ منظم نگرانی کو یقینی بنانے کے لیے محکمہ وار جائزے تیار کیے جائیں گے، جن کے ذریعے اہم ضروریات کی نشاندہی اور کارکردگی کے اشاریوں کی براہ راست نگرانی کی جائے گی۔ اجلاس میں ایس ایس پی شوپیاں مشتاق احمد چودھری، اے ڈی ڈی سی ڈاکٹر ناصر احمد لون، اے ڈی سی ڈاکٹر ذاکر حسین قاضی، اے سی آر شکور احمد ڈار، ایس ڈی ایم زینہ پورہ بلال احمد، جی ایم ڈی آئی سی شرجیل نائیک، اے سی ڈی مظفر احمد سمیت سینئر افسران، عہدیداران اور دیگر ضلعی افسران نے شرکت کی۔

109

کام رواں ماہ کے اندر مکمل کر لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ کام مکمل ہونے اور پارک کو چاروں اطراف سے محفوظ بنانے کے بعد بادام واری پارک کو بزرگ شہریوں، صبح کے وقت چہل قدمی کرنے والوں اور ان افراد کیلئے صبح سویرے کھولا جائے گا جنہیں طبی وجوہات کی بنا پر علی الصبح چہل قدمی کا مشورہ دیا گیا ہے، جیسا کہ گزشتہ کئی دہائیوں سے معمول رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مقصد عوامی رسائی اور سلامتی کے درمیان توازن قائم کرنا ہے۔ پولیس اور محکمہ پارکس اینڈ گارڈنز کے افسران کے ساتھ ہونے والی ملاقاتوں کے دوران سامنے آنے والے حفاظتی خدشات کو فینسنگ کے کام کے ذریعے دور کیا جا رہا ہے۔ تنویر صادق نے کہا، "بادام واری ڈاؤن ٹاؤن کے لوگوں کی ملکیت ہے۔ ہماری کوشش ہے کہ یہ پارک ہمارے بزرگوں، صبح کے وقت چہل قدمی کرنے والوں اور ان لوگوں کیلئے قابل رسائی رہے جو اپنی صحت کیلئے یہاں چہل قدمی پر انحصار کرتے ہیں، جبکہ ان کی حفاظت کو بھی یقینی بنایا جائے۔"

110

ہر ادارے کی جانب سے پیدا کیے جانے والے کچرے کی ذمہ داری بھی خود اٹھائیں۔ انہوں نے کہا کہ کچرا پیدا کرنے والے اپنے کچرے کی جمع آوری اور انتظام کے لیے نجی یا میونسپل ایجنسیوں کی خدمات حاصل کر سکتے ہیں۔ مندوبین کو نے کہا کہ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ قوانین کے موثر نفاذ اور شہری و دیہی دونوں علاقوں میں بیداری پیدا کرنے کے لیے اسی نوعیت کے کنونشن ہر ضلع میں منعقد کیے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ کی ہدایات کے تحت تشکیل دی گئی کمیٹیاں اور ڈپٹی کمشنروں کو سونپی گئی ذمہ داریاں کچرے کے انتظام سے متعلق قوانین کے موثر نفاذ کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کریں گی۔ صاف ستھرے ماحول کے حصول کے لیے عوامی شمولیت کو ناگزیر قرار دیتے ہوئے مندوبین کو کہا کہ لوگ اپنا تعاون دینے کے لیے تیار ہیں، تاہم نظام کو مزید مضبوط بنانے اور ذمہ داریاں واضح طور پر متعین کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے ویلفیئر ایسوسی ایشنوں، سوسائٹیوں، تنظیموں، کاروباری انجمنوں اور دیگر متعلقین پر زور دیا کہ وہ اپنے اداروں سے پیدا ہونے والے کچرے کے موثر انتظام کے لیے مناسب نظام قائم کرکے اس پر عمل درآمد یقینی بنائیں۔ انہوں نے اسے سوچھ بھارت مشن کے سفر میں ایک اہم پیش رفت قرار دیا۔ کمشنر سیکرٹری نے مقامی نوجوانوں پر بھی زور دیا کہ وہ 'سوچھتا انٹرپرینیورز' بنیں اور صفائی و حفظان صحت میں اپنا کردار ادا کرنے کے ساتھ ساتھ اپنے اور دوسروں کے لیے معاشی مواقع پیدا کریں۔ اس سے قبل ڈپٹی کمشنر بڈگام اطہر عامر نے ادارہ جاتی صلاحیت کو مضبوط بنانے اور ہر سطح پر ذمہ داری طے کرنے کی اہمیت کو اجاگر کیا۔ انہوں نے سوچھ بھارت مشن کے مقاصد کی تکمیل اور ماحول کے تحفظ کے لیے پنچایتی راج اداروں اور مقامی برادریوں کی فعال شرکت کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے دودھ پتھری اور شالی گنگا سمیت بڈگام کے قدرتی ورثے پر بھی روشنی ڈالی۔ ایس بی ایم جموں و کشمیر کے مینیجنگ ڈائریکٹر ڈاکٹر دیوانش یادو نے بلک ویسٹ جنریٹرز کے حوالے سے تفصیلی تعارف پیش کیا اور شرکاء کو قابل اطلاق سالڈ ویسٹ مینجمنٹ قوانین اور سپریم کورٹ کی ہدایات سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بلک ویسٹ جنریٹرز کی شناخت و شمولیت، کچرے کی پروسیسنگ، مناسب تلفی اور مجاز ویسٹ مینجمنٹ ایجنسیوں کی خدمات حاصل کرنے سے متعلق ضوابط کی وضاحت کی۔ اس سے قبل شرکاء کو سی پی سی بی پورٹل پر رجسٹریشن، ویسٹ انٹرپرینیورز اور نجی وینڈرز کی خدمات حاصل کرنے اور 'ویسٹ ٹو ویلتھ' اقدام کے تحت دستیاب مواقع سے بھی آگاہ کیا گیا۔ ڈائریکٹر اربن لوکل باڈیز کشمیر ڈاکٹر فیاض احمد بانڈے نے شرکاء کو جموں و کشمیر کے نازک ماحولیاتی نظام کے تحفظ میں ہر شہری کے کردار اور ذمہ داریوں سے آگاہ کیا۔ ایس ڈبلیو اے اے ایچ اے کی جانب سے بلک ویسٹ جنریٹرز سے متعلق ایک خصوصی سیشن منعقد کیا گیا، جس کے بعد ایس بی ایم (یو) پی ایم یو کی جانب سے سی پی سی بی پورٹل اور رجسٹریشن کے طریقہ کار کا عملی مظاہرہ پیش کیا گیا۔ شرکاء کے سوالات اور خدشات کا ازالہ کرنے کے لیے ایک تعاملی سوال و جواب سیشن بھی منعقد ہوا۔ اس موقع پر کمشنر سیکرٹری نے سوچھتا عہد بھی دلایا۔ کنونشن میں تمام ضلعی و شعبہ جاتی افسران، سروس سیکٹر، ہوٹل صنعت، اسکولوں اور دیگر نجی اداروں کے نمائندگان، ریسٹوران مالکان، دکانداروں اور دیگر کاروباری اداروں سے وابستہ افراد نے شرکت کی۔

111

حفظان صحت، خوراک کو محفوظ طریقے سے سنبھالنے کے طریقوں، خوراک کو آلودگی سے بچانے، کوکنگ آئل کے بار بار استعمال، مصنوعی غذائی رنگوں کے استعمال، خوراک کو اخبار میں لپیٹنے اور صارفین کے لیے کھانا تیار اور پیش کرتے وقت صفائی ستھرائی برقرار رکھنے کی اہمیت سے آگاہ کیا گیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر فوڈ سیفٹی اننت ناگ شیخ ضمیر نے شرکاء کو فوڈ سیفٹی اینڈ اسٹینڈرڈز ایکٹ 2006 کے مختلف ضوابط پر مسلسل عمل کرنے کی ضرورت سے آگاہ کیا۔ شرکاء کو فوڈ سیفٹی قوانین کے تحت اپنی ذمہ داریوں سے بھی آگاہ کیا گیا اور انہیں روزمرہ کاروباری سرگرمیوں میں محفوظ اور حفظان صحت کے اصولوں پر مبنی طریقے اپنانے کی ترغیب دی گئی۔ تربیتی پروگرام کے دوران شریک فوڈ بزنس آپریٹرز میں حفظان صحت کی کٹس اور فوسٹاک سرٹیفکیٹس بھی تقسیم کیے گئے۔ ایف ڈی اے نے بتایا کہ تربیتی پروگرام 9 اور 10 اکتوبر 2026 کو بھی جاری رہے گا، جس دوران مزید 200 اسٹریٹ فوڈ فروشوں کو ٹاؤن ہال اننت ناگ اور کوکرناگ میں فوسٹاک تربیت فراہم کی جائے گی۔ اس اقدام کا مقصد اسٹریٹ فوڈ فروشوں کی استعداد اور مہارت میں اضافہ کرنا ہے تاکہ عام لوگوں کو محفوظ، صاف ستھری اور معیاری خوراک کی فراہمی یقینی بنائی جا سکے۔

111

دورے پر ہے، جہاں وفد خطے کے ریلوے نیٹ ورک اور بنیادی ڈھانچے کا جائزہ لے رہا ہے۔

سپورٹس ٹائمز

Sports Times

اسپین سرفہرست، پرتگال پانچویں نمبر پر پہنچا

زیورخ (سوئٹزر لینڈ)، ۸ اکتوبر (یو این آئی) اسپین فیفا کی مردوں کی عالمی رینکنگ میں بدستور پہلے نمبر پر ہے، جبکہ پرتگال دو درجے کی چھلانگ لگا کر پانچویں مقام پر پہنچ گیا ہے۔ پرتگال نے برازیل اور مراکش کو پیچھے چھوڑ دیا ہے۔ ارجنٹائن، فرانس، انگلینڈ، بیلجیم، نیدرلینڈز اور میکسیکو بھی ٹاپ ۱۰ میں برقرار ہیں۔ فیفا کی تازہ رینکنگ کے مطابق ۱۹ جولائی کو فیفا ورلڈ کپ ۲۰۲۶ کے اختتام کے بعد سے اب تک ۳۳۸ بین الاقوامی میچ کھیلے جا چکے ہیں، جن میں یوئیفا اور کونکاکاف نیشنز لیگ کے مقابلوں کے علاوہ ۲۰۲۷ افریقہ کپ آف نیشنز کے کوالیفائر بھی شامل ہیں۔ عالمی چیمپئن اسپین نے رینکنگ میں اپنی برتری مزید مضبوط کرلی ہے اور دوسرے نمبر پر موجود ارجنٹائن سے تقریباً ۲۰ پوائنٹس آگے ہے۔ ارجنٹائن ۲۰۲۶ ورلڈ کپ کے فائنل میں اسپین سے ہارا تھا، جبکہ فرانس تیسرے مقام پر برقرار ہے۔ ٹاپ ٹیموں میں سب سے نمایاں پیش رفت پرتگال کی رہی، جو دو درجے اوپر آکر پانچویں مقام پر پہنچا ہے۔ برازیل ایک مقام نیچے چھٹے اور مراکش ایک مقام نیچے ساتویں نمبر پر آگیا ہے۔ ٹاپ ۲۰ میں سوئٹزر لینڈ نے بھی دو درجے کی بہتری کے ساتھ ۱۲ویں مقام پر جگہ بنائی ہے، جبکہ جرمنی اور کروشیا ایک ایک مقام تنزلی کے بعد بالترتیب ۱۳ویں اور ۱۴ویں نمبر پر ہیں۔ یوئیفا نیشنز لیگ میں پرتگال، اسپین اور سوئٹزر لینڈ نے اپنے ابتدائی چاروں میچ جیت کر شاندار آغاز کیا ہے۔ ٹاپ ۵۰ میں شامل ہونے والی نمایاں ٹیموں میں مالی ۴۷ویں اور جنوبی افریقہ ۴۸ویں نمبر پر ہیں، دونوں نے چھ چھ درجے کی بہتری حاصل کی ہے۔ یونان پانچ درجے اوپر آکر ۳۱ویں مقام پر پہنچا ہے۔ مالی اور جنوبی افریقہ کی ترقی سے ٹاپ ۵۰ میں افریقی ٹیموں کی تعداد بڑھ کر ۱۰ ہوگئی ہے۔ اس طرح افریقہ کی فٹ بال کنفیڈریشن (کیف) نے یوئیفا کی ۲۳ اور کونمیبول کی آٹھ ٹیموں کے مقابلے میں اپنی پوزیشن مزید بہتر کرلی ہے۔ چیکیا ۵۱ویں اور پیرو ۵۳ویں مقام پر پہنچ کر ٹاپ ۵۰ سے باہر ہوگئے ہیں۔ اے ایف سی اور کونکاکاف کی چار چار ٹیمیں ٹاپ ۵۰ میں شامل ہیں، جبکہ او ایف سی کی کوئی ٹیم اس فہرست میں جگہ نہیں بنا سکی۔ رینکنگ میں نچلے درجوں پر نمایاں تبدیلیوں کی ایک بڑی وجہ افریقہ کپ آف نیشنز کے کوالیفائنگ مقابلوں کے نتائج ہیں۔ روانڈا ۱۱۹ویں، گنی بساؤ ۱۲۴ویں، دی گیمبیا ۱۰۹ویں، بوتسوانا ۱۳۱ویں اور موزمبیق ۹۸ویں مقام پر پہنچ گئے ہیں۔

جیسوال مشق میں مصروف

ممبئی، 8 اکتوبر (یو این آئی) ہندوستان کے سلامی بلے باز یشسوی جیسوال اپنے کھیل میں ایک نئی صلاحیت شامل کرنے کے لیے 27-2026 رنجی ٹرافی سیزن سے قبل وکٹ کیپنگ کی مشق کر رہے ہیں۔ اتوار کو وانکھیڑے اسٹیڈیم میں چھتیس گڑھ کے خلاف ممبئی کے پہلے میچ سے قبل جیسوال کی دستانے پہن کر وکٹ کیپنگ کی مشق کرتے ہوئے تصاویر سامنے آئی ہیں۔ بتایا جاتا ہے کہ جیسوال نے ممبئی کے ایک پریکٹس میچ کے دوران تقریباً 10 اوورز تک وکٹ کیپنگ کی۔ تاہم، ابھی یہ واضح نہیں ہے کہ 24 سالہ جیسوال گھریلو کرکٹ یا مستقبل میں ہندوستان کے لیے باقاعدگی سے وکٹ کیپنگ کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں یا نہیں۔ ممبئی کے کپتان سدھیش لاڈ نے کہا کہ انہیں معلوم ہوا ہے کہ جیسوال ممبئی یا ہندوستانی ٹیم کے لیے وکٹ کیپنگ کرنا چاہتے ہیں۔ جیسوال نے بلے باز کی حیثیت سے اعلیٰ سطح پر اپنی شناخت بنائی ہے اور وہ ہندوستان کی ٹیسٹ ٹیم کے مستقل رکن ہیں۔ ان کی موجودگی، چاہے صرف ایک میچ کے لیے ہو، ممبئی کے لیے اہم ہوگی۔

رباڈا پہلے ٹیسٹ سے باہر

ڈربن، 8 اکتوبر (یو این آئی) کگیسو ربادا ہیمسٹرنگ کی چوٹ کے باعث آسٹریلیا کے خلاف جمعہ سے ڈربن میں شروع ہونے والے پہلے ٹیسٹ سے باہر ہوگئے ہیں۔ ربادا نے مئی کے آخر میں آئی پی ایل کے بعد سے کوئی میچ نہیں کھیلا ہے۔ انہوں نے گزشتہ سال اکتوبر میں پاکستان کے دورے کے بعد سے کوئی ٹیسٹ بھی نہیں کھیلا۔ ربادا نے سیریز سے قبل گیند بازی میں واپسی کی تھی اور انٹرا اسکواڈ ٹریننگ میچ میں بھی حصہ لیا تھا، لیکن جنوبی افریقہ نے آٹھ ٹیسٹ پر مشتمل گھریلو سیزن سے قبل انہیں مکمل میچ فٹنس حاصل کرنے کے لیے مزید وقت دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ کپتان تیمبا باووما نے کہا کہ طبی ٹیم کی جانب سے ربادا کو ابھی کھیلنے کی اجازت نہیں ملی ہے اور وہ اس کی نگرانی میں ہیں۔ ربادا کی غیر موجودگی میں جنوبی افریقہ نے اینرک نورکیا کو ٹیم میں شامل کیا ہے، جو مارچ 2023 کے بعد پہلی بار ٹیسٹ کھیلیں گے۔

براوو نے گیند بازوں کو حکمت عملی بدلنے کا مشورہ دیا

شارجہ، ۸ اکتوبر (یو این آئی) ویسٹ انڈیز کے عظیم بلے باز کرس گیل نے نئی نسل کے بلے بازوں کے نڈر انداز کی تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کہ نوجوان کھلاڑی پہلی ہی گیند سے جارحانہ انداز اختیار کر رہے ہیں، جبکہ سابق آل راؤنڈر ڈوین براوو کا کہنا ہے کہ کھیل میں تیزی سے آرہی تبدیلیوں اور جارحانہ بلے بازی کا مقابلہ کرنے کے لیے گیند بازوں کو مسلسل خود کو بہتر بنانے کے ساتھ نئی حکمت عملی بھی اپنانا ہوگی۔ ویسٹ انڈیز کے یہ دونوں عظیم کھلاڑی اب سیٹھی کی ملکیت والی ویسٹ انڈیز چیمپئنز ٹیم کا حصہ ہیں، جو ورلڈ چیمپئن شپ آف لیجنڈز (ڈبلیو سی ایل) میں کھیل رہی ہے۔ دونوں نے شارجہ کرکٹ اسٹیڈیم میں ٹورنامنٹ سے الگ ایک گفتگو کے دوران کرکٹ کے بدلتے انداز پر اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ ان کے تبصرے ایسے وقت میں آئے ہیں جب جدید کرکٹ میں بڑے اسکور اور جارحانہ بلے بازی کھیل کی پہچان بنتی جارہی ہے۔ گیل نے کرکٹ کھیل ڈاٹ کام سے خصوصی گفتگو میں کہا، 'دیکھئے خوشی ہے کہ اب ریکارڈ بلے باز توڑ رہے ہیں، گیند باز نہیں۔ اس کی وجہ واضح ہے، نوجوان کھلاڑی اب نڈر کرکٹ کھیل رہے ہیں۔ وہ پہلی ہی گیند سے حملہ کرتے ہیں اور بغیر کسی خوف یا دباؤ کے کھیل رہے ہیں۔' دولی ۲۰ کرکٹ کے دور میں جارحانہ بلے بازی اور طویل چھکوں کی ثقافت کو مقبول بنانے والے سابق ویسٹ انڈین اوپنر نے کہا کہ یہ تبدیلی صرف تکنیک میں نہیں بلکہ بلے بازوں کی سوچ میں بھی آئی ہے۔ ان کے مطابق کھلاڑی اب رنز بنانے کے لیے زیادہ پرجوش ہیں اور پہلی ہی گیند سے بے خوف ہوکر کھیلتے ہیں، جو کھیل کے لیے اچھی بات ہے۔ براوو نے موجودہ دور کی جارحانہ بلے بازی کو گیند بازوں کے نقطۂ نظر سے دیکھتے ہوئے مانا کہ دنیا بھر میں جس طرح بلے بازی ہو رہی ہے، اسے دیکھ کر انہیں خوشی ہے کہ ان کا کھیلنے کا وقت ختم ہو چکا ہے۔ تاہم، انہوں نے واضح کیا کہ گیند باز اب روایتی طریقوں کے سہارے آگے نہیں بڑھ سکتے اور انہیں اپنے ہنر میں مسلسل بہتری لانے کے ساتھ نئی چیزیں آزمانا ہوں گی۔ براوو نے کہا، 'بلے بازوں کی صلاحیت میں کافی بہتری آئی ہے۔ اب گیند بازوں کو بھی بہتر ہونے اور نئی چیزیں آزمانے کی ضرورت ہے۔ عالمی کرکٹ میں ہو رہی تبدیلیوں کے ساتھ قدم ملانے کے لیے انہیں اپنے ہنر میں کافی بہتری لانی ہوگی۔' وہ سابق آل راؤنڈر کا خیال ہے کہ موجودہ رجحان کے باعث ون ڈے کرکٹ میں اسکورنگ کی سطح ایسی بلندی تک پہنچ سکتی ہے جس کا کبھی تصور بھی نہیں کیا گیا تھا۔

نبی منصوبہ بندی کا حصہ ہیں: پائبس

کولمبو، 8 اکتوبر (یو این آئی) افغانستان کے ہیڈ کوچ رچرڈ پائبس کا ماننا ہے کہ محمد نبی میں اب بھی کھیل کے مختصر فارمیٹ میں اپنے ملک کے لیے کارآمد ثابت ہونے کی صلاحیت موجود ہے۔ زمبابوے کے خلاف ہونے والی ٹی-20 سیریز کے لیے نبی کو ٹیم سے باہر کردیا گیا تھا جس کے بعد کئی لوگوں کا خیال تھا کہ شاید اس تجربہ کار کھلاڑی کا بین الاقوامی کیریئر ختم ہوگیا ہے، لیکن پائبس کی رائے اس سے مختلف ہے۔ پائبس نے بدھ کو کرک بز سے کہا، 'میرا خیال ہے کہ جن فارمیٹس میں نبی دستیاب ہیں، ان میں وہ اپنا کردار ادا کرسکتے ہیں۔' انہوں نے کہا، 'وہ ایک شاندار کرکٹر ہیں اور خود کو بہت اچھی فٹنس میں رکھتے ہیں۔ وہ بہت نظم و ضبط کے پابند ہیں اور ظاہر ہے کہ افغانستان کے لیے ان کا ریکارڈ بھی بہت اچھا رہا ہے۔ ماضی میں ان کی کارکردگی کے علاوہ ایک پیشہ ور کھلاڑی کے طور پر ان کے رویے کی بھی بہت قدر کی جاتی ہے۔ وہ ہر کام بہت باریک بینی اور پوری توجہ کے ساتھ کرتے ہیں۔' پائبس نے کہا، 'اگرچہ وہ ایک تجربہ کار کرکٹر ہیں، لیکن جسمانی فٹنس کے معاملے میں وہ بہت اچھی حالت میں ہیں اور یہ دیکھنا واقعی بہت اچھا لگا۔ جب ہم نئی پی ایس کے ذریعے کھلاڑیوں کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہیں تو ہمیں اعداد و شمار ملتے ہیں اور نبی نے بہت اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔'

پی ایس ایل اور آئی پی ایل کا ٹکراو

لاہور، 8 اکتوبر (یو این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کا 12واں ایڈیشن 18 مارچ سے 2 مئی 2027 کے درمیان کھیلا جائے گا۔ یہ تیسری مرتبہ ہوگا جب انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) اور پی ایس ایل کے مقابلے ایک ہی عرصے میں منعقد ہوں گے۔ 2016 میں آغاز سے لے کر 2024 کے ایڈیشن تک پی ایس ایل فروری اور مارچ میں کھیلا جاتا تھا لیکن آئی سی سی ٹورنامنٹس، گزشتہ سال پاکستان میں ہونے والی چیمپئنز ٹرافی اور اس سال ہندوستان و سری لنکا میں منعقد ٹی-20 ورلڈ کپ کی وجہ سے 2025 سے اسے اپریل-مئی کی مدت میں منتقل کرنا پڑا۔ گزشتہ ماہ گورننگ کونسل کی میٹنگ میں پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) اور فرنچائزز نے جنوری اور فروری میں پی ایس ایل 12 منعقد کرنے کے امکان پر تبادلۂ خیال کیا تھا۔ یہ بحث اس وقت ہوئی جب 'والی ٹیکنالوجیز'، جس کے پاس 2029 تک میڈیا حقوق ہیں۔

آیوش مہاترے کی نظریں ریکارڈ رنجی ٹرافی خطاب پر

ممبئی، ۸ اکتوبر (یو این آئی) کپتان سدھیش لاڈ اور نائب کپتان آیوش مہاترے کی نظریں ریکارڈ ۴۳ویں رنجی ٹرافی خطاب پر ہیں۔ نوجوان اور پرجوش ممبئی کی ٹیم اتوار کو وانکھیڑے اسٹیڈیم میں چھتیس گڑھ کے خلاف اپنی مہم کا آغاز کرے گی۔ ممبئی کرکٹ ایسوسی ایشن کی جانب سے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں منعقد پری سیزن پریس کانفرنس میں لاڈ اور مہاترے نے آئندہ ریڈ بال سیزن کے لیے ٹیم کی تیاریوں، حکمت عملی اور اہداف کے بارے میں بات کی۔ کپتان لاڈ نے ممبئی کی شاندار روایت کو آگے بڑھانے کی ذمہ داری کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ ہندوستانی ڈومیسٹک کرکٹ کی کامیاب ترین ٹیموں میں سے ایک کی نمائندگی کرنے کے ساتھ دباؤ بھی آتا ہے، جسے ٹیم ایک یونٹ کے طور پر قبول کرنا چاہتی ہے۔ لاڈ نے کہا، 'ممبئی کی شاندار تاریخ، ہمارے ۴۲ رنجی ٹرافی خطاب اور ٹیم کی نمائندگی کرنے والے کھلاڑیوں کی میراث کو دیکھتے ہوئے، جب آپ ممبئی کی جرسی پہنتے ہیں تو دباؤ ہمیشہ رہے گا۔ لیکن ایک یونٹ کے طور پر ہم اس دباؤ کو قبول کرنا چاہتے ہیں، اس سے بھاگنا نہیں۔ ہم تاریخ اور ثقافت کو سمجھتے ہیں۔' نائب کپتان مہاترے نے قیادت کی ذمہ داری اور سینئر کھلاڑیوں کے ساتھ کام کرنے کے تجربے کے بارے میں کہا، 'ممبئی کا نائب کپتان منتخب ہونا میرے لیے بڑی ذمہ داری اور فخر کا لمحہ ہے، خاص طور پر ٹیم کے قد اور رنجی ٹرافی کی ممبئی کرکٹ میں اہمیت کو دیکھتے ہوئے۔'

روئنگ کے لیے نئی شروعات: ستنام سنگھ

نئی دہلی، ۸ اکتوبر (یو این آئی) ایشین گیمز ۲۰۲۶ میں مردوں کے ڈبل اسکلز مقابلے میں تاریخی کانسہ کا تمغہ جیتنے والے ستنام سنگھ کا ماننا ہے کہ اس کامیابی نے نہ صرف طویل انتظار ختم کیا ہے بلکہ ہندوستان میں روئنگ کے لیے نئی امکانات کے دروازے بھی کھول دیے ہیں۔ ستنام نے جمعرات کو سائی میڈیا سے کہا، 'جو راستے بند تھے، وہ اب کھل گئے ہیں۔ اب ہم امید کرسکتے ہیں کہ مستقبل میں اس مقابلے میں مزید تمغے جیتیں گے اور اس سے بھی بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔' ۱۹۵۱ میں ایشین گیمز کے آغاز کے بعد سے ہندوستان نے روئنگ کے مردوں کے ڈبل اسکلز مقابلے میں کبھی کوئی تمغہ نہیں جیتا تھا۔ پنجاب کے ستنام نے سلمان خان کے ساتھ مل کر ہندوستان کے لیے کانسی کا تمغہ جیتا اور ناگویا انٹرنیشنل ریگاٹا کورس پر ۰۶:۱۳.۲۵ کا وقت درج کیا۔ یہ ایشین گیمز میں ان کا دوسرا تمغہ ہے۔ اس سے قبل ستنام نے ہانگژو ایشین گیمز میں کواڈروپل اسکلز مقابلے میں کانسی کا تمغہ جیتا تھا۔

گپٹل اور ایڈمز وائٹ فرنز کے کوچنگ گروپ میں شامل

ویلنگٹن، 8 اکتوبر (یو این آئی) نیوزی لینڈ نے اس ماہ آسٹریلیا کے وائٹ بال دورے کے لیے اپنی خواتین ٹیم کے کوچنگ اسٹاف میں سابق عظیم کھلاڑی مارٹن گپٹل اور آندرے ایڈمز کو شامل کیا ہے۔ یہ دونوں عبوری کوچ ڈین براؤنلی کے ساتھ نئے کوچنگ گروپ کا حصہ ہوں گے، جو 18 اکتوبر سے سڈنی میں شروع ہونے والی تین میچوں کی ٹی-20 سیریز میں ٹیم کے ساتھ کام کرے گا۔ طویل عرصے تک کوچ رہنے والے بین ساویر کے حال ہی میں عہدہ چھوڑنے کے بعد یہ تینوں ٹیم کی ذمہ داریاں سنبھالیں گے۔ ساویر نے 2024 میں دبئی میں نیوزی لینڈ کو اس کا پہلا آئی سی سی خواتین ٹی-20 ورلڈ کپ خطاب دلایا تھا، تاہم آسٹریلیا میں پیدا ہونے والے کوچ نے گزشتہ ماہ نیوزی لینڈ کرکٹ کے خواتین کے ہائی پرفارمنس ڈھانچے کے جائزے کے بعد عہدہ چھوڑ دیا۔ براؤنلی کو آسٹریلیا دورے کے لیے عبوری کوچ مقرر کیا گیا ہے۔ گپٹل اور ایڈمز پوری سیریز کے دوران ان کے ساتھ رہیں گے، جبکہ مستقل اسسٹنٹ کوچ کریگ میک ملن کمر کی سرجری سے صحت یاب ہو رہے ہیں۔ گپٹل نے بلیک کیپس کے لیے 367 میچ کھیلے ہیں۔ وہ آسٹریلیا دورے کے دوران بلے بازی اور فیلڈنگ گروپ کی ذمہ داریوں میں میک ملن کی جگہ مدد کریں گے۔ سابق جارحانہ اوپنر نے کہا، "میں وائٹ فرنز کے ساتھ جڑنے پر بہت پرجوش ہوں اور باصلاحیت کھلاڑیوں کے اس گروپ کے ساتھ کام کرنے کا منتظر ہوں۔ وائٹ فرنز نے حالیہ برسوں میں بہت کچھ حاصل کیا ہے اور کئی باصلاحیت کھلاڑی سامنے آرہی ہیں۔ اگر میں کھلاڑیوں کے کھیل میں کچھ نئی تکنیکیں شامل کرنے اور ان کی ترقی میں مدد کرسکا تو مجھے اس پر بہت فخر ہوگا۔" ایڈمز 2017 اور 2023 میں وائٹ فرنز کے ساتھ کوچنگ کا تجربہ رکھتے ہیں اور وہ بھی بین الاقوامی سیٹ اپ میں واپسی کے منتظر ہیں۔ انہوں نے کہا، "وائٹ فرنز کے ساتھ دوبارہ جڑنا بہت اچھا لگ رہا ہے۔ ٹیم کے ساتھ پہلے کام کرنے کی وجہ سے میں جانتا ہوں کہ یہاں کا ماحول کتنا خاص ہے اور کھلاڑی و اسٹاف نیوزی لینڈ کی نمائندگی کرنے پر کتنا فخر محسوس کرتے ہیں۔ ایسے مواقع پرجوش ہوتے ہیں کیونکہ آپ کو دنیا کی بہترین ٹیموں میں سے ایک کے خلاف خود کو پرکھنے کا موقع ملتا ہے۔ ہم سب مل کر اس چیلنج کا سامنا کرنے کے لیے پرجوش ہیں۔" وائٹ فرنز نے آسٹریلیا دورے کے لیے 15 رکنی ٹیم کا اعلان کردیا ہے، جس میں اسٹار اسپنر ایڈن کارسن بھی شامل ہیں، جو چوٹ کے بعد طویل عرصے کے بعد واپسی کررہی ہیں۔ نیوزی لینڈ خواتین کی ٹیم: امیلیا کیر (کپتان) شامل ہے۔

ہندوستان کے مستقبل کے چیمپئن چھوٹے شہروں سے نکل سکتے ہیں: پرکاش پڈوکون



بنگلورو، 8 اکتوبر (یو این آئی) سابق ہندوستانی بیڈمنٹن چیمپئن پرکاش پڈوکون کا کہنا ہے کہ اگر نوجوان کھلاڑیوں کو معیاری بنیادی ڈھانچہ، ساز و سامان اور کوچنگ کی سہولت ملے تو ہندوستان کے مستقبل کے کھیلوں کے چیمپئن ٹائر-2 اور ٹائر-3 شہروں سے بڑی تعداد میں سامنے آسکتے ہیں۔ پڈوکون نے کہا کہ پہلے ٹائر-2 اور ٹائر-3 شہروں میں صلاحیت کی کمی نہیں تھی، لیکن وہاں بنیادی ڈھانچے، کوچنگ اور ساز و سامان کی سہولتیں موجود نہیں تھیں۔ انہوں نے کہا کہ کسی بھی کھیل کے لیے یہ تینوں چیزیں بنیادی ضرورت ہیں اور صورتحال اب بتدریج تبدیل ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل میں زیادہ تر چیمپئن چھوٹے شہروں اور اضلاع سے سامنے آئیں گے، جہاں سے وہ اپنا ابتدائی کیریئر شروع کرکے بہتر سہولتوں کے لیے بڑے شہروں کا رخ کریں گے۔ پڈوکون نے کہا کہ صرف ایلیٹ کھلاڑیوں اور بین الاقوامی تمغوں پر توجہ دینے کے بجائے کھیل کی بنیاد مضبوط کرنے اور زیادہ سے زیادہ بچوں کو بیڈمنٹن سے جوڑنے کی ضرورت ہے۔ پڈوکون نے کوچنگ کے معیار کو بہتر بنانے پر بھی زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ حالیہ ایک ٹورنامنٹ میں انڈر-15 اور انڈر-17 زمرے میں تقریباً 4,000 اندراجات ہوئے۔

انٹر کالج والی بال اور فٹ بال ٹورنامنٹ اختتام پذیر

سری نگر، ۸ اکتوبر۔ سری نگر ٹائمز نیوز ڈیسک: کشمیر یونیورسٹی (کے یو) کے سالانہ اسپورٹس کیلنڈر ۲۰۲۶ کے تحت خواتین کے والی بال اور مردوں کے فٹ بال کے انٹر کالج ٹورنامنٹس اختتام پذیر ہو گئے۔ مقابلوں میں کشمیر ڈویژن کے مختلف کالجوں کی ٹیموں نے جوش و خروش کے ساتھ شرکت کی اور اپنی کھیلوں کی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا۔ خواتین کے انٹر کالج والی بال ٹورنامنٹ میں مجموعی طور پر ۲۳ ٹیموں نے حصہ لیا۔ نوجوان خواتین کھلاڑیوں کی جانب سے مقابلوں کو بھرپور پذیرائی ملی، جہاں کھلاڑیوں نے پورے ٹورنامنٹ کے دوران اپنی مہارت، عزم اور کھیلوں کے جذبے کا شاندار مظاہرہ کیا۔ فائنل مقابلہ گورنمنٹ ڈگری کالج شوپیاں اور گورنمنٹ کالج آف فزیکل ایجوکیشن (جی سی او پی ای)، گاندربل کے درمیان کھیلا گیا۔ جی ڈی سی شوپیاں نے شاندار آغاز کرتے ہوئے پہلے دو سیٹس میں کامیابی حاصل کی اور ۲-۰ کی برتری بنالی۔ تاہم، جی سی او پی ای گاندربل نے شاندار واپسی کرتے ہوئے مسلسل تین سیٹس جیت لیے اور ایک سنسنی خیز مقابلے میں جی ڈی سی شوپیاں کو ۳-۲ سے شکست دے کر چیمپئن شپ ٹرافی اپنے نام کرلی۔ دریں اثنا، مردوں کے انٹر کالج فٹ بال ٹورنامنٹ میں بھی ۲۳ ٹیموں نے شرکت کی۔ گورنمنٹ ڈگری کالج سوپور نے فائنل میں گورنمنٹ ڈگری کالج سمبل کو شکست دے کر ٹائٹل اپنے نام کیا۔ فائنل میچ کشمیر یونیورسٹی میں کھیلا گیا۔ مقابلے کے ابتدائی لمحات میں زبردست مقابلہ دیکھنے کو ملا، جی ڈی سی سوپور کو برتری دلائی۔ جی ڈی سی سمبل نے برابری کے لیے بھرپور کوشش کی اور گول کرنے کے کئی مواقع بھی پیدا کیے، تاہم انہیں کامیابی حاصل نہ ہو سکی۔ میچ کے آخری لمحات میں فرمان نے جی ڈی سی سوپور کی برتری کو دوگنا کرتے ہوئے اسکور ۲-۰ کردیا اور اپنی ٹیم کی فتح یقینی بنادی۔ گراؤنڈ "بی" میں منعقدہ انعامات تقسیم کرنے کی تقریب کی صدارت کشمیر یونیورسٹی کے کنٹرولر امتحانات پروفیسر مجید زمان بابا نے کی۔ اس موقع پر پروفیسر مجید نے فاتح اور شریک تمام ٹیموں کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کھلاڑیوں کے جوش و جذبے اور کھیلوں کے جذبے کو سراہا۔ پروفیسر مجید نے بتایا کہ یونیورسٹی قومی تعلیمی پالیسی ۲۰۲۰ کے مطابق کھیلوں میں شرکت کے لیے تعلیمی کریڈٹس متعارف کرانے کے عمل میں ہے۔ اس اقدام کا مقصد کھیلوں اور جسمانی سرگرمیوں میں طلبہ کی شرکت کو مناسب تعلیمی اعتراف فراہم کرنا ہے۔

کوچنگ اسٹاف سے ہوپس اور ہیڈن کی رخصتی

نئی دہلی، 8 اکتوبر (یو این آئی) جیمز ہوپس اور بریڈ ہیڈن نے آئی پی ایل کی ٹیم پنجاب کنگز کے کوچنگ اسٹاف سے علیحدگی اختیار کرلی ہے۔ ہوپس فاسٹ بولنگ کوچ، جبکہ ہیڈن فیلڈنگ کوچ کی ذمہ داری سنبھال رہے تھے۔ دونوں کی علیحدگی متوقع تھی۔ ہوپس کو کوئنز لینڈ اور برسبین ہیٹ کا ہیڈ کوچ مقرر کیا گیا ہے، جبکہ ہیڈن نیو ساؤتھ ویلز کے ہیڈ کوچ کی ذمہ داری سنبھال لی ہے۔ ہوپس دو سیزن تک پنجاب کنگز کے ساتھ رہے اور اس سے قبل اپنے سابق آسٹریلوی ساتھی رکی پونٹنگ کے ساتھ دہلی کیپٹلز کے کوچنگ اسٹاف میں بھی کام کرچکے ہیں۔ ہیڈن 2022 سے پنجاب کنگز کے کوچنگ اسٹاف کا حصہ تھے۔ دونوں اس وقت شیفیلڈ شیلڈ میں اپنی اپنی ٹیموں کی ذمہ داریاں بھی سنبھال رہے ہیں۔ ہوپس کی کوئنز لینڈ کا مقابلہ پرتھ میں ویسٹرن آسٹریلیا سے ہو رہا ہے، جبکہ ہیڈن کی نیو ساؤتھ ویلز کا مقابلہ سڈنی میں تسمانیہ سے ہے۔ ان دونوں کی روانگی سے پنجاب کنگز کے ہیڈ کوچ رکی پونٹنگ کے سپورٹ اسٹاف میں اہم خلا پیدا ہو گیا ہے۔

سری کانت اور ایچ ایس پرنائے پہلے ہی دور میں باہر

وانتا، ۸ اکتوبر (یو این آئی) ہندوستان کے اسٹار بیڈمنٹن کھلاڑی کدامبی سری کانت اور ایچ ایس پرنائے اپنے اپنے مردوں کے سنگلز مقابلوں میں شکست کے بعد آرکٹک اوپن ۲۰۲۶ بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے پہلے ہی دور میں باہر ہو گئے، جبکہ مردوں کے ڈبلز میں غیر سیڈ یافتہ کرشنا پرساد گراگا اور پرتھوی کرشن مورتی رائے نے چین کی جوڑی کو حیران کن شکست دے کر اگلے دور میں جگہ بنالی۔ بدھ کو کھیلے گئے مقابلے میں عالمی رینکنگ میں ۳۰ویں نمبر کے کینیڈین کھلاڑی برائن یانگ کے خلاف پہلا گیم جیتا، لیکن بعد میں ۱۵-۲۱، ۲۱-۱۵، ۱۳-۲۱ سے شکست کھا گئے۔ سابق عالمی نمبر ایک سری کانت کی اس سال بی ڈبلیو ایف ورلڈ ٹور میں بہترین کارکردگی جون میں یو ایس اوپن سپر ۳۰۰ میں رنر اپ رہنا ہے۔ وہ اس سال بی ڈبلیو ایف ورلڈ ٹور کے مقابلوں میں آٹھ مرتبہ پہلے ہی دور میں باہر ہو چکے ہیں۔ دوسری جانب عالمی نمبر ۳۸ ایچ ایس پرنائے کو ڈنمارک کے چوتھی سیڈ اینڈرس اینٹونسن نے شکست دی۔ ۳۳ سالہ ہندوستانی کھلاڑی، جو گزشتہ ماہ ہانگ کانگ اوپن سپر ۵۰۰ کے سیمی فائنل میں پہنچے تھے، ڈنمارک کے کھلاڑی کو خاص چیلنج نہیں دے سکے اور ۲۱-۱۰، ۲۱-۱۳ سے ہار کر باہر ہو گئے۔ تاہم ہندوستان کو مردوں کے ڈبلز میں شاندار کامیابی ملی، جب غیر سیڈ یافتہ کرشنا پرساد گراگا اور پرتھوی کرشن مورتی رائے نے چین کے پانچویں سیڈ ہی ژی ٹنگ اور رین ژیانگ یو کو حیران کن شکست دی۔ ہندوستانی جوڑی نے پہلا گیم ہارنے کے بعد شاندار واپسی کی اور ۶۱ منٹ میں ۱۰-۲۱، ۲۱-۱۸، ۲۰-۲۲ سے کامیابی حاصل کرکے راؤنڈ آف ۱۶ میں جگہ بنالی۔ اگلے دور میں کرشنا پرساد اور پرتھوی کا مقابلہ انگلینڈ کے اولیور بٹلر اور سیموئل جونز سے ہوگا۔ دریں اثنا، تھارون ٹے بلی نے مردوں کے سنگلز میں ہندوستان کی موجودگی کو برقرار رکھا۔ منگل کو کوالیفائر کے دوسرے میچ میں ڈرا میں پہنچنے والے ہندوستانی شٹلر نے ڈنمارک کے میگنس جوہانسن کو ۲۱-۱۶، ۲۱-۱۳ سے شکست دے کر دوسرے دور میں جگہ بنالی۔

سلیکشن ٹرائلز 17 اکتوبر کو کرائے گی

جموں، 8 اکتوبر۔ سری نگر ٹائمز نیوز ڈیسک: سائیکلنگ ایسوسی ایشن آف جموں و کشمیر (سی اے جے کے) کی جانب سے قومی سطح پر جموں و کشمیر کی نمائندگی کے خواہشمند سائیکلسٹس کے انتخاب کے لیے سلیکشن ٹرائلز 17 اکتوبر 2026 کو ایم اے اسٹیڈیم جموں میں منعقد کیے جائیں گے۔ ٹرائلز میں منتخب ہونے والے سائیکلسٹس قومی ٹریک سائیکلنگ چیمپئن شپ 2026 میں جموں و کشمیر کی نمائندگی کریں گے، جو 30 اکتوبر سے 4 نومبر 2026 تک رانچی، جھارکھنڈ میں منعقد ہونے والی ہے۔ قومی چیمپئن شپ میں شرکت کے اہل اور خواہشمند سینئر، جونیئر اور سب جونیئر زمرے کے سائیکلسٹس کو سلیکشن ٹرائلز میں شرکت کی دعوت دی گئی ہے۔ ایسوسی ایشن نے تمام اہل سائیکلسٹس سے کہا ہے کہ وہ مقررہ تاریخ کو ایم اے اسٹیڈیم جموں میں وقت پر پہنچیں اور اپنی سائیکلنگ مہارت، فٹنس، مسابقتی صلاحیت اور تکنیک میں استعداد کا مظاہرہ کرنے کے لیے مکمل تیاری کے ساتھ شرکت کریں۔ سائیکلنگ ایسوسی ایشن آف جموں و کشمیر نے تمام اہل اور ابھرتے ہوئے سائیکلسٹس پر زور دیا ہے کہ وہ انتخابی عمل میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور قومی چیمپئن شپ کے لیے جموں و کشمیر کے دستے میں جگہ بنانے کے اس موقع سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔ سلیکشن ٹرائلز کی تفصیلات: تاریخ: 17 اکتوبر 2026 "مقام": ایم اے اسٹیڈیم، جموں "زمرے": سینئر، جونیئر اور سب جونیئر "چیمپئن شپ": قومی ٹریک سائیکلنگ چیمپئن شپ 2026 "قومی چیمپئن شپ کا مقام": رانچی، جھارکھنڈ "تاریخ": 30 اکتوبر تا 4 نومبر 2026 سلیکشن ٹرائلز کے حوالے سے مزید معلومات کے لیے سائیکلنگ ایسوسی ایشن آف جموں و کشمیر کے جنرل سیکریٹری اوم پرکاش شرما سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔

ویسٹ انڈیز کی کوشش سیریز برابر کرنے پر

رانچی، 8 اکتوبر (یو این آئی) شاندار فارم میں چل رہے ہندوستانی کپتان شریئس ائیر ایک بار پھر جارحانہ انداز میں کھیلتے ہوئے ٹیم کی برتری مضبوط کرنے کے ارادے سے میدان میں اتریں گے، جبکہ رانچی پہنچنے والی ویسٹ انڈیز کی ٹیم سیریز برابر کرنے کی کوشش کرے گی۔ لکھنؤ میں کھیلے گئے پہلے ٹی20- میں ائیر نے 43 گیندوں پر ناٹ آؤٹ 102 رنز کی شاندار اننگز کھیلی تھی، جس کی بدولت ویسٹ انڈیز کا بڑی محنت سے بنایا گیا 171 رنز کا اسکور ہندوستان کے لیے معمولی ہدف بن گیا۔ ہندوستان نے 32 گیندیں باقی رہتے ہوئے آٹھ وکٹ سے کامیابی حاصل کی۔ جمعہ کو جے ایس سی اے انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں ہونے والے دوسرے ٹی20- کا حساب بالکل سیدھا ہے۔ ہندوستان 0-2 کی برتری حاصل کرنا چاہے گا، جبکہ ویسٹ انڈیز نہیں چاہے گا کہ پانچ میچوں کی سیریز اس کے لیے تین میچوں کے 'بچاؤ کی مہم' میں تبدیل ہو جائے۔ لکھنؤ میں ائیر پوری طرح چھائے رہے۔ جب وہ کریز پر آئے تو ہندوستان کا اسکور 35 رنز پر دو وکٹ تھا۔ انہوں نے ویسٹ انڈیز کے گیند بازی حملے کا بھرپور مقابلہ کیا اور 42 گیندوں میں سنچری مکمل کی، جس میں 10 چوکے اور چھ چھکے شامل تھے۔ دوسرے سرے پر ایشان کشن نے ناٹ آؤٹ 37 رنز بنائے اور ہندوستان نے 14.4 اوور میں ہدف حاصل کرلیا۔ ویسٹ انڈیز کے لیے کچھ مثبت پہلو بھی رہے۔ شائی ہوپ اور شیرفین رورفورڈ نے بالترتیب 52 اور 56 رنز بنا کر خراب شروعات کے بعد اننگز کو سنبھالا، لیکن مسئلہ یہ تھا کہ انہیں اننگز سنبھالنے کی نوبت ہی کیوں آئی۔ پاور پلے میں ویسٹ انڈیز کا اسکور 44 رنز پر تین وکٹ تھا اور ہندوستان کے خلاف ایسی صورتحال سے آسانی سے واپسی کی امید نہیں کی جا سکتی۔ ہندوستانی گیند بازوں نے بھی عمدہ کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔

دھننجے ڈی سلوا نے سری لنکا کی ٹیسٹ ٹیم کی کپتانی چھوڑ دی

کولمبو، ۸ اکتوبر (یو این آئی) دھننجے ڈی سلوا نے جمعرات کو فوری طور پر سری لنکا کی ٹیسٹ ٹیم کی کپتانی چھوڑنے کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ وہ قیادت 'اگلی جنریشن' کو سونپنا چاہتے ہیں۔ تاہم، وہ ٹیم میں انتخاب کے لیے دستیاب رہیں گے۔ سری لنکا کی اگلی ٹیسٹ سیریز پاکستان کے خلاف دو میچوں کی ہے، جو جمعہ کو راولپنڈی میں شروع ہوگی۔ سلیکٹرز نے ابھی ان کی جگہ کسی دوسرے کھلاڑی کے نام کا فیصلہ نہیں کیا ہے۔ موجودہ ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ مرحلے میں سری لنکا کے ٹاپ دو میں جگہ بنانے کے امکانات تقریباً ختم ہو چکے ہیں، اس لیے ڈی سلوا نے قیادت چھوڑنے کو مناسب سمجھا ہوگا، تاکہ نئے کپتان کو اگلے مرحلے کے آغاز سے قبل ٹیم کو سمجھنے اور اپنی جگہ بنانے کا موقع مل سکے۔ سری لنکا کرکٹ (ایس ایل سی) کے چیف ایگزیکٹیو ایشلے ڈی سلوا نے ایک بیان میں کہا، 'سری لنکا کرکٹ دھننجے کے جی کیریئر کے لیے انہیں نیک خواہشات پیش کرتا ہے اور ٹیسٹ ٹیم کی قیادت کرنے پر ان کا شکریہ ادا کرتا ہے۔' بیان میں کہا گیا کہ ایس ایل سی بحیثیت کھلاڑی ٹیم میں ان کی مسلسل دستیابی کا خیر مقدم کرے گا۔ یہ استعفیٰ ٹیسٹ ٹیم کے ایک اوسط دور کے دوران سامنے آیا ہے، جو نہ بہت خراب تھا اور نہ ہی بہت اچھا۔ ٹیم نے رواں سال دونوں سیریز ۱-۰ سے گنوائیں، پہلے ویسٹ انڈیز کے خلاف اور پھر اپنی سرزمین پر ہندوستان کے خلاف۔ مجموعی طور پر ڈی سلوا کی کپتانی میں سری لنکا نے سات ٹیسٹ جیتے، آٹھ ہارے اور تین ڈرا کیے۔ کپتان کی حیثیت سے ڈی سلوا کا بہترین سال ۲۰۲۴ رہا، جب سری لنکا نے بنگلہ دیش میں سیریز ۲-۰ سے جیتی، پھر انگلینڈ میں کامیابی حاصل کی، اگرچہ وہ سیریز ۲-۱ سے ہار گئے، اور اس کے بعد اپنی سرزمین پر نیوزی لینڈ کو ۲-۰ سے شکست دی۔ تاہم، ۲۰۲۴ کے آخر اور ۲۰۲۵ کے آغاز کے درمیان جنوبی افریقہ کے خلاف بیرون ملک اور آسٹریلیا کے خلاف گھریلو میدان پر مسلسل چار شکستوں کا سلسلہ بھی آیا۔ ان کے دور میں سری لنکا کی ٹیسٹ کرکٹ کی سب سے نمایاں بات کم میچوں کا انعقاد رہا۔ جون ۲۰۲۵ میں بنگلہ دیش کے خلاف گھریلو سیریز ۱-۰ سے جیتنے کے بعد ٹیم کے شیڈول میں پورے ۱۲ ماہ تک کوئی ٹیسٹ میچ نہیں تھا۔ سری لنکا موجودہ ڈبلیو ٹی سی مرحلے میں صرف ۱۲ ٹیسٹ میچ کھیل رہا ہے، جو اس مرحلے میں کسی ٹیم کے لیے سب سے کم تعداد ہے۔ ڈی سلوا نے کم میچوں پر مشتمل شیڈول سے پیدا ہونے والے بڑے چیلنجز، خاص طور پر ٹیسٹ اسپیشلسٹ کھلاڑیوں کے لیے، کے بارے میں بارہا بات کی ہے۔

ابھیشیک پورل کو بنگال کی رنجی ٹیم میں جگہ ملی

کولکاتا، ۸ اکتوبر (یو این آئی) وکٹ کیپر بلے باز ابھیشیک پورل کو دہلی کے خلاف ہونے والے پہلے رنجی ٹرافی میچ کے لیے بنگال کی ٹیم میں شامل کیا گیا ہے۔ وکٹ کیپر بلے باز پورل نے انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) ۲۰۲۶ کے بعد سے کوئی چیلنجنگ کرکٹ نہیں کھیلی ہے۔ اگست میں پولیس نے انہیں کولکاتا میں جنسی جرائم سے متعلق ایک معاملے میں گرفتار کیا تھا۔ گزشتہ ماہ گوہاٹی میں ہونے والے پریکٹس میچوں کے لیے انہیں ٹیم میں شامل کیے جانے پر کرکٹ ایسوسی ایشن آف بنگال (سی اے بی) کے ایک عہدیدار نے کہا تھا، 'ان کے ذاتی اور قانونی معاملات ان کا اپنا معاملہ ہیں۔ اگر صورتحال تبدیل ہوتی ہے تو ہم مناسب کارروائی کریں گے، لیکن فی الحال ہماری جانب سے کوئی مسئلہ نہیں ہے۔' دریں اثنا، ابھیمنیو ایشورن ٹیم کی کپتانی جاری رکھیں گے، جبکہ سدیپ کمار گھرامی نائب کپتان ہوں گے۔ ۱۷ رکنی ٹیم میں محمد شامی، مکیش کمار اور آکاش دیپ کی موجودگی سے تیز گیند بازی کا شعبہ کافی مضبوط ہے۔ شاہباز احمد کو دلیپ ٹرافی کے دوران چوٹ لگی تھی اور اب وہ ٹیم کا حصہ نہیں ہیں۔ گزشتہ سیزن میں بنگال اپنی گروپ میں سرفہرست رہا تھا اور سیمی فائنل تک پہنچا تھا، جہاں اسے جموں و کشمیر کے خلاف شکست کا سامنا کرنا پڑا تھا۔ پہلے رنجی ٹرافی میچ کے لیے بنگال کی ٹیم: ابھیمنیو ایشورن (کپتان)، سدیپ کمار گھرامی (نائب کپتان)، سدیپ چٹرجی، ابھیشیک پورل (وکٹ کیپر)، شاکر حبیب گاندھی (وکٹ کیپر)، انکور پال، سمنت گپتا، انکت متا، شبھم چٹرجی، محمد شامی، آکاش دیپ، مکیش کمار، سورج سندھو جیسوال، پردیپت پرمانک، عامر غنی، ایم ڈی کیف اور سومیہ دیپ منڈل۔

نیوزی لینڈ نے بی جے واٹلنگ کو مردوں کی ٹیم کا بلے بازی کوچ مقرر کیا

ویلنگٹن، ۸ اکتوبر (یو این آئی) نیوزی لینڈ نے سابق وکٹ کیپر بلے باز بی جے واٹلنگ کو مردوں کی کرکٹ ٹیم کا بلے بازی کوچ مقرر کیا ہے۔ وہ دسمبر کے اوائل میں ہندوستان کے خلاف ٹیسٹ سیریز کے بعد موجودہ بلے بازی کوچ لیوک رونکی کی جگہ ذمہ داری سنبھالیں گے۔ واٹلنگ اس وقت ناردرن ڈسٹرکٹس کی مردوں کی ٹیم کے ہیڈ کوچ ہیں۔ وہ ۱۶ نومبر کو نیوزی لینڈ کے سپورٹ اسٹاف میں شامل ہوں گے اور رونکی کے ساتھ کام کریں گے۔ نیوزی لینڈ کی ٹیم جب چار ٹیسٹ میچوں کی سیریز کے لیے آسٹریلیا کا دورہ کرے گی تو وہ باضابطہ طور پر بلے بازی کوچ کی ذمہ داری سنبھالیں گے۔ واٹلنگ نے نیوزی لینڈ، ناردرن ڈسٹرکٹس اور ڈرہم کے لیے ۱۲۸ فرسٹ کلاس میچ کھیلے ہیں۔ انہوں نے اپنے کیریئر میں ۱۰ ہزار سے زیادہ رنز بنائے، جن میں ۱۸ سنچریاں شامل ہیں، جبکہ وکٹ کے پیچھے ۳۵۰ کیچ بھی لیے۔ ۲۰۲۱ میں بین الاقوامی کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کے بعد انہوں نے ویلنگٹن فائر برڈز اور ناردرن ڈسٹرکٹس کی کوچنگ کی ہے۔ ان کی کوچنگ میں ناردرن ڈسٹرکٹس نے ۲۰۲۵-۲۶ میں سپر اسمیش اور ۲۰۲۴-۲۵ میں پلنکٹ شیلڈ جیتی۔ اپنی نئی ذمہ داری کے بارے میں واٹلنگ نے کہا کہ وہ بین الاقوامی ٹیم میں واپسی پر بہت پرجوش ہیں۔ انہوں نے کہا، 'میں بہت پرجوش ہوں۔ ٹیم میں واپسی اور موجودہ کھلاڑیوں کے گروپ کے ساتھ کام کرنا ایک خاص موقع ہے اور میں اسے معمولی نہیں سمجھ رہا۔ اس ٹیم اور سپورٹ اسٹاف نے حالیہ برسوں میں مل کر جو کچھ حاصل کیا ہے، وہ شاندار رہا ہے، اس لیے میں عالمی معیار کی ٹیم میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیے پرجوش ہوں۔'

Printed and Published by: SAHIL YOUSUF, On behalf of M/S Times Press, Chief Editor: BASHIR AHMAD BASHIR, Executive Editor, S.M. YOUSUF, Editor: SHADAB BASHIR, Managing Advertising: SEEMAAB BASHIR, Printed at: Times Press, Sheikh Bagh, Janglat Gali Lal Chowk Sgr Published from: 2nd Floor Shivnawas Building Opposite Budshah Bridge, Lal Chowk, Srinagar J&K-190001, R.N.I: 17647/69. Ph: 0194-2456781 E-mail: srinagartimes@gmail.com, Fax: 0194-2456781